Marfat.com

مکتوبات امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

مولانا پیر محمود احمد قادری

نہ مرا نوش ز تحسین نہ مرا نیش ز طعن
نہ مرا گوش بمدحی نہ مرا ہوش ذمی
منم و کنج خمولی کہ نہ گنجد دردی
جز من و چند کتابے و دوات و قلمی

مکتبہ نبویہ

لاہور

Marfat.com

اعلیحضرت احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بریلوی

کے ذاتی خطوط کا ایک مجموعہ

مکتوبات امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ

مرتبہ: مولانا الشاہ محمود احمد صاحب قادری کانپوری

مکتبہ نبویہ

گنج بخش روڈ، لاہور

Marfat.com

نام کتاب ——— مکتوبات امام احمد رضا بریلوی

موضوع ——— ذاتی خطوط

نام مرتب ——— مولانا پیر محمود احمد صاحب قادری۔ کانپور (بھارت)

زیر اہتمام ——— پیرزادہ اقبال احمد فاروقی۔ لاہور

سال طباعت ——— 2001

سائز کتاب ——— ۳۶ x ۲۳

۱۶

ناشر ——— مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ۔ لاہور۔ ۲

طابع ——— کمبائن پرنٹرز۔ لاہور

قیمت ——— 60 روپے

Marfat.com

عنوانات

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	صاحب مکتوبات	۴
۲	تقدیم	۱۷
۳	ٹائیٹل	۲۳
۴	بنام حضرت مولانا شاہ محمد میاں ماہرویؒ	۲۴
۵	بنام مولانا محمد جان رحمۃ اللہ علیہ	۲۶
۶	بنام مولانا شاہ عبدالسلام جبل پوریؒ	۴۸
۷	بنام مولانا ظفر الدین قادریؒ	۵۳
۸	بنام شیخ الاسلام مولانا انوار اللہ حیدر آبادیؒ	۷۸
۹	بنام مولانا محمد علی مونگیریؒ	۸۸
۱۰	بنام حاجی محمد لعل خان مدراسیؒ	۱۰۳
۱۱	بنام مولوی اشرف علی تھانوی	۱۰۵
۱۲	بنام الشیخ محمد طیب مکیؒ	۱۳ تا ۱۵۶
۱۳	اضافات مکتوبات بنام مولانا ظفر الدین قادری بہاریؒ	۱۵۷
۱۴	اضافات مکتوبات بنام عرفان علی رحمۃ اللہ علیہ	۲۰۴

Marfat.com

صاحبِ مکتوبات

از قلم :- پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی - دامت برکاتہم العالیہ

صاحب مکتوباتِ امام اہل سنت مجدد دین وملت عظیم البرکت رفیع الدرجت محی السنتہ ماحی الفتنہ شیخ الاسلام والمسلمین عمدۃ المحققین تاج الفحول المدققین غیظ المنافقین اساس النجدین قامع المرتدین سمو المکانتہ والمکان اعلحضرت مولانا الحاج قاری الشاہ احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ اپنے دور کی اسلامی دُنیا میں روشنی کا مینار تھے آپ کا سن ولادت ۱۸۵۶ء اور سالِ وصال ۱۹۲۱ء/ ۱۳۴۰ھ ہے، آپ کی یہ پینسٹھ سالہ زندگی برصغیر پاک وہند میں انگریزی دورِ اقتدار میں گزری۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ جب ایشیا اور برِ اعظم افریقہ کے تمام ممالک اقوام یورپ کی نوآبادیات کا حصہ بن چکے تھے اس طرح عالم اسلام کا کثیر حصہ غلامی کی سیاہیوں میں گھرا ہوا تھا۔ برِ صغیر پاک وہند ایسٹ انڈیا کمپنی اور پنجاب سکھوں کے دورِ استبداد سے گزرا جسے تاریخ کا ایک سیاہ باب مانا جاتا ہے اعلحضرت کی پیدائش کے ایک سال بعد مسلمانانِ برِ صغیر نے ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی لڑی مگر ناکام رہے اس ناکامی کے بعد انگریز نے جس شدت کے ساتھ مسلمانوں پر مظالم توڑے اس کی مثال قوموں کی تاریخ میں بہت کم ملتی ہے۔ باین ہمہ علماء دین نے اپنے مناصب اعزازات۔ جائیداد اور مال ومنال سے محرومی کو تو قبول کر لیا۔ مگر اپنے علمی اور اعتقادی رائے کی حفاظت سے دستبردار ہونا قبول نہ کیا۔ چنانچہ حالات کی شدت کے باوجود دین سے وابستگی اور اپنے آقا ومولےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے جذبے کو زندہ رکھتے گئے وہ دُور دراز شہروں۔ دیہات اور جنگلات میں بھی دین مصطفیٰ کی شمع کو روشن رکھے رہے خصوصاً اعلحضرت کا علمی خانوادہ بریلی جیسے حریت پسند شہر میں قیام پذیر رہا۔ اور علمِ دین کی ضیاؤں کو پھیلاتا رہا۔

Marfat.com

(۲)

امام اہل سنت کی چشم شعور وا ہوئی۔ تو بریلی کا مکتبِ علم وفکر برصغیر کے تشنگانِ علومِ اسلامیہ کو چشمہ فیض بن کر سیراب کر رہا تھا۔ آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خان (م ۱۲۹۷ھ) تایا حافظ کاظم علی خان۔ اور شاہ رضا علی خان (م ۱۲۸۶ھ) رحمۃ اللہ علیہم بریلی کی علمی اساس تھے حضرت مولانا نقی علی خانؒ کے تینوں صاحبزادے مولانا حسن رضا خان (م ۱۳۲۶ھ) مولانا محمد رضا خان اور ہمارے مجدد مائۃ حاضرہ اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی (م ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء) رحمۃ اللہ علیہ اس خانوادۂ علمیہ کے روشن چراغ تھے۔ اس خاندان نے برصغیر کے اہلِ علم کو نہ صرف متاثر کیا تھا۔ بلکہ اپنی علمی اور نظریاتی درخشاں روشنیوں کی مقناطیسی قوت سے جذب کرنا شروع کر دیا تھا۔ اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے طالب علم کی وادی میں قدم رکھا۔ تو ہر طرف سے مردم شناس نگاہیں اٹھیں۔ سب سے اوّل۔ مرزا غلام قادر بیگ بریلوی۔ مولانا نقی علی خان (والدِ مکرمؒ) اور مولانا عبدالعلی رامپوری (م ۱۳۰۳ھ) نے درسیات میں آپ کی تربیت میں بڑی محنت سے کام لیا۔ حضرت سیّد شاہ آل رسول مارہروی[1] (م ۱۲۹۶ھ) نے اپنے جن تین خلفاء کو ارشاد و ہدایت کا فریضہ سپرد کرتے ہوئے فخر کیا تھا ان میں حضرت مولانا سید ابوالحسین احمد نوری (م ۱۳۲۴ھ) حضرت اشرفی میاں کچھوچھوی (م ۱۳۵۵ھ) اور اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی قدس سرہم کے اسماء گرامی خصوصی طور پر ایوانِ قادریت پر نصب ہیں۔ پاک و ہند سے آگے بڑھ کر حرمین الشریفین (ارضِ حجاز مقدس) میں شیخ الاسلام احمد زینی دحلان شافعی قاضی القضاۃ مکہ مکرمہ (م ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱ء) شیخ حسین صالح جمل اللیل امام مسجد حرام اور الشیخ عبدالرحمٰن سراج مفتی احناف مکہ مکرمہ (م ۱۳۰۱ھ) جیسے شہرۂ آفاق مشائخ نے آپ کی روحانی

---

[1] آپ شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ (م ۱۲۳۹ھ) تلمیذ خاص تھے۔

Marfat.com

تربیت میں نمایاں حصہ لیا۔

(۳)

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کے علمی کمالات کی شہرت کے آفتاب کی شعاعیں ابھی عالم اسلام کے افق پر طلوع ہی ہوئی تھیں کہ آپ دنیا کے گوشے گوشے سے اہل علم کی توجہ کا مرکز بن گئے آپ کی مشہور تصنیف "الدولۃ المکیۃ" پر داد تحسین پیش کرتے ہوئے حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی (م ۱۳۵۰ھ) مولانا عبدالحق الہٰ آبادی مہاجر مدنی (م ۱۳۳۳ھ) اور شیخ الائمہ حرم ابوالخیر بن عبداللہ مرداد (م ۱۳۳۵ھ) قدس سرہم نے تو شاندار تقاریظ لکھیں۔ قیام حرمین شریفین کے دوران آپ کی ذہانت و زکاوت کے اعتراف کے طور پر شیخ الخطبا عبداللہ بن عباس بن صدیق قاضی مکہ (م ۱۳۴۳ھ) شیخ سید اسماعیل خلیل محافظ کتب حرم (م ۱۳۳۸ھ) اور شیخ العلماء صالح کمال مفتی مکہ و قاضی جدہ (م ۱۳۳۲ھ) رحمۃ اللہ علیہم نے اعلیٰ حضرت کے اعزاز میں دی جانے والی ایک دعوت استقبالیہ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے۔ اہل مکہ کو آپ کے کمالات علمیہ سے آگاہ کیا۔ آپ کی روحانی اور علمی قابلیت کا یہ اثر تھا کہ حرمین الشریفین کے اکثر اہلِ علم آپ سے بیعت ہوئے اور محدث جلیل سید عبدالحی بن عبدالکبیر الکتانی (شیخ عابد بن حسین مفتی مالکیہ اور شیخ محمد مرزوقی امین الفتوی مکہ مکرمہ جیسے اکابر علماء نے تو آپ سے سلسلہ قادریہ میں خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ آپ کے تجدیدی کارناموں اور فقہ میں اہم فیصلوں کے پیش نظر سید حسین بن عبدالقادر طرابلسی۔ شیخ موسےٰ علی شامی ازہری اور الحاج محمد کریم اللہ مہاجر مدنی (خلیفہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی) نے آپ کو مجدد کے لقب سے سرفراز فرمایا۔[1]

---

[1] :- محمد یٰسین اعظمی شعبۂ ادب عربی الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور یوپی ہندوستان،

Marfat.com

④

آپ کے وجود مسعود نے بریلی کو اہل علم وفکر کا مرکز بنا دیا تھا۔ برصغیر کے گوشہ گوشہ سے اہل علم آپ کی ملاقات کو آتے۔ خط وکتابت سے استفسارات کرتے دینی معاملات میں راہنمائی حاصل کرتے۔ فقہی مشکلات میں آپ کی تحریروں سے استفادہ کرتے اور مزید وضاحت کے لئے حاضر خدمت ہوتے۔ اعلیٰ حضرت ایسے اہل علم کے لئے دیدہ و دل فرش راہ کرتے۔ علماء کرام کے لئے اعزاز واکرام کے تمام لوازمات مہیا کرتے اور اہل علم کی قدر افزائی کرتے آپ کے پسندیدہ اور محبوب علماء اہل سنت میں سے مفتی ارشاد حسین رام پوریؒ (م ۱۳۱۱ھ) مولانا محمد عمر حیدر آبادیؒ (م ۱۳۳۰ھ) اور علامہ احمد حسن کانپوریؒ (م ۱۳۲۲ھ) کے اسماء گرامی نمایاں طور پر نظر آتے ہیں۔ یہ حضرات آپ کے ممدوح بھی تھے۔ اور مدّاح بھی۔

⑤

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ نے بریلی کے مکتب علمیہ میں بیٹھ کر برصغیر کے ہزاروں علماء کرام کی اعتقادی اور فقہی تربیت کی۔ اور اپنی تحریروں سے ایک جہان علم کو متاثر کیا۔ آپ کے معاصرین میں سے سینکڑوں جلیل القدر علماء اہل سنت نے ہمیشہ آپ کو ہی مرجع جانا۔ اگرچہ ایسے علماء کرام کی ایک طویل فہرست ریکارڈ میں موجود ہے جنہوں نے آپ سے اکتساب علم کیا۔ مگر ہم چند حضرات کے اسماء گرامی ہدیۂ قارئین کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

مولانا عبدالقادر بدایونی۔ مولانا عبدالمقتدر بدایونی۔ مولانا عبداللہ بدایونی۔ مولانا عزیز الحسن بھپھوندی۔ مولانا مصباح الحسن بھپھوندی۔ مولانا عبدالصمد بھپھوندوی مولانا ہدایت اللہ۔ مولانا سلامت اللہ۔ مولانا عنایت اللہ رام پوری۔ مولانا محمد عادل کانپوری۔ مولانا عبیداللہ کانپوری۔ مولانا مشتاق احمد کانپوری۔ مولانا شاہ محمد حسین۔ الہ آبادی۔ مولانا عبدالکافی الہ آبادی۔ مولانا محمد فاخر الہ آبادی۔ مولانا نثار احمد

Marfat.com

کانپوری۔ مولانا ریاست علی شاہ جہاں پوری۔ مولانا ظہور الحسن رام پوری۔ مولانا احمد حسن امروہوی۔ مفتی کرامت اللہ دہلوی اور سید شاہ عبدالغنی سہسرامی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

(۶)

آپ کی شبانہ روز علمی کاوش کا یہ نتیجہ نکلا۔ کہ برصغیر میں آپ کے حلقۂ تلامذہ اور حوزۂ تربیت میں ایسے ایسے علماء کرام پیدا ہوئے جنہوں نے مختلف فنون میں ایک نام پیدا کیا۔ مولانا یٰسین اختر مصباحی دامت برکاتہم العالیہ نے اپنی حالیہ گراں قدر تصنیف امام احمد رضا اور ردِّ بدعات و منکرات، کے دیباچہ میں ایسے حضرات علم کا ایک جائزہ پیش کیا ہے ـــــ جو امام اہل سنت کے دستر خوان علم سے مختلف فنون میں بہرہ ور ہوئے۔ چنانچہ علماء متبحرین میں سے مولانا وصی احمد سورتی (م ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۶ء) مولانا حامد رضا بریلوی ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۳ء) علامہ شاہ ابوالبرکات سیّد احمد قادری لاہور (م ۱۴۰۰ھ مفکرین اور مدبرین میں سے پروفیسر مولانا سید سلیمان اشرف (م ۱۳۵۲ھ) مولانا سید احمد اشرف کچھوچھوی (م ۱۳۸۳ھ) صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی (م ۱۳۶۷ھ) فقہا میں سے صدر الشریعۃ مولانا امجد علی اعظمی (م ۱۳۶۷ھ) مؤلف بہار شریعت فقیہ العصر مولانا سراج احمد خانپوری (م ۱۳۴۲ھ) فقیہ اعظم مولانا محمد شریف کوٹلوی (م ۱۹۵۱ء) عارفین میں سے مولانا عبدالسلام جبل پوری (م ۱۳۷۲ھ) حضرت مولانا دیدار علی شاہ الوری (م ۱۹۵۴ء) مولانا سید احمد اشرف کچھوچھوی (م ۱۳۳۴ھ) مبلغین میں سے مولانا احمد مختار میرٹھی (م ۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۸ء) مولانا عبدالحلیم صدیقی میرٹھی (م ۱۹۵۴ء) مولانا فتح علی قادری (م ۱۳۷۷ھ/ ۱۹۵۸ء) مصنفین میں سے مولانا ظفر الدین بہاری (م ۱۳۸۲ھ/ ۱۹۶۲ء) مولانا

Marfat.com

عمرالدین ہزاروی (م ۱۳۷۹ھ/ ۱۹۵۹ء) مولانا محمد شفیع بیلہوری (م ۱۳۳۸ھ) مدرسین میں سے مولانا رحم الٰہی منگلوری (م ۱۳۶۲ھ) مولانا رحیم بخش اقدمی (م ۱۳۴۴ھ) مولانا غلام جان ہزاروی (م ۱۳۷۹ھ) سیاست دانوں میں سے مولانا ابوالحسنات محمد احمد قادری (م ۱۳۸۰ھ) مولانا یار محمد بندیالوی (م ۱۳۶۷ھ) مفتی اعجاز ولی خان رضوی (م ۱۳۹۳ھ/ ۱۹۷۳ء) خطباء و مناظرین میں سے مولانا ہدایت رسول رام پوری (م ۱۹۱۵ء) مولانا حشمت علی لکھنوی (م ۱۳۸۰ھ) مولانا محبوب علی لکھنوی (م ۱۳۸۵ھ/ ۱۹۶۵ء) شعراءُ ادبا میں سے مولانا حسن رضا خان (م ۱۳۲۶ھ) مولانا سید ایوّب رضوی (م ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء) مولانا امام الدین قادری (م ۱۳۸۱ھ/ ۱۹۶۱ء) ارباب طب و حکمت میں سے مولانا عبدالاحد پیلی بھینی (م ۱۳۵۲ھ) مولانا سید عبدالرشید عظیم آبادی اور مولانا عزیز غوث بریلوی اصحاب نشر و اشاعت میں سے مولانا محمد حبیب اللہ قادری (م ۱۳۶۷ھ/ ۱۹۴۸ء) مولانا ابراہیم رضا جیلانی (م ۱۳۸۵ھ/ ۱۹۶۵ء) مولانا حسنین رضا خان بریلوی (م ۱۴۵۱ھ) ارباب ثروت میں سے قاضی عبدالوحید عظیم آبادی (م ۱۳۶۷ھ/ ۱۹۴۸ء) حاجی لعل خان مدراسی (م ۱۹۳۱ء) سید محمد حسین میر بھٹی اور ارباب تصوّف میں سے مولانا شیخ الاسلام ضیاءُ الدین احمد قادری مدنی اور شہزادۂ امام احمد رضا مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خان صاحب قادری ان دونوں بزرگوں کے ہزارہا مریدین ان کی روحانی تربیت کا زندہ ثبوت ہیں) کے اسماء گرامی گلستان سنیت کی رونق ہیں۔ نوراللہ مرقدہم وبرد اللہ ضریحہم)

(۷)

جہاں ان معاصر علماء اہل سنت نے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے اکتساب فیض کیا۔ وہاں برصغیر کے لاکھوں پڑھے لکھے مسلمانوں نے خط و کتابت کے ذریعہ استفسارات کا ایک سلسلہ جاری رکھا۔ باین کثرت کار اور مصروفیت آپ نے کبھی ایسا نہیں کیا۔

Marfat.com

کہ کسی عامی کے سوال کو بھی نظر انداز کرتے ہوئے اس کے جواب میں بلا جواز تعویق اختیار کی ہو۔ ہر زبان۔ ہر انداز۔ اور ہر موضوع پر لوگوں نے علمی سوالات کیئے۔ اور ان کے وافی اور کافی جوابات پائے۔ علاوہ ازیں اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت نے ان حضرات کو مخاطب کرنے میں بھی کبھی کوتاہی نہیں کی۔ جو کسی ایک مسئلہ میں بھٹکے ہوں۔ یا اعتقادی ناہمواری کا شکار ہوتے ہوں۔ معاصر شخصیتوں میں سے مولانا عبدالحی فرنگی محلی (م ۱۳۰۴ھ) مولوی نذیر حسین دہلوی (م ۱۳۲۰ھ) نواب صدیق حسن خان بھوپالی (م ۱۳۰۷ھ) عقائد کی شاہراہ پر جو ہنی لغزش پا کا شکار ہوئے اعلیٰ حضرت کے قلم انتباہ نے انہیں سہارا دیا۔ سنہ ۱۹۱۹ء میں تحریک ترک موالات۔ تحریکِ خلافت اور ہندو سے مواخات کے چرچے ہوئے۔ سیاسی تحریکوں کا ایک طوفان اٹھا۔ بڑے بڑے علماء بھی ان طوفانوں کی زد میں آئے۔ آپ نے ایک لمحہ ضائع کئے بغیر ایسے تمام حضرات کی صحیح سمت راہ نمائی کی۔ خط لکھے۔ رجسٹریاں کیں ہدایت نامے جاری کئے۔ رسالے لکھے۔ اشتہار بھیجے خلفاء و تلامذہ کے وفود بھیجے۔ اور کوشش کی کہ اہلِ علم کے یہ ستون وقت کی دیمک سے بچ جائیں

(۸)

مولانا عبدالباری فرنگی محلی (م ۱۳۴۴ھ) مولانا عبدالماجد بدایونی (م ۱۳۵۰ھ/ ۱۹۳۱ء) مولانا محمد علی جوہر (م ۱۹۳۱ء) اس وقت کے سیاسی علماء اہل سنت میں سربرآوردہ مانے جاتے تھے آپ کی توجہ کا نتیجہ تھا کہ یہ حضرات سلامتیِ فطرت اور اخلاصِ قلب کی بنا پر اپنی لغزشوں سے تائب ہوئے اور خطاؤں سے رجوع کر کے توبہ کرتے گئے۔ دوسری طرف ابن عبدالوہاب نجدی کی تحریک وہابیت کے مسموم اثرات نے بعض علماء برصغیر کو اپنی لپیٹ میں لیا تھا۔ ان میں سید احمد بریلوی۔ شاہ اسماعیل دہلوی اور ان کے معتقدین اور متبعین کی ایک خاصی تعداد تھی آپ نے ان کی دینی اور

Marfat.com

فکری گمراہی پر پہلے تو تنبہ کی خسرانِ آخرت سے ڈرایا۔ افہام وتفہیم کا موقعہ دیا۔ مگر جب ان معاندین نے انکار ہی کر دیا۔ تو آپ نے بر ملا مقابلہ کیا۔ رَدّ میں کتابیں لکھیں۔ ان کی اعتقادی گمراہیوں کو عریاں کیا۔ تاکہ عام لوگ ان کے مسموم اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔ نجدی نظریات کے متاثر علماء کے علاوہ اکابر دیوبند میں سے بعض حضرات نے بھی عقائد اہل سنت سے ہٹ کر ایک محاذ قائم کیا۔ ان میں مولوی محمد قاسم نانوتوی (م ۱۲۹۷ھ)، مولوی رشید احمد گنگوھی (م ۱۳۲۳ھ) شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی (م ۱۳۳۹ھ)، مولوی اشرف علی تھانوی (م ۱۳۶۳ھ)، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی (م ۱۳۴۶ھ)، مولوی انور شاہ کشمیری (م ۱۳۵۰ھ)، مولوی حسین احمد مدنی (م ۱۳۷۷ھ)، مولوی مرتضیٰ حسن چاندپوری اور امام الہند مولوی ابوالکلام آزاد جیسے ذہین وفطین لوگ سرفہرست تھے۔ ان حضرات کو علیٰحدہ علیٰحدہ افہام وتفہیم کا موقعہ دیا گیا (مولوی اشرف علی تھانوی کے نام خطوط تو زیرِ نظر مجموعہ میں بھی ہیں)، مگر مذہبی ضد نے ان حضرات کو موقعہ نہ دیا کہ وہ حق کی بات پر غور کریں اور اسے قبول کریں۔

⑨

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی ضخیم تحریروں کے شناسا اہل علم اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ آپ کے فتاوٰی۔ رسائل۔ تالیفات۔ ملفوظات۔ اور اکثر دیگر تصانیف کسی نہ کسی استفسار کا جواب ہیں اور انہیں مکتوبات یا خطوط کے ذخیرہ سے باہر نہیں رکھا جا سکتا۔ مگر زیرِ نظر مجموعہ "مکتوبات امام احمد رضا بریلوی" میں ہم صرف ان مکتوبات کو شامل اشاعت کر رہے ہیں۔ جو آپ نے ذاتی حیثیت سے لکھے۔ ذاتی مسائل پر آسان الفاظ میں اظہار مدعا فرمایا۔ دقیق مسائل اور طویل مباحث کو زیرِ بحث نہیں لایا گیا۔ ان میں اکثر وبیشتر خطوط (مکتوبات) آپ کے تلامذہ خلفاء اور ہم مسلک علماء کرام کے نام ہیں۔ مگر بعض خطوط ان معاندین کے نام بھی ہیں۔ جنہیں اصلاح احوال کے لئے مخاطب کیا جاتا

Marfat.com

رہا ہے۔ ان خطوط سے اعلیٰ حضرت کی ذاتی محبت۔ قلبی ہمدردی۔ احباب کی خبرگیری۔ دوستوں کے رنج و غم میں شرکت۔ اہل محبت کو اعتماد میں لے کر۔

؎ گوش بہ نزدیکِ دلم آر کہ آوازے ہست!

کہنا آپ کی وسیع النظری کی عمدہ مثال ہے۔

(۱۰)

سابقہ صفحات کے مطالعہ سے قارئین کے سامنے اس وقت کے دینی۔ علمی اور نظریاتی ماحول کا ایک نقشہ سامنے آ گیا ہو گا۔ برصغیر کی سیاسی اور سماجی تحریکوں سے ہٹ کر علمی اور نظریاتی معرکہ آرائیوں کا ایک دور تھا جس سے پورا مسلم معاشرہ دوچار تھا۔ فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی اس ماحول میں اہل علم و فضل کے دائرہ پرکار کا مرکزی نقطہ تھا۔ جہاں ہزاروں قسم کے استفسارات اور سوالات آتے اور اعلیٰ حضرت ایک ایک کا جواب دیتے۔ سینکڑوں علماء کرام۔ صوفیاء عظام۔ اساتذہ قانون داں اور ذہین تلامذہ کے لئے آپ کی ذات ہی آخری منزل تھی۔ جہاں انہیں علمی شکوک و شبہات کی تسلی ہوتی اور ان کے علم و خرد کو فروغ ملتا۔ ہم نے آپ کے معاصرین متاثرین۔ متفقین اور معاندین کا تذکرہ اسی لئے کیا ہے۔ تاکہ آپ کے حاشیہ خیال میں یہ نکتہ ثبت رہے کہ اس زمانے میں امام اہل سنت کی شخصیت ہی مرکز علم و کمال تھی۔ معاصرین ہمیشہ آپ کی علمی راہنمائی سے بھرپور استفادہ کرتے رہے۔ اور عرب و عجم کے علماء و فقہا نے آپ کے کمالات کے اعتراف میں کبھی بخل سے کام نہیں لیا۔

خطوط میں سے اکثر و بیشتر خطوط تا ہنوز عفت کش بارِ طباعت نہیں ہوئے تھے اور یوں ہم یہ دعویٰ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ اعلیٰ حضرت سے محبت رکھنے والے اہل نظر کے لئے ہم ایک "گلدستہ تازہ" اور مطالعہ کی نگاہِ گلچین سے محفوظ تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے۔

Marfat.com

لگا رہا ہوں مضامین تازہ کے انبار
خبر کرو میرے خرمن کے خوشہ چینوں کو

(۱۱)

ان مکتوبات شریفہ کی ترتیب و تدوین کا سہرا حضرت پیر علامہ محمود احمد قادری کانپوری زید مجدہٗ (مؤلف تذکرۂ علماء اہل سنت) کے سَر ہے۔ جنہوں نے کئی سالوں کی محنت شاقہ سے صاحبِ مکتوبات کے وصال کے نصف صدی بعد اِن ذاتی "جگر پاروں" کو مختلف مقامات سے جمع کیا۔ وقت کے غبار سے صاف کیا اور روشن کر کے لکھا۔ اور ترتیب و تہذیب کے کٹھن مراحل طے کئے۔ اور کمال اعتماد و مہربانی سے سعادتِ طباعت سے نوازنے کے لئے ہمارے دامنِ مراد کو گل و گلزار بنا دیا۔

؎ برین لطف گر جاں فشانم رواست!

مکتوبات پاکستان پہنچے تو ادباً ہاتھوں پر نہیں مژگان چشم پر رکھے گئے زیر مطالعہ رہے کاتب کے قلم نے تسوید کئے۔ مگر امیر مرکزی مجلس رضا پاکستان لاہور جناب حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری مدظلہ العالی نے مجموعہ مکتوبات کو بیک جلد طبع کرانے سے روک دیا۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کی شخصیت پر مرکزی مجلس رضا پاکستان نے جس قدر وقیع کام کیا ہے اس کے پیش نظر امیر مجلس کی رائے کو تسلیم نہ کرنا کور ذوقی کی علامت ہے۔ ہم اسی جذبہ کے پیش زیر نظر مجموعہ شائع کر رہے ہیں ہم مرتب مکتوبات جناب قبلہ قادری صاحب کی اجازت سے یہ اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ صاحب مکتوبات کے گراں قدر ذخیرہ خطوط میں سے یہ چند اوراق ہیں۔ جو قارئین کی خدمت میں "گل چیدہ" کی حیثیت سے پیش کئے جا رہے ہیں۔

(۱۲)

مکتبہ نبویہ کے اراکین بہ صمیم قلب فاضل مرتب سے معذرت خواہ ہیں کہ ایک تو

Marfat.com

اس مجموعہ کی اشاعت میں خاصی دیر ہو گئی۔ دوسرے مکمّل مرتبہ مکتوبات دول میں شریکِ اشاعت نہیں ہو سکے۔ اس طویل عرصہ میں انہیں زحمتِ انتظار سے دوچار ہونا پڑا ہے اس کا احساس وہی کر سکتا ہے جس نے دانہ دانہ چن کر ایک گراں قدر خرمن جمع کیا ہو اور وقت پر اسے اٹھایا نہ جائے۔ ہمیں امید ہے کہ قارئین مکتوبات اور اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی تحریروں کے مشتاق ہماری اس کامیابی کو بہ نظرِ استحسان دیکھیں گے اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

ہم پاک و ہند کے ان اہلِ علم سے بے پناہ ادب کے ساتھ التماس کرتے ہیں۔ کہ اگر کسی صاحب کے ذخیرہِ ادراق میں اعلیٰ حضرت کا کوئی ذاتی مکتوب موجود ہو تو ہمیں آگاہ کریں۔ تاکہ وہ دوسرے مجموعہ میں شریکِ اشاعت ہو سکے۔

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

تقریم

از ـــــــــــــ جناب مولانا محمود احمد قادری سلام آبادی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

اعلیٰحضرت امامِ اہلِ سنّت فاضلِ بریلوی قدس سرہ عالمِ اسلام کی وہ عظیم المرتبت ذاتِ گرامی تھے جو مبدءِ فیّاض کی فیض بخشیوں کی خاص یادگار تھے، وہ اپنی ذاتی خوبیوں باطنی محاسن اور علمی فضل و کمال میں نادرۃ العصر شخصیّت تھے، وہ بیک وقت محدث بھی تھے اور مفسّرِ قرآن بھی، معقولی بھی تھے اور ماہرِ ریاضی بھی، مؤرّخ بھی تھے اور خطیب و شاعر و ادیب بھی اور بے شمار علوم و فنون کے موجد و ماہر بھی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ اسلامی قانون کے عدیم المثال عبقری تھے مگر ان کی شخصیت کا کمال اور ان کے علوم کا منتہائے مقصود اور محور و مرکز اور ان کی زندگی کا حاصل حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے ان کا والہانہ مؤمنانہ عشق تھا اور اس کا فیضان ان کی پوری زندگی پر چھایا ہوا تھا۔

اعلیٰحضرت عظیم البرکت کی زندگی کا مشن عشقِ رسولِ عربی کا ابلاغ تھا، ان کی نگاہ اٹھتی تو اس میں جلوۂ حضور کی زیبائی نظر آتی اور جب جھکتی تو ان کے عشق سے سرشار رہتی۔ اعلیٰحضرت چلتے تو عشقِ رسول اور اتباعِ سرورِ کائنات کا پیکرِ جمیل دکھائی پڑتے اور سوتے تو نامِ نامی کی لفظی تصویر بن جاتے، ان کا رہوارِ قلم چلتا تو ناموسِ رسول کی

Marfat.com

پاسداری میں چلتا ۔ ان کے لبہائے مبارک کھلتے تو زمزمۂ لغت الاپتے ، ان کا نغمۂ نعت
" مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام " آج بھی مردہ دلوں میں عشقِ رسول کا سرور پیدا
کر دیتا ہے ، ذاتِ رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان کی شیفتگی و وابستگی نے
ان کو دائم الحضوری کا منصبِ جلیل عطا کر دیا تھا اور یہ اسی غلامیٔ رسولِ عربی ہی کا صلہ
تھا کہ اس دورِ کفر و الحاد میں " تحریکِ عشقِ رسول " کا اجالا ان کے دم سے پھیلا
اور وہ اس تحریک کے علمبردار اور پیشوا تسلیم کئے گئے اور عشقِ رسول کے متوالوں
نے زمان و مکان کی حدود سے بالاتر ہو کر اپنا ان سے انتساب اپنے لئے فخر سمجھا ،
اعلیٰحضرت امامِ اہلِ سنت کا یہ وصف ان کا بڑے سے بڑا دینی مخالف بھی تسلیم کرتا تھا ،
مولانا تھانوی کی گواہی اور ان کا اعتراف اس کے لئے کافی ہے ۔

یہاں پر ایک روایت پیش کرتا ہوں جو دلوں میں امامِ اہلِ سنت کے
مرتبۂ بلند کو راسخ کر دے گی :۔

حکیم عبداللطیف فلسفی خاندانِ اطبائے لکھنؤ کے چشم و چراغ اور طبیہ کالج
مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کے پرنسپل تھے ، نے ایک موقع پر بیان فرمایا تھا کہ دارالعلوم
معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف کے ایک امتحان کے موقع پر نواب صدر یار جنگ مولانا
حبیب الرحمٰن خان شروانی سابق صدر امور مذہبی حیدرآباد دکن نے اکابر علماء حضرت مولانا
حکیم سید برکات احمد ٹونکی ، حضرت مولانا سید مہ علی شاہ گولڑوی ، استاذ العلماء مولانا
مشتاق احمد کانپوری ، حضرت مولانا سلیمان اشرف چیئرمین اسلامک اسٹڈیز مسلم یونیورسٹی
علی گڑھ سے دریافت کیا کہ حضورِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمامہ شریف میں کتنے
پیچ ہوتے تھے ؟ مولانا سلیمان اشرف نے فرمایا اس کا جواب صرف مولانا شاہ
احمد رضا بریلوی قدس سرہ دیتے مگر افسوس کہ وہ اب اس دنیا میں نہیں ! مولانا کے
اس فرمان کی تمام علماء نے تائید کی ۔ اتباعِ رسول کا اندازہ اسی ایک واقعہ سے لگایا

Marfat.com

جاسکتا ہے۔

اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت فاضلِ بریلوی نے دینِ متین کی جس انداز میں تبلیغ فرمائی اور اسلامی علوم وفنون میں جو ندرت وحسن پیدا کیا اور تحریکِ عشقِ رسول کو جس سوز ودردمندی سے فروغ دینے کی جاں فروشانہ بازی لگائی، اس کا اندازہ ان مکتوباتِ شریفہ کے مطالعہ سے ہوسکے گا۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ علوم ومعارفِ احمد رضا بریلوی کے تعارف کے لئے کئی علمی ادارے کام کر رہے ہیں۔ سچ یہ ہے کہ اس کام کا جذبۂ سعید حکیم اہلِ سنّت مولانا حکیم محمد موسیٰ چشتی نظامی امرتسری امیر مرکزی مجلسِ رضا لاہور نے پیدا کیا اور وہی اس کارواں کے قافلہ سالار بھی ہیں۔

ان سطور کے راقم گنہ گار فقیر قادری نے اپنی زندگی کے بیش قیمت سولہ سال علوم ومعارفِ رضویہ کے مطالعہ وتحقیق پر صرف کئے اور ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے، اسی محنت کا ایک ثمر "مکتوباتِ امام احمد رضا بریلوی" کی شکل میں پیش کر رہا ہوں، خدا کرے یہ خدمت قبولِ امام ہو۔

اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت قدس سرہ نے اپنی مبارک زندگی میں جو تجدیدی و اصلاحی کارنامے انجام دئے اور الحادی اثرات کا جس پامردی سے سدِّ باب کیا وہ تاریخِ اسلام کا روشن ترین باب ہے۔ مکتوبات شریف کی اس جلد میں صرف ان خطوط کو شامل کیا گیا ہے جن کا تعلق دیوبندی تحریک، تحریکِ ترکِ موالات، تحریکِ ندوۃ العلماء اور مسئلۂ اذانِ ثانی اور تحریکِ ترکِ تقلید سے ہے

۔حمایتِ اسلام کے جذبہ کی قدر وقیمت اس سے ضرور متعیّن ہوسکے گی۔

Marfat.com

اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت کے دینی مخالفوں نے ان کے غیظ و غضب اور شدت و تعصب کو بار بار بڑے شد و مد کے ساتھ دہرایا ہے اور اس کا اس قدر پروپیگنڈہ کیا ہے، کہ اچھے خاصے لکھے پڑھے لوگ اس سے متأثر ہو کر غلط فہمی کا شکار ہو گئے ہیں مگر واقعہ اس کے برعکس ہے، ذاتی خطوط حقیقت کے آئینہ دار ہوا کرتے ہیں۔ ان خطوط کے پڑھنے والوں کو یہ صاف نظر آئے گا کہ اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت نے جب بھی کسی مقتدر شخصیت کو اس کی شرعی لغزش پر ٹوکا ہے تو انہوں نے لجاجت، تواضع اور فروتنی کا انداز اختیار کیا ہے، خیر خواہانہ اسلوب ہی خوشامدکارویہ برتا ہے، ہر طرح قبولِ حق پر آمادہ کرنے کی سعیِ خیر فرمائی ہے مگر جب انہیں محسوس ہو گیا کہ مکتوب الیہ کا دل قبولِ حق کے لئے بند ہو چکا ہے اور کوئی گوشہ اور امکان رجوع الی الحق کا باقی نہیں رہ گیا ہے تب جا کر انہوں نے شدت اختیار کی ہے اور اتمامِ حجت کے بعد اعلانِ حق ہمیشہ سے اساطینِ اسلام کا طریقہ کار رہا ہے جس پر اعلیٰ حضرت عظیم البرکت فاضلِ بریلوی قدس سرہ ساری زندگی گامزن رہے۔

زیرِ نظر حصہ میں شامل مکتوبات میں عصرِ حاضر کے درپیش کئی مسائل کا حل بھی ملے گا اور شاہراہِ زندگی میں اسلامی اصولوں کو برتنے کا حوصلہ بھی، میں چاہتا تھا کہ جن تحریکوں پر اعلیٰ حضرت نے حمایتِ اسلام کے رشتے تنقید اور مؤاخذے کئے تھے ان کے بارے میں کچھ تفصیل سے لکھوں مگر یہ کام سوانح حیات سے زیادہ متعلق نظر آیا چنانچہ اس سے قطع نظر کر لیا۔ تحریکِ خلافت سے متعلق پروفیسر محمد مسعود احمد نقشبندی مظہری مدظلہ نے فاضل بریلوی اور ترکِ موالات میں بہت کچھ لکھ دیا ہے مگر ان مشمولہ خطوط سے اس میں مزید تحقیقی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ تحریکِ ندوۃ العلماء اور اعلیٰ حضرت میں ان سطور کے کم سواد راقم نے تحریکِ ندوہ کے متعلق اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی دینی سرگرمیوں کا جائزہ

Marfat.com

لیا ہے، خدا نے چاہا تو جلد ہی یہ مقالہ شائع ہو سکے گا۔

دیوبندی تحریک کے بارے میں بھی پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ نے ہی "فاضل بریلوی علماءِ حجاز کی نظر میں" اچھا تعارف پیش کیا ہے اور خالص تحقیقی اور حقیقت پسندانہ جائزہ لیا ہے، خدا انہیں خیر عطا فرمائے اور دارین کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔ اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت فاضل بریلوی کے تجدیدی کارناموں میں احیاء اذان خارج عن المسجد کا مسئلہ بہت مہتم بالشان ہے، اس عنوان پہ تفصیل سے لکھنے کی ضرورت ہے، سارا مواد موجود ہے صرف توجہ سے ترتیب دے دینا ہے۔

خطوط کی فراہمی میں برہان الملۃ حضرت مولانا حکیم مفتی محمد عبد الباقی برہان الحق قادری رضوی سجادہ نشین جبل پور اور برادرِ مکرم حضرت مولانا سید شاہ محمد اصغر چشتی نظامی فخری سلیمانی حافظی پھپھوند شریف نے حوصلہ افزائی فرمائی، حضرت الاستاذ ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین قادری رضوی قدس سرہ کے نام کے خطوط کی نقل پروفیسر ڈاکٹر مختار الدین احمد آرزو قادری رضوی پی ایچ ڈی، ڈی لٹ، ڈی، فل (آکسن) صدر شعبہ عربی و ڈین فیکلٹی آف آرٹس مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی عنایت سے حاصل ہوئی، احقر راقم السطور اس کے لئے ان بزرگوں کا صمیمِ قلب سے شکر گزار ہے۔

پیشِ نظر حصہ کو کئی سال پہلے چھپ کر شائع ہو جانا چاہیئے تھا مگر پریس کے ایک ناگہانی حادثہ کی وجہ سے ایسا نہ ہو سکا، اب اس کی اشاعت پاکستان میں میرے مخلص، مخدوم دوست پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی ایم۔ اے مدظلہ کرا رہے ہیں، خداوندِ قدوس انہیں جزائے خیر دے اور ان کے مراتب بڑھائے اور ان سے زیادہ سے زیادہ دین کی خدمتیں لے اور مجھے بھی اس کی توفیق مرحمت فرمائے آمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ وازواجہ وعلماء امتہ اجمعین۔

سگِ بارگاہِ بغداد ——— فقیر محمود احمد قادری غفرلہٗ

Marfat.com

Marfat.com

مکتوبات

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ

Marfat.com

بنام حضرت مولانا شاہ محمد میاں مارہروی[1] قدس سرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بشرفِ ملاحظہ عالیہ صاحبزادۂ والامرتبت بالامنقبت حضرت سیدنا سید اولاد رسول محمد میاں صاحب دامت برکاتہم،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آداب ونیاز معروض، جوابِ مسائل حاضر کر چکا تھا دوبارہ بصیغۂ رجسٹری حاضر کرتا ہے اول اپنی حالت عرض کرے، رمضان المبارک میں چار بار بخار آیا، شبِ عید میں ۱۰ بجے سے ۱۲ بجے تک اسٹیشن پر کھڑا رہنا ہوا پھر حضرات کو لے کر واپس آیا، دوسرے دن دو عیدیں اور احباب کا ملنا، تکان بڑھتی گئی اور جب سے اب تک کئی بار حملے بخار کے ہوئے، ادھر اخیر میں دو حملے بہت سخت ہوئے کہ حاضرین مسجد سے بھی محروم رہا۔ آج ظہر وعصر کو نماز کے لئے گیا تھا، طبیب وہیں مسجد میں ملے اور نبض دیکھ کر کہا کہ ابھی بخار باقی ہے، چند سیڑھیوں کا چڑھنا اترنا اور موقوف رہے، سوالاتِ سابقہ کا جواب عرض کر چکا تھا معلوم نہیں کیوں نہیں باریاب خدمت ہوا۔

سوال متعلق بینک کی نسبت بوجہ تپ حافظ امیر اللہ کے داماد کے ذریعہ کہلا بھیجا

---

[1] تاج العلماء حضرت مولانا سید شاہ محمد میاں برکاتی سجادہ نشین مارہرہ شریف، خانوادۂ برکاتیہ کے آخری باکمال عالم و عارف بزرگ تھے، بڑے متقی و مرتاض اور صاحبِ اثر ونفوذ شخصیت کے مالک تھے۔ وہ اگرچہ باقاعدہ حضرت مولانا شاہ مطیع الرسول عبد المقتدر فاضل بدایونی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمیذ تھے مگر انہوں نے فاضل بریلوی سے اس کثرت سے مکاتیب کے ذریعہ استفادہ کیا کہ وہ اس کی وجہ سے خود کو ان کا شاگرد کہا کرتے تھے، ان کے نام کے تقریباً ڈھائی سو مکتوبات رضویہ خانقاہ مارہرہ میں موجود ہیں مگر ان تک رسائی کیسے ہو؟ یہ ایک اہم ترین سوال ہے۔

Marfat.com

تھا کہ براہِ راست ارسال کردوں گا، اب سابق ولاحق سب کا جواب حاضر ہے۔

امامتِ فاسق کی نسبت علماء کے دونوں قول ہیں، کراہتِ تنزیہ کما فی الدر وغیرہ اور کراہتِ تحریم کما فی التبیین وفتاوی الحجۃ والمتبعین والشرنبلالیہ وابی السعود و طحطاوی علی المراقی وغیرہ اور ان میں توفیق یہ ہے کہ فاسق غیر معلن کے پیچھے مکروہ تنزیہی اور معلن کے پیچھے مکروہ تحریمی۔

مبتدع کی بدعت اگرچہ حدِ کفر کو پہنچی ہو اگرچہ عند الفقہاء یعنی منکرِ قطعیات ہو، اگرچہ منکرِ ضروریات نہ ہو تو صحیح یہ ہے کہ اس کے پیچھے نماز باطل ہے کما فی فتح القدیر و مفتاح السعادۃ والغاشیۃ وغیرھا کہ وہی احتیاط جو متکلمین کو اس کی تکفیر سے باز رکھے اس کے پیچھے نماز کے فساد کا حکم دے گی فان الصلوٰۃ اذا صحت من وجہ وفسدت من وجہ حکم بفسادھا ورنہ مکروہ تحریمی، جن صورتوں میں کراہتِ تحریم کا حکم ہے صلحاء وفساق، سب پر اعادہ واجب ہے۔

جب مبتدع یا فاسقِ معلن کے سوا کوئی امام نہ مل سکے تو نماز منفرداً نہ پڑھیں کہ جماعت واجب ہے، اس کی تقدیم، امامت کے لئے اسے آگے بڑھانا بکراہتِ تحریم اور واجب ومکروہ تحریمی دونوں ایک مرتبہ میں ہیں، ہاں اگر جمعہ میں دوسرا امام نہ مل سکے تو جمعہ پڑھیں اور ظہر اعادہ کریں کہ وہ فرض ہے اور فرض اہم ہے، اسی طرح اگر اس کے پیچھے نہ پڑھنے میں فتنہ ہو تو پڑھیں اور اعادہ کریں کہ الفتنۃ اکبر من القتل۔

۲۔ سود لینا مطلقاً حرام ہے مسلم سے یا کافر سے، ہاں اگر ڈاک خانے میں یہ جمع کرے اور ڈاک خانہ اس پر جو کچھ زیادہ دے اسے سود کی نیت سے نہ لے بلکہ یوں کہ ایک برضائے مالک غیر مسلم بلا عذر ملتا ہے، تو لے لینا جائز ہے اور فقرائے مسلمین پر اس کا صرف اولیٰ والتفصیل فی فتاوانا واللہ تعالیٰ اعلم [1]

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۳۰ ذوقعدہ ۱۳۳۰ھ

---

[1] ماخوذ از ماہنامہ "اہلِ سنت کی آواز" مارہرہ شریف، جلد سوم، ص ۲۲

Marfat.com

بنام مولٰینا محمود جان رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ مولانا المکرم ذی المجد والکرم حامی السنن ماحی الفتن مولانا مولوی محمود جان

دام فضائلہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : سلیمٹ سلمان عثمان صاحب سکرانی تشریف لائے مگر ایسے وقت کہ میں بہت علیل ہوں، میں ان کی خاطر کچھ نہ کر سکا، ساڑھے چار مہینے کے قریب ہوئے کہ آنکھ دکھنے آئی تھی، جب سے آج تک لکھنے پڑھنے کے قابل نہیں، مسائل سنتا جواب لکھوا دیتا، بارہویں کی شام سے علالتِ شدیدہ لاحق ہوئی کہ ایسی کبھی نہ ہوئی یہاں تک کہ میں نے وصیّت نامہ لکھوا دیا۔ اس کے بعد مولیٰ تعالیٰ نے اس بلائے شدید سے نجات بخشی مگر بقیہ مرض اب تک ہے اور ضعف اس قدر شدید ہے کہ مسجد تک جانے میں تمام بدن میں درد ہونے لگتا ہے۔ دعا کا حاجت مند ہوں اور آپ کے اور آپ کے گھر کے لئے دعا کرتا ہوں۔

بھائی سلیمان صاحب نے مجھ سے تعویذ مانگا تھا میں آجکل لکھ نہیں سکتا لہٰذا سب سے بہتر ان کی خاطر یہی میری سمجھ میں آئی کہ خاص اپنے لئے جو عظیم تعویذ ۷۸۴ خانے کا طیّار کیا تھا، ان کی نذر کر دوں، زندگی اگر باقی ہے تو اپنے لئے اور طیار کر لیا جائے گا۔ اس تعویذ کے منافع وسعتِ رزق و بلندیٔ مرتبہ و استقامتِ دینِ حق و رحمتِ الٰہی ہیں، ایک دن کامل کی محنت میں لکھا جاتا ہے۔ میں نے بھائی سلیمان صاحب کو وہ چیز دی جو عمر بھر میں صرف اپنے لئے تیار کی تھی اور کسی کو نہ دی تھی، آپ کے فرمانے کی اسی قدر تعمیل کر سکا۔

بھائی مولوی غلام مصطفےٰ صاحب بخیریت ہیں، اپنے یہاں کی خیریت سے مطلع فرمایئے، آپ کی زیارت برسوں میں ہوا کرتی ہے اور میں کثیر الاشغال کثیر النسیان جس کا نتیجہ

Marfat.com

یہ ہوا کہ قصیدۃ الاستمداد کے آخر میں احبابِ حامیانِ سنت کے اسماء گنائے، ان میں آپ کا نامِ نامی کہ سونے کے حرفوں میں لکھنے کا تھا، سہو ہوگیا، طبع کے بعد یاد آیا جس کا اب تک افسوس ہے خیریت سے اطلاع بخشیے، سب احباب کو سلام، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

۴ ربیع الآخر ۱۳۳۹ھ

Marfat.com

بنام حضرت مولٰینا شاہ عبدالسلام جبل پوری قدس سرہٗ

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بگرامی ملاحظہ ذی الفضائل الانسیۃ والفواضل القدسیۃ المنزہ عن الرذائل الانسیۃ حامی السنن ماحی الفتن الدینیۃ مولانا وبالفضل اولانا مولوی شاہ عبدالسلام صاحب سلمہ السلام عالی المناقب وشامخ المناصب آمین۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اعز اللہ شانکم ورفع مکانکم وابلج برہانکم :۔

برادر نجان برابر مولوی حسن[1] رضا خان سلمہ الرحمٰن کا خط ۲۶ ذی الحجہ کا لکھا ہوا مکہ معظمہ سے یک شنبہ گذشتہ کو آیا تھا جس میں صرف اس قدر تھا کہ عن قریب بعونہ تعالیٰ مدینہ طیبہ حاضر ہونے والے ہیں مگر تعیین تام نہ تھی، خیال تھا کہ اس یک شنبہ کو کوئی خط آئے مگر نہ آیا وحسبنا اللہ ونعم الوکیل اگر خط آجاتا تو حساب ہو سکتا کہ واپسی بالخیر کب تک ہوگی، اب ایک مجمل حالت ہے دعائے خیر فرمائیں۔

حضرتِ بابرکت جناب سید محمد محب اللہ[2] صاحب زعبی دمشقی جیلانی کہ اولادِ امجاد حضور پُر نور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہیں اور اس فقیر احقر کے حال پر کمال کرم فرما ہیں، پہلے سے تشریف لائے ہیں، یہ بھی میرے حجاج سلمہم اللہ تعالیٰ کے استقبال کو میری طرح بمبئی تشریف لے جانیوالے ہیں، میں دو ایک روز خط کا انتظار کر کے چلوں گا، اگر نہ آیا یا آیا اور حساب سے وقفہ پایا تو بعونہ تعالیٰ ضرور حاضر جبل پور ہو کر دو ایک روز جناب کی زیارت سے شرف اندوز ہوتا ہوا بمبئی جاؤں گا اور اگر خط آیا جس سے ظاہر ہوا کہ اب بالخیر فوراً بمبئی پہنچنا

---

[1] اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنت قدس سرہ کے برادر اوسط، سال ولادت ۴ ربیع الاول ۱۲۷۴ھ اور سالِ وفات ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۲۶ھ

[2] دمشق کے مشہور عالم اور شیخ طریقت اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کی جلالتِ علمی کی خبر سن کر ملاقات کے لئے بریلی تشریف لائے اور کچھ عرصہ قیام فرما کر واپس گئے۔

Marfat.com

چاہیئے تو جناب کو بذریعہ تار اطلاع دے دوں گا کہ براہِ راست بمبئی جاتا ہوں۔ والسلام مع الاکرام، بجملہ احباب اہل سنت سلام سنۃ الاسلام۔

فقیر احمد رضا قادری، شب ۴ صفر مظفر ۲۶ھ لیلۃ الاثنین

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بگرامی ملاحظہ مولانا المبجل المکرم المفخم المعظم ذا الفضل التام والفیض العام والعز والاکرام مولانا مولوی شاہ عبد السلام صاحب دام مجدہ وانجح جدہ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : نوازش نامہ تشریف لایا، مولیٰ سبحٰنہ وتعالیٰ مولانا قاری محمد بشیر الدین صاحب سلمہ اللہ وعافاہ کو عافیتِ تامہ کاملہ عاجلہ عطا فرمائے بمنہ وکرمہ آمین مامول کہ ان کی خیریت سے جلد جلد مطلع فرماتے رہیں۔ اعمالِ شفا عرض کر آیا تھا استعمال فرمائے جائیں، والشافی الکافی یشفی ومعافی۔ کھانے کو جو چیز دی جائے سورہ طارق شریف دم کر کے دی جائے، یہ تعویذ حاضر کرتا ہوں گلے میں ڈالیں اور خیر خیریت سے مطلع فرمائیں، والدِ ماجد صاحب کی خدمت میں فقیر کا سلام عرض کریں، مولانا قاری صاحب واندرونِ خانہ ونور العین برہان میاں وزاہد میاں، سائرِ احبابِ اہلِ سنت سنۃ الاسلام۔

اللہ لطیف بعبادہٖ والا نقش کہ رکابی پر لکھا جاتا ہے اور وہ نقش جس کے صدر میں "یا محی الدین اجب یا جبریل یحق یا بدوح" ہے، ایک گلے میں باندھا جاتا ہے اور ہتھیلیوں میں ڈال کر ملا یا جاتا ہے اور آیاتِ شفا، ان چیزوں کا استعمال فرمائیں۔ والسلام

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

از بریلی ۱۲ شعبان المعظم ۲۶ھ یوم الاربعاء

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

Marfat.com

بملاحظہ عالیہ جامع الفضائل قامع الرذائل حامی السنن ماحی الفتن، عمدۃ الکرام مولٰنا مولوی حافظ قاری شاہ محمد عبدالسلام صاحب دامت معالیہ وبورکت ایامہ و ولیالیہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : خیریتِ سامی کے لئے ہمیشہ دعا کرتا ہوں اور مولیٰ عزوجل سے جناب واولادِ جناب کے لئے خیر وبرکت ورفعت وعزتِ دارین کی تمنا رکھتا ہوں۔

اس وقت ایک ضرورتِ جلیلہ سے یہ نیاز نامہ لکھ رہا ہوں، اعلیٰ حضرت عالم اجل، حامئ سنت، ماحئ بدعت، دشمنِ وہابیت حضرت سیدنا سید اسمٰعیل خلیل آفندی عالم مکہ معظمہ، حافظِ کتبِ حرم شریف کہ وہاں کے بہت بڑے حامئ دین عالم ہیں اور بغیر کسی سابقہ معرفت یا کسی نفع دنیوی کے محض دین کے واسطے انہوں نے اور ان کے والدِ ماجد سید خلیل آفندی رحمۃ اللہ علیہ نے اس فقیر کے وہ عظیم کام مکہ معظمہ میں کئے اور وہ وہ امداد و نصرت کی کہ حقیقی بھائیوں سے بھی نہ ہوسکتی، میں ان کے دینی احسانات کا نہایت زیر بار ہوں بلکہ خود مذہب و دین پر ان کا احسان ہے اور وہ اس فقیرِ ذلیل کے ملاقات کے لئے مکہ معظمہ سے تشریف لائے۔ قریب ساڑھے تین سو روپے کے، صرف ان کے ہمراہی کے کرایہ جہاز و ریل میں خرچ ہوئے، جہاز کے ٹکٹ فرسٹ کلاس کے تھے اور بمبئی کے ٹکٹ جو میں نے اپنی آنکھ سے دیکھے سیکنڈ کلاس کے چھیاسٹھ ۶۶ روپے سے زائد کے تو فقط آنے جانے کے، ان کے مصارف تقریباً سات سو روپے ہو جائیں گے۔ وہ ایک پیسہ کے طالب نہیں مگر مجھے تو ان کی عظمتوں اور دینی نصرتوں کا لحاظ لازم ہے، سات سو روپے تک بھی اگر نذرانہ نہ دوں تو گویا ایک پیسہ نہ دیا کہ یہ ان کے کرایہ ہی کا ہوا لہٰذا چاہتا ہوں کہ اگر اللہ عزوجل چاہے تو کم از کم ہزار روپے کروں اور حق یہ ہے کہ یہ بھی ان کی عظمتِ شان کے آگے محض ناچیز ہیں، مجھ میں اگر وسعت ہوتی تو دس ہزار نذر کرتا اور اسے بھی ان کے قابل نہ جانتا۔ یہ بھی نہیں چاہتا کہ عوام کے سامنے اسے پیش کروں بلکہ صرف اپنے نہایت

Marfat.com

خاص الخاص آٹھ دس احباب سے ذکر کروں گا اور انہیں بتاؤں گا کہ ایسا جلیل القدر عالم و سیدِ عربی و مکی و حامیٔ دین نہ آج تک میرے زمانہ میں ہندوستان تشریف لایا نہ آئندہ امید، نہ میں نے آپ صاحبوں سے کوئی فرمائش کبھی کی، یہ وقت ہے کہ اپنی انتہائی کوشش بجالائیے۔ حضرت تشریف لیجانے کو بار بار تقاضا فرماتے ہیں، میں ان کو روکے ہوئے ہوں جہانتک ممکن ہو جلد از جلد ہو اور بیش از بیش ہو۔

تمام احباب کی خدمت میں سلامِ سنت۔ مضمون واحد ہے، میں نے آپ حضرات کے حصہ دو ڈھائی سو رکھا ہے، صرف دو ہی جگہ خط اور لکھا ہے اور صرف دو ہی شخصوں سے بریلی میں کہا ہے۔ جس قدر زائد ہو سکے وہ حضرات محبّین و خادمانِ قادریت کی ہمت و توفیق ہے۔ حسبنا اللہ ونعم الوکیل والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ از بریلی ۲۰ صفر مظفر ۱۳۳۰ھ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظۂ گرامی جامع الفضائل، قامع الرذائل، لامع الفواضل ذی الکرم والکرامۃ والاکرام مولانا مولوی محمد عبدالسلام صاحب القادری البرکاتی دامت معالیہ وبورکت ایامہ ولیالیہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : ان اللہ ما اخذ وما اعطی وکل شیئ عندہ باجل مسمی وان فی اللہ عزاء فی کل مصیبۃ وخلفا من کل فائت وان المحروم من حرم الثواب وانما یوفی الصّٰبرون اجرھم بغیر حساب وبشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولٰئک علیھم صلوات من ربھم ورحمۃ واولٰئک ھم المھتدون فالٰھکم ابصر واعظم لکم الاجر واخلف لکم الخیر

Marfat.com

وحفظکم عن کل ضیر وغفر للمرحومۃ ووقاھا عذاب القبر وبیض وجھھا ورفع فی علیین کتابھا واجزل فی دار النعیم ثوابھا آمین آمین آمین۔

بہ صاحبزادگان وسائر اہل احباب اہلِ سنت سلام ودعا ورحمت وعافیت والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۶ جمادی الاولیٰ ۲۹ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ رحلت عفیفہ امینہ سکینہ خاتون رحمہا اللہ تعالیٰ زوجۂ مقدسۂ صاحب فضائل و فواضل حامی السنن ماحی الفتن جناب مولانا مولوی محمد عبد السلام القادری البرکاتی الجبل فوری ادام اللہ بالفیض النوری آمین

حلت لمن عبد السلام حبیبۃ ۔۔۔ فی العدن وھی حصینۃ وزینۃ
ھی للعفاف مدی الحیاۃ لزینۃ ۔۔۔ وبعفو ربی فی السمات ضریبۃ
سال الرضا عام الوفاۃ مع الدعاء ۔۔۔ قلت ارحم التابوت فیہ سکینۃ

۱۳ ھ ۲۹

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔۔۔ نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ عالیہ مولانا المبجل المعظم المفخم المکرم ذی المجد الاتم والفضل الاعم حامی السنن ماحی الفتن واجب الاجلال والاکرام مولانا مولوی شاہ محمد عبد السلام صاحب دامت معالیہ وبورکت ایامہ ولیالیہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : جناب کا تار تو اسی روز آگیا تھا مگر رجسٹری چار روز

Marfat.com

بعد پہنچی، کئی روز ڈاک خانے میں رہی، تعطیلیں تھیں، مولیٰ عزوجل جنابِ گرامی اور سب احبابِ سامی کو بے شمار جزاءِ خیر کثیر دارین میں عطا فرمائے آمین۔ دو سو پانچ روپے نوٹ آئے اور پہلے عرس شریف میں ۲۶ روپے اور کچھ آنے آئے تھے، فقیر نے ان کی نسبت تو مہتممینِ عرس شریف سے رسید بھیجنے کو کہہ دیا تھا اور ڈاک کی رسید خود لکھ کر دی تھی، عجب ضائع ہوئی اور اس کی رسید رجسٹری، روزِ اول ہی میں نے اپنے ہاتھ سے لکھی اور نیاز نامہ میں اس وقت تک اطلاعِ مکرر کا روزانہ ارادہ کرتا تھا جب سے حضرت والا سید صاحب دامت برکاتہم تشریف فرما ہوئے ہیں، حضرت کے احکام، فقیر پر بعض رسائلِ فقیر کے عربی ترجمہ کے لئے بعض رسائل جدید تالیف کر کے فوراً دینے کے لئے، بعض کتب درس فرمانے کے لئے، ایسے وارد ہوئے ہیں کہ مطلقاً سب کام بند ہیں، بحمدہٖ تعالیٰ حضرت ہی کے خدمت میں گزرتی ہے، حضرت تو سوا ان امورِ علمیہ کے اصلاً کسی شے کے طالب نہیں مگر میری نیازمندی اس پر باعث ہوئی کہ عمر بھر کے عادت کے خلاف اپنے حضرات و خلّص احباب سے صرف تین جگہ تکلیف دی، اللہ عزوجل آپ حضرات کو اجزیہ وافیہ عطا فرمائے کہ جہاں عرض کیا میرے خیال سے زائد واقع ہوا صرف تین جگہ لکھا تھا اور صرف ایک صاحب سے بریلی میں کہا تھا، بحمدہٖ تعالےٰ ۸۰۲ روپے بہم ہو گئے، خیر ایک وجہ پر یہ بھی کثیر ہے اگرچہ حضرتِ والا کے فضل اعلیٰ کے احتیاط سے لاکھ بھی آتے تو بھی اقل قلیل تھے مگر مخالفت عادت کی وجہ سے باوصف اتنی ضروری دینی بات کے دل سے اس کا خیال نہ گیا، آپ حضرات کے لئے دل سے دعائیں نکلیں اور اپنی حرکت پر ندامت ہوئی کہ ایسا کبھی نہ کیا تھا، ہر چند سمجھایا کہ معاذ اللہ اپنے لئے نہ کیا، حضرتِ بابرکت کے خدمت کے اعلیٰ ضرورتِ دینیہ سے منظور ہے مگر عدمِ عادت کے سبب قلب پر سے اس کا اثر نہیں جاتا، حضرتِ ممدوح کل ارادہ معاودت کا رکھتے ہیں، فقیر ۱۵ روز سے علیل ہے، طالبِ دعا ہے۔

سب حضرات کی خدمت میں سلام مع الاکرام، حضرت والدہ صاحبہ کو

Marfat.com

سلامِ ادب، صاحبزادگان کو الاکو دعاءِ ترقیٔ درجاتِ علم وعمل وعزتِ دارین۔

فقیر احمد رضا عفی عنہ ۱۴ ربیع الاول شریف ۱۳۳۰ھ

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ عالیہ مولانا المکرم ذی المجد والکرم واللطف الاتم مولانا مولوی شاہ محمد عبدالسلام صاحب دامت فضائلہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولانا! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر وبرکاتِ دارین عطا فرمائے، ایک مختصر فتویٰ دربارۂ اذانِ ثانی جمعہ تحریر فرمائیں، اس کے کتبہ کے نیچے آپ اپنی مہر فرمادیں اور حضرات سے مہریں لے کر اسے مع تمام مہروں کے اپنے یہاں باذنہ تعالیٰ ایک ہزار چھپوائیے، مہروں کی نقل، کاپی پر سفید خط میں ہو جیسے یہاں کے فتوے پر ہے، دو سو یہاں بھیج دیجئے اور دو سو پیلی بھیت محلہ منیر خان مدرسۃ الحدیث حضرت مولانا مولوی محمد وصی احمد صاحب محدث سورتی کے پاس، ہزار کے طبع میں جو صرف ہو وہ تحریر بھیجئے کہ بعونہٖ تعالیٰ یہاں سے حاضر کیا جائے۔

مولانا اب یہ مسئلہ محض فرعی نہ رہا، وہابیہ مخذولین نے اس پر مذہبی رنگ چڑھایا اور اس پیرایہ میں اپنی مستمر چہل سالہ سکوتوں، ہزیمتوں کا عوض لینا چاہتے ہیں، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ سب احباب کی خدمت میں سلام۔ یہ ملحوظِ خاطر رہے کہ ہشام بن عبدالملک کے وقت سے بھی اس اذان کا داخلِ مسجد متصلِ منبر ہونا ثابت نہیں، اس نے صرف اذانِ اول میں تصرف کیا کہ زوراء سے منارہ کی طرف منتقل کی اذان ثانی بحالہ اپنی جگہ رکھی کما فی الجلد السابع فی شرح الزرقانی علی المواھب اللدنیۃ امام زین الحاج وغیرہ۔

بعض لوگ ہشام کی طرف اس کی تبدیل کی یوں نسبت کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک

Marfat.com

اذانِ ثانی بھی محاذاتِ خطیب میں ہونا بدعت ہے بلکہ اس میں بھی منارہ سنت ہے ان کے نزدیک زمانۂ رسالت وخلفائے راشدہ میں اذانِ ثانی بھی منارہ پہ ہوتی تھی۔ ہشام نے اسے محاذاتِ خطیب میں کر لیا لہٰذا وہ اس کی طرف اس کی تبدیل نسبت کرتے ہیں، ہمارے نزدیک زمانۂ رسالت ہی سے اذانِ خطبہ محاذاتِ امام میں ہے، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ ۲۵ر جمادی الاولیٰ ۳۲ھ

(۷)

بگرامی ملاحظہ ۔۔۔۔ مولانا مولوی حافظ عبدالسلام صاحب دامت فضائلہم

السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ : صحتِ مزاج والا سے مطلع فرمائیں، فقیر بے توفیر سو دعا کے کیا کر سکتا ہے، مولیٰ عزوجل آپ کے وجودِ مسعود کو اسلام وسنت کے حق میں محمود باوجود رکھے آمین۔ فقیر اپنے لئے بھی طالبِ دعا ہے۔ دو اشتہار حاضر ہیں، اپنی خیریت اور ان کی رسید سے اور پرچہ درود کی اشاعت سے مطلع فرمائیں، عزیزی ومولوی برہان الحق صاحب سے بعد سلامِ مسنون واحد اور سائر احباب اہلِ سنت کو سلام سنت الاسلام والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ ۲۳ر رجب ۳۳ھ

(۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بشرفِ ملاحظہ مولانا المبجل المکرم ذی المجد والفضائل والکرم حامی السنن ماحی الفتن الدینیہ جامع الفضائل القدسیہ قامع الرذائل الانسیہ عضدی وانسی بہجۃ نفسی جناب مولانا مولوی شاہ محمد عبدالسلام صاحب ادام اللہ تعالیٰ برکاتہم واعلیٰ فی الدارین درجاتہم آمین

Marfat.com

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ عزوجل بمنہ وکرمہ وبجاہ حبیبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جناب کو دائما ابدا ظلِ ظلیل اسمِ کریم، سلام، آفاتِ دوجہان وامراض سقام وشرِ اعدا رِ لیام سے امن وامان میں رکھے آمین، ویرحم اللہ عبدًا قال آمینا۔

مولانا! الحمدللہ تعالیٰ آپ کی حیاتِ گرامی سے ان تمام اقطار میں حیاتِ دین وابستہ ہے فاحیاکم وحیاکم ولا یغنی سحیاکم آمین۔ یہ فقیر حقیر باوصف کثرتِ معاصی ہر آن غیر محدود نامتناہی نعم ربِ اکرم عزوعلا وسیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے، والحمد للہ رب العالمین۔

ڈھائی سال سے اگرچہ امراضِ دردِ کمر ومثانہ وسر وغیرہا کا للازم ہو گئے ہیں، قیام و رکوع وسجود بذریعہ عصا ہے مگر الحمدللہ دینِ حق پہ استقامت عطا فرمائی ہے، کثرتِ اعدا روز افزوں ہے اور حفظِ الٰہی تفضیلِ الٰہی نامتناہی شامل حال، الحمدللہ رب العالمین بایں ضعف بدنی وقوت محن وکثرتِ فتن، الحمدللہ اپنے کاموں سے تعطل نہیں، کھانے اور سونے کی فرصت نہیں ملتی۔ اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا ظاہر میں معین و مددگار عنقا ہے اور ان کے سوا اور کسی کی حاجت بھی کیا ہے! الحمدللہ جناب کی محبت خالصۃ لوجہ اللہ صمیمِ قلب میں راسخ ہے، کبھی نیاز نامہ نہ لکھوں بلکہ بوجہ کثرتِ کار وافکار صحائف شریفہ یا عنایت نامہائے عزیز بجاں مولوی برہان الحق سلمہ الرحمٰن کا جواب بھی نہ دوں مگر بحمداللہ دل ہمیشہ یاد میں ہے اور زبان دعا میں۔ مولانا برہان الحق کا رسالہ دربیان تقبیلِ قبر مدت سے آیا ہوا ہے، ماشاء اللہ! بارک اللہ! بہت اچھا لکھا ہے، یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے اور فقیر کا مختار، درباره مزاراتِ طیبہ بلحاظِ ادب منع عوام ہے۔

غزل جس کی ردیف پھولوں کی ہے اکبر[1] میرٹھی نے یہاں آکر اپنے تخلص سے پڑھی اور

---

[1] حضرتِ خواجہ اکبر حسین اکبر وارثی میرٹھی، مشہور میلاد خواں اور نعت گو شاعر، اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت قدس سرہ کی خدمت میں مؤدبانہ حاضر ہوا کرتے تھے۔

Marfat.com

شائع کی۔ مولانا برہان میاں کو اب اس سے دست برداری چاہیئے، اس کے ایک مصرعہ میں یہاں اصلاح بھی دی گئی، جب باغِ جہاں کے "مالی" کی جگہ "مالک" بنایا گیا ہے، مولیٰ عزوجل کو مالی کہنا خلافِ ادب ہے، مالی صرف ناظر و خادمِ باغ ہوتا ہے۔

مولانا مولوی سخاوت[1] حسین صاحب سہسوانی مرحوم مغفور یہاں کے ایک مستقل، مستقیم سنّی عالم تھے، زمانۂ حضرت والد ماجد قدس سرہ میں میرے یہاں کے مدرسہ میں مدرس اول بھی رہے تھے، وہابیہ سے سخت نفور تھے، فرمایا کرتے تھے: وہابی اگر سامنے سے گزر جاتا ہے دل پر تاریکی آجاتی ہے، یہ غلام قطب الدین صاحب ان کے صاحبزادے ہیں، جب کبھی یہاں تشریف لائے، فقیر کے ساتھ بہت خلوص سے پیش آئے، سر پر بال بہت لمبے مثل نساء تھے۔ فقیر نے عرض کی کہ یہ حرام ہے، اسی جلسہ میں کتروا ڈالے۔ ان کا برہم چاری لقب البتہ ہندوانہ اور سخت معیوب ہے، فقیر کو خبر بھی نہیں کہ ان کا جلسہ کب، کہاں ہوا کرتا ہے۔ میں بھی نہ حاضر ہوا، بعض تحریرات میں اب ان کے کلمات حدِ شرع سے بہت متجاوز دیکھے، اگر وہ ملے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان سے کہا جائے گا مگر یہ کلماتِ کفریہ کبھی ان کی نسبت سننے میں نہ آئے، نقل میں بھی بہت تفاوت ہو جاتا ہے، راوی کی تنقیح فرمائیے، اگر ثقہ معتمد ہے تو حکمِ شرعی میں کسی کی تخصیص نہیں، جو اسلام و

---

[1] عالم متبحر، طبیب حاذق، صوفی باکمال، قطب العصر حضرت حافظ سید محمد علی شاہ خیرآبادی خلیفہ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی علیہ الرحمہ کے مرید و خلیفہ تھے، ایک عرصہ تک بسلسلہ رشد و ہدایت، ریاست بھیکم پور ضلع علی گڑھ میں مقیم رہے ہیں، انتقال ہوا اور وہیں دفن ہوئے، راقم سطور کے استاذِ گرامی امام العصر استاذ الہند حضرت مولانا سید غلام جیلانی اشرفی میرٹھی مدظلہ ان کے حقیقی پوتے ہیں اور ظاہر و باطن میں ان کے حقیقی وارث۔ مولانا سخاوت حسین صاحب قدس سرہ کے حالات کیلئے ملاحظہ ہو تذکرہ علمائے اہل سنت اور مقدمہ بشیر القاری۔

[2] حضرت استاذ العلماء مولانا لطف اللہ علیگڑھی کے تلمیذِ رشید اور حضرت شاہ محمد اسلم قدس سرہ جانشین حضرت محمد علی خیرآبادی کے مرید تھے، خلافت کا شرف اعلیٰ حضرت غوثِ زماں سید شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی سے حاصل تھا، سنسکرت اور ہندو مذہب پر بھی ان کی نظر گہری تھی، ہزاروں ہندوان کی کوشش سے مسلمان ہوئے، مزید حالات کیلئے تذکرہ علمائے اہلسنت دیکھئے۔

Marfat.com

کفر کو یکساں، مسلم و کافر کو برابر کہے، ہرگز مسلمان نہیں ہوسکتا اور بیانِ راوی میں کمی و بیشی پائے تو حکم بے ثبوتِ روشن ناممکن ہے، پھر بھی آزاد منش حضرات سے احتراز لازم۔

دوسرے بزرگ مدتوں وہابی رہے، ان کے حقیقی بھائی نے ان کے لامذہب محض ہونے کی شہادت دی، اب تھوڑے عرصہ سے وہ اپنے کو فقیر کا ہم مذہب ظاہر کرتے ہیں، جلسۂ مدرسہ سے قبل ان کا ایک خط مشتمل بر عقائدِ اہلِ سنت آیا تھا کہ میرے یہ عقیدے ہیں اور اسی جلسہ میں آنے کی اجازت چاہی تھی۔ یہاں سے لکھا گیا کہ اگر آپ کے یہی عقائد ہیں تشریف لائیے مگر آئے نہیں، وہ سخت مشکوک اور مشتبہ حالت میں ہیں۔

دو کتابیں حاضر کرتا ہوں، مخالفین تنگ آکر وہابیہ کی روش چلا چاہتے ہیں یعنی نصاریٰ کے یہاں نالش، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ دعا فرمائیں کہ مولیٰ سبحانہ ان کو اس ارادۂ ملعونہ و دیگر بہ ارادات فاسدہ، ایذا رسانی و آبروریزی سے، جن پر ان کے یہاں جلسہ ہو کر اجماع ہوگیا ہے، باز رکھے آمین وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ مولانا برہان الحق صاحب کو سلام و دعا اور سب احباب کو سلام والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۴ ربیع الاول شریف ۳۲ھ

(۹)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظۂ گرامی جناب مولانا المبجل المکرم المعظم المفخم حامی السنن السنیہ ماحی الفتن الدنیہ ذی الفضائل القدسیہ والفواضل الانسیہ قامع الرذائل الدنیہ جناب

مولانا مولوی محمد عبد السلام صاحب قادری برکاتی دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آپ پر جو سوانح گزرے وہ حصۂ اکابر ہوتا ہے اشد البلاء علی الانبیاء ثم الامثل فالامثل اور پہلے سے اس کی اطلاع فرمادی گئی تھی کہ بلاء بغتۃً نہ ہو ولنبلونکم بشیئ من الخوف الیٰ قولہ تعالیٰ

Marfat.com

واولئك هم المهتدون جناب سے گزارش حکمتِ لقمان آموختن ہے ان للہ ما اخذ واعطی کل شیئ عندہ باجل مسمی، مولیٰ عزوجل اجور موفور دارین میں کرامت فرمائے اور جانے والوں کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ بخشے۔

میں اپنی حالت کیا عرض کروں، اس پر قیاس فرمالیجئے کہ ایسے سوانح[1] پر ایک پرچۂ تعزیت لکھنے میں یہ تاخیر کثیر، مولیٰ عزوجل جانتا ہے کہ کتنے ارادے کئے مگر ماشاء اللہ کان سوا اس کے فقیر کے پاس کوئی عذر نہیں کہ کرمِ سامی سے عفوِ تقصیر چاہوں، جمعہ کہ جسے آج بارہ دن ہوئے، یہ لکھ کر خاص طور پر طیار کئے تھے، آج تک حاضر نہ کئے، یہ محض عطیہ و موہبت سنیہ، حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، ایک نقش مولانا مولوی برہان الحق میاں سلمہٗ کے لئے ہے، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۴ جمادی الاخریٰ ۳۳ھ

(۱۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بگرامی ملاحظہ مولانا المکرم المبجل المفخم ذی المجد والکرم والفضل الاتم احسن الشیم حامی السنن ماحی الفتن مولانا مولوی شاہ محمد عبد السلام صاحب قادری برکاتی دامت برکاتہم

---

[1] حضرت برہان الملۃ مولانا حکیم محمد برہان الحق رضوی سلامی قطبی سی پی نے مرتب مکتوبات کو ان سوانح کے بارے میں درج ذیل معلومات فراہم کیں "حضرتِ اقدس قدس سرہ نے جن سوانح کا ذکر فرمایا ہے وہ متعدد حوادث، بڑے دردناک گزرے، مسلسل ۳ سال کے اندر طاعون سے میری خالہ محترمہ، میری دو بہنوں، ایک چھوٹے چچا حافظ احمد سعید اور متعدد قرابت داروں کے سوانح مفارقت دائمی ہیں، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

Marfat.com

فیصلہ حق نما حاضر کر چکا ہوں، مولوی سلامت اللہ[1] صاحب رام پوری کے دوسرے فتویٰ پر ساڑھے تین سو رد کامل ۶۴ صفحہ پر ایک خط جس میں ان اعتراضات کا فیصلہ ان کے انصاف پر رکھا ہے، پرسوں جمعہ کو مولوی حامد رضا خاں سلمہٗ نے رجسٹری رسید طلب بھیجا ہے اور کل شنبہ کو فقیر نے نہایت دوستانہ طرز پر مناظرہ کی دعوت کا خط رجسٹری جوابی ارسال کیا ہے ۹ رجب روز پنجشنبہ سے ۱۴ رجب روز سہ شنبہ تک مارہرہ شریف میں حضرت سیدنا سید شاہ ابوالحسین[2] احمد نوری میاں صاحب قبلہ قدس سرہ العزیز کا عرس شریف ہے، صاحب سجادہ حضرت سید شاہ مہدی حسن[3] صاحب قبلہ دامت برکاتہم کی بے حد خواہش ہے کہ جناب قدوم میمنت لزوم سے اتمام فرمائیں، زبانی بھی فرمایا تھا پھر تحریراً کئی خط آئے لہٰذا مستدعی ہوں کہ ضرور ضرور استدعا منظور فرمائی جائے۔ تسلیم و برہان میاں و زاہد میاں

---

[1] قطب الارشاد حضرت مولانا شاہ ارشاد حسین مجددی فاروقی رام پوری رحمۃ اللہ علیہ کے ممتاز شاگرد، مرید اور خلیفہ اصلاً رہنے والے ضلع اعظم گڑھ کے تھے، بڑے باکمال عالم و عارف اور مرجع انام بزرگ تھے، مسئلۂ اذانِ ثانی میں انہوں نے بھی خلاف کیا تھا مگر اوروں کی طرح نہیں، خانقاہِ ارشادیہ میں ان کی ابدی آرام گاہ ہے۔ تفصیلی حالات کے لئے راقمِ سطور کی کتاب تذکرہ علمائے اہل سنت، حافظ احمد علی شوق رام پوری کی تذکرہ کاملانِ رامپور ملاحظہ کی جائے۔

[2] اعلیٰ حضرت امامِ اہل سنت بریلوی قدس سرہ کے پیر و مرشد اعلیٰ حضرت سیدنا شاہ آلِ رسول مارہروی کے پوتے اور جانشین اور امامِ اہلِ سنت کے راہِ سلوک میں رہنمائے کامل۔ حالات کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۂ نوری مطبوعہ لائل پور، برکاتِ مارہرہ، خاندان برکات، تذکرہ علمائے اہل سنت، نزہۃ الخواطر جلد ہشتم، تاریخ بزرگانِ برکاتی مرتبہ خاکسار محمود احمد برکاتی رفاقتی۔

[3] اعلیٰ حضرت قدس سرہ کے پیر و مرشد کے چھوٹے صاحبزادے کے فرزند اور مارہرہ سرکار کلاں کے سجادہ نشین، حالات کے لئے تاریخ بزرگانِ برکاتی ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

کو سلام و دعائے برکاتِ علم و عمل۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

(۱۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ جامع الفضائل القدسیہ، قامع الرذائل الانسیہ مولانا المبجل المکرم المفخم ذی المجد الاتم الفضل والکرم جناب مولانا مولوی شاہ محمد عبدالسلام صاحب دامت معالیہ وبورکت ایامہ ولیا لیبہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : کان اللہ لکم فی الدنیا والاخرۃ، تصدیقِ سامی تشریف لائیں، رسالہ درۃ التاج بھی ملا، عزیز بجان محمود اشرف جعلہ اللہ فرطا لکم واعظم اجورکم دائم نورکم وادام صورکم واجزل اسرارکم فی الدین والدنیا والاخرۃ کا انتقال سنا، انا للہ وانا الیہ راجعون ان للہ ما اخذ واعطی وکل شیئ عندہ باجل مسمی، انما اموالکم واولادکم فتنۃ و اللہ عندہ اجر عظیم، اللہ تعالیٰ برہان میاں کو جناب کے زیرسایہ برہان السنہ برہان الاسلام برہان الدین کرے، اللھم آمین اللھم آمین اللھم آمین۔

دفعِ اختلاج کے لئے ۲۰ بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ پانی پر دم فرما کر دو ایک جمعہ نوش فرمالیا کیجئے نیز ہر نماز کے بعد ۱۱ بار یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم دلِ ما را کن مستقیم بحق ایاک نعبد وایاک نستعین، اول آخر درود شریف غوثیہ ایک ایک بار پڑھ کر دل پر دم فرمالیا کیجئے۔

فقیر دعاگو ان دنوں مبتلائے افکار تھا اور ہے حسبنا اللہ و نعم الوکیل، چیچک کی کثرت میں فقیر کا ایک نواسہ قدسی نام ڈھائی برس کا، اسی میں جان بحق تسلیم ہوا اور دوسرے نواسہ کے بشدت نکلی، تیسرے پر اس کے پہلے سے بہت امراض کا زور تھا

Marfat.com

اور انہیں میں چیچک بھی نکلی اور بکثرت نکل چکے تھے کہ سب میں بڑا ہے کم نکلی، چھوٹا نبیرہ[1] بشدت اس میں مبتلا ہوا، یہ سب بحمداللہ تعالیٰ یکے بعد دیگرے شفایاب ہوئے، وللہ الحمد۔

رام پور کے بعض اہل سنت نے مسئلہ اذانِ ثانی[2] میں مخالفت کی اور وہابیہ نے ان کا ساتھ دیا، ان کے رد کے پرچے حاضر کرتا ہے اور دوسرا انیاز نامہ نہایت ضروری اللحاظ ہے مولوی برہان میاں، مولوی زاہد میاں و مولوی عبدالشکور صاحب و محمد غوث صاحب و سائر احباب کو سلام سنت الاسلام۔ بخدمت گرامی جناب والدہ ماجدہ صاحبہ تسلیم مع التکریم۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ از بریلی دوم ربیع الاول شریف ۱۳۳۴ھ

(۱۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ گرامی مولانا المبجل المکرم المفخم حامی الاسلام والسنن ماحی الکفر والفتن مولٰنا مولوی حافظ شاہ محمد عبدالسلام صاحب قادری برکاتی دام بالفضل والبرکۃ والحاضر والآتی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : اس وقت نامہ ملا، مولیٰ عزوجل قرۃ العین مولوی برہان میاں سلمہٗ کو بفضلہٖ وکرمہٖ نعم البدل ولدِ صالح عالمِ باعمل عطا فرمائے اور ان کے گھر میں شفاء، آمین آمین۔ فقیر کو بھی پانچ روز سے تپ آئی ہے، تین روز غفلت رہی کل مسہل تھا، آج ببرکت دعا شافی بحمداللہ بہت تخفیف ہے البتہ دماغ وصدر پر نوازل کی کثرت ہے، حرارت بھی مقیم ہے اور ضعف زائد، اسی حالت میں چاروں تعویذ اپنے ہاتھ سے لکھ کر حاضر کرتا

---

[1] حضرت مولانا حامد رضا خاں نعمانی میاں مرحوم خلفِ اصغر حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خاں علیہ الرحمہ۔

[2] علمائے رامپور میں حضرت مولانا عبدالغفار خاں مرحوم تلمیذ و مرید حضرت مولانا شاہ ارشاد حسین قدس سرہ اس اختلاف میں پیش پیش تھے۔

Marfat.com

ہے، جس پہ یاسمیع لکھا ہے، سینہ پر رہے، جس پہ یاعلیم ہے، بازو پہ، باقی دو سے ایک سیدھے بازو پہ، دوسرا بائیں پہ باندھ کر ڈیڑھ گھنٹہ انتظار کریں، اس میں اگر بخار اترجائے فبہا ورنہ سیدھے کا بائیں، بائیں کا سیدھے پر باندھ دیں، تبدیل میں وہ تعویذ جس پہ یاعلیم ہے، نہ بدلے۔

شام کو ایک کٹھائی میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دیں اور اس پہ کوئی قلم یا نیزہ بسم اللہ کہہ کر رکھ دیں، صبح بعد نماز، اس پر الحمد شریف سات بار، آیۃ الکرسی ایک بار، تینوں قل تین تین بار، اول آخر درود شریف ۳، ۳ بار پڑھ کر دم کریں اور آپ یا برہان میاں یا کوئی محرم اپنے چھینٹے ان کے منہ اور سینہ پر بقوت ماریں، چھینٹے کے ساتھ کہتے جائیں اللّٰھم اشف امتک وصدق رسولک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ منتہا اس عمل مبارک کے ۹ دن ہیں، کیسا ہی سخت بخار بلکہ معاذ اللہ مزمن یا تپ دق عیاذًا باللہ ہو لایجاوز تسعا باذن اللہ تعالیٰ۔ بخدمت والدہ صاحبہ سلام، برہان میاں وسائر اعزہ کو سلام، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ ۴ رجمادی الاولیٰ ۱۳۳۵ھ

(۱۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ گرامی ..... مولانا مولوی شاہ محمد عبد السلام صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : جناب مولانا مولوی محمد وصی احمد[1] محدث سورتی رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] ان کے دادا مدینہ طیبہ کے باشندے تھے، ان کے والد مولانا محمد طیب اور خود ان کی پیدائش سورت میں ہوئی، مولانا لطف اللہ علی گڑھی مولانا احمد علی سہارنپوری کے ممتاز ترین شاگرد تھے، حضرت گنج مرادآبادی سے ارادت و خلافت کا تعلق رکھتے تھے، فنِ حدیث میں ان کا پایہ بہت بلند تھا۔

Marfat.com

کے صاحبزادے مولانا عبدالاحد صاحب ایک پریشانی میں آئے ہیں، دفعِ بلا میں جو امداد اپنی وجاہتِ خداداد سے فرما سکیں، امید کہ مبذول ہو، مولانا مولوی برہان میاں سلمہ کو سلام و دعا۔

مولانا عبدالاحد صاحب سلمہ، کی تفصیل لکھیئے، فقیر دعائے خیر کرتا ہے۔ آپ کا خط پنجشنبہ کا لکھا ہوا یکشنبہ کو یہاں پہنچا، یہاں کے ڈاک کی مہر ۱۵ر دسمبر ہے۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۴ر ربیع الاول ۳۷ھ

(۱۴)

بملاحظہ عالیہ کامل النصاب، جناب مستطاب، حامی السنن ماحی الفتن، زین الزمن عبدالاسلام بقیۃ الکرام مولانا حافظ شاہ محمد عبدالسلام صاحب دامت معالیہ

وبورکت ایامہ ولیالیہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولائے عزوجل جناب نورعینی مولوی برہان میاں سلمہ و سائر احباب کو شرِ اشرار سے اپنے حفظ و امان میں رکھے استودع اللہ تعالیٰ ربکم وعزکم و عافیتکم و اولادکم و اموالکم و مالکم۔ برادرِ دینی حاجی عبدالرزاق[1] صاحب اس سانحہ کے ورود سے سخت صدمہ ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون عسی ربنا ان یبدلنا خیرا منہا انا الی ربنا راغبون ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العزیز الحکیم، مولیٰ عزوجل بمنہ وکرمہ وجاہ حبیبہ وقاسم نعمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کو جلد ناجی و کامیاب فرمائے اور مخالفین کو مخذول و مقہور کرے آمین۔

---

[1] حاجی صوفی شاہ عبدالرزاق قادری رضوی مرحوم مغفور، رسمی عالم نہ تھے مگر فقہی و دینی معلومات کا قابلِ قدر ذخیرہ ان کے گوشۂ دماغ میں محفوظ تھا، بڑے عابد و مرتاض اور متقی اور حامی سنت بزرگ تھے، اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو خلافت مرحمت فرمائی تھی۔

Marfat.com

حاجی صاحب کاکٹنی سے خط آیا ہے "ضمانت پر رہا ہوا ہوں، انشاء اللہ تعالےٰ کل اپیل کی درخواست کروں گا، حضرت مولانا عبدالسلام صاحب قبلہ نے بہت بڑی سعی فرمائی جو مولانا کا حق تھا، امید قوی ہے بہت جلد کامیاب ہوں گے، انشاء اللہ تعالےٰ کل جبل پور جاؤں گا" انتہیٰ بلفظہٖ۔

عجب ہے، کٹنی میں کوئی مسلمان ایسا نہ تھا کہ فوراً وہیں ضمانت کرا لیتا، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حاجی صاحب جبل پور ہوں گے، یہ نیاز نامہ حضرت کے بعد ان دونوں کے نام ہے، حاجی صاحب لاحول شریف کی کثرت بے تعداد رکھیں اور ہر بار کچہری[1] کو جاتے وقت حضرتِ عزت عزوجل کی طرف متوجہ ہو کر حسبنا اللہ ونعم الوکیل کہیں اور تا ختمِ وقت بے گنتی اس کی کثرت رکھیں نیز وقتاً فوقتاً یہ دعائے جلیل کہ ارشادِ حدیث ہے، پڑھیں لا الٰہ الا اللہ العلیم لا الٰہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الٰہ الا اللہ رب السمٰوات السبع ورب الارضین ورب العرش الکریم اصرف عنی شر فلان۔ فلان کی جگہ حاکمِ اپیل کا نام لیں۔

بہ برکتِ دعائے سامی اس ماہِ مبارک میں بخار تو نہ آیا مگر ۳۵ دن کے دورے اتنا نقیہ کر گئے کہ بات بمشکل ہوتی ہے، یہ ایک ورق کئی گھنٹوں میں بمشکل لکھا ہے۔ سب احباب کو سلام سنۃ الاسلام، بچوں کو دعا۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۳ ربیع الاول شریف ۳۸ھ

---

[1] دنیاوی عدالتوں کی بے انصافی کی وجہ سے اعلیٰ حضرت قدس سرہ اس کو ہمیشہ کچہری ہی کہا کرتے تھے اور عدالت کہنے پر تنبیہ فرماتے تھے۔

Marfat.com

(۱۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بہ سامی ملاحظہ۔۔۔۔ عیدالاسلام حضرت مولانا مولوی عبدالسلام سلمہ العزوالاکرام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : رب عزوجل یہ نعمتِ تازہ مبارک کرے اور اسے آپ اور نورِ عینی برہان میاں کے سایہ میں مدارجِ عالیۂ علم وعمل کو پہنچائے بجاہ حبیبہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، تین تعویذ حاضر کرتا ہے، بچے کے گلے میں ڈالے جائیں، چالیس دن تک روزانہ بچے کو اناج سے تول کر اناج کو محتاجوں کو دیں پھر باذنہٖ تعالیٰ سال بھر تک ہر سہ ماہ تولیں، دوسرے سال ہر دو ماہ پر، تیسرے سال تین مہینے پر، چوتھے برس چار مہینے، پانچویں سال ساڑھے چار مہینے پر، چھٹے سال پر ششماہی پر، ساتویں ہر سہ سال۔

اشتہار کے صرف پچاس پرچے یہاں تھے وہ بھجوا چکا ہوں، اسی بارے میں ایک اور رسالہ چھپ رہا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ جامع ومانع وکافی ووافی ہوگا، سب صاحبان کو سلام، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۴ جمادی الاولیٰ ۳۹ھ

(۱۶)

۷۸۶
۹۲

بگرامی ملاحظہ۔۔۔ حضرت مولانا شاہ عبدالسلام صاحب عیدالاسلام دامت برکاتہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ تعالیٰ اس نعمت مآل کو مبارک فرمائے میرا معمول یہ رہا ہے کہ جتنے بیٹے، بھتیجے پیدا ہوئے، عقیقے میں سب کا نام، نامِ اقدس رسالت پر رکھا اور کہنے کے لئے کچھ اور اس نعمتِ مآل کا عقیقہ بھی اسی نام پر ہو اور عرف عرفان الحق۔ پچاس تولہ معجون اور حاضر کی ہے، اب مقدار خوراک بتدریج ۲ تولہ تک بڑھا دیجئے، پھر موسمِ گرما آجائے گا، مولیٰ عزوجل نفعِ تام بخشے، بعد فراغ بعونہٖ تعالیٰ

Marfat.com

نسخہ بھی حاضر کردوں گا۔ احباب کو سلامِ سنۃ "الاسلام، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۹ر جمادی الاولیٰ ۳۸ھ

(۱۷)

بگرامی ملاحظہ۔۔۔۔۔ حضرت مولانا شاہ عبدالسلام صاحب عید الاسلام

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : دعائے جناب واحباب سے غافل نہیں، اگرچہ منہ دعا کے قابل نہیں اپنے عفو وعافیت کے لئے طالبِ دعا ہوں کہ سخت محتاجِ دعائے صلحاء ہوں۔ اجل[1] نزدیک اور عمل رکیک، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل، چار دن کم پانچ مہینے ہوئے آنکھ دکھنے آئی اور اس پر اطوارِ مختلفہ وارد ہوئے، ضعف قائم ہوگیا، سیاہ خیالات نظر آتے ہیں، آنکھیں ہر وقت نم رہتی ہیں، اول تو مہینوں لکھ پڑھ ہی نہ سکا، اب یہ ہے کہ چند منٹ نگاہ نیچی کئے سے آنکھ بھاری پڑجاتی ہے، کمزوری بڑھ جاتی ہے، پانچ مہینے سے مسائل در مسائل سب زبانی بتا کر لکھے جاتے ہیں، بارہویں ربیع الاول کی شام سے ایک ایسا مرض لاحق ہوا کہ عمر بھر نہ ہوا تھا، نہ اللہ تعالیٰ کسی سنّی کو اس میں مبتلا کرے، پچھتر گھنٹے کامل اجابت نہ ہوئی، پیشاب بھی بند ہوگیا تھا، مولیٰ تعالیٰ نے فضل فرمایا مگر ضعف بدرجۂ غایت ہے نواں روز ہے، بخار کا دورہ ہوا ضعف کو اور قوت پہنچی، کئی روز تجربہ کیا، مسجد تک جانے آنے کی تعب سے فوراً بخار آجاتا ہے، مجبوراً نہ کئی روز سے یہ ہے کہ کرسی پر بٹھا کر چار آدمی لے جاتے اور لاتے ہیں، ظہر پڑھ کر جاتا اور مغرب پڑھ کر آتا ہوں۔ طالبِ دعا ہوں۔ معجون دماغ افروز، سرکارِ ابد قرار ماہرہ مطہرہ کے مجربات سے ہے، زمانۂ حضرتِ

---

[1] وصال سے ایک سال پہلے اس کی آگاہی، یہ مرتبہ محبوبانِ الٰہی ہی کو حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

سیدنا شاہ آلِ محمد[1] و سیدنا شاہ حمزہ[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بارہا طیار ہوتی اور تقسیم فرمائی جاتی ہے۔

نورعینی مولوی برہان میاں اور ان کے اخوات و بنات و سائر متعلقات کو دعا، جناب والدہ صاحبہ کو تسلیم، دادا بھائی، عبدالکریم بھائی، قاسم بھائی، حکیم عبدالرحیم صاحب، سید عنایت علی صاحب و سائر احباب کو سلام سنۃ الاسلام، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ، ۲۵ ربیع الاول ۳۹ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حضرتِ بابرکت مولانا عبدالسلام ادامہ السلام بالعز والسلام وحضرۃ الاسلام آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : ایک وقت میں تین واقع ایسے نہیں کہ انسان کے پائے ثبات میں تزلزل نہ آنے پائے مگر جناب بفضلہ تعالیٰ علمائے عاملین و جبال وقار و تمکین سے ہیں، خط تعزیت کا فقیر نے نورعینی مولوی برہان میاں سلمہ کو لکھا، اگرچہ جناب کو حاجت نہیں مگر ایک نظر ملاحظہ فرمالیجئے اور ان دونوں صاحبوں کو سنا کر تفہیم کامل، تلقین صبر فرمادیجئے۔

ضرور ضرور تھا کہ فقیر اس وقت تعزیۃً حاضر ہوتا مگر اپنی حالت کی تفصیل کہ اس وقت تک بخیالِ فکر و ملالِ جناب گزارش نہ کی تھی، عرض کرنی یوں مناسب ہوئی کہ بفضلہ تعالیٰ جو عظیم تعلق جناب اور نورعینی برہان میاں اور اس سارے مبارک گھر کو میرے ساتھ ہے اس کی نظیر کم ہے۔ اس طرف فکر کی مشغولی ادھر کے غم سے شاغل ہوگی اور اس محتاجِ دعا

---

[1] بانی سلسلہ قادریہ برکاتیہ کے فرزندِ ارجمند اور جانشین۔ تفصیل کے لئے دیکھئے فقیر راقم سطور کی کتاب "تاریخ بزرگان برکاتی" میں ملاحظہ کی جائے۔

[2] سجادہ نشین اول مارہرہ مطہر کے فرزند ارجمند اور جانشین۔ تفصیل کے لئے "تاریخ بزرگانِ برکاتی" دیکھی جائے۔

Marfat.com

کے لئے خالص قلب سے دعا فرمائیں گے، وہ دعا ان شاء اللہ تعالیٰ میری نجات و شفاء کی کافل ہوگی۔

بھوالی میں ۱۹ ذی الحجہ سے چار روز مجھے شدید بخار آیا، پانچویں دن دردِ پہلو پیدا ہوا، پھر وہ دردِ جگر سے متبدل ہوا، ۷ محرم کا دن اور آٹھویں شب جیسی گذری الحمد للہ رب العالمین الحمد للہ علیٰ کل حال واعوذ باللہ من حال اھل النار وہاں نہ کوئی طبیب نہ کچھ دوسرا، اوپر کی سانس یہ معلوم ہوتا تھا کہ جگر کی رگیں اوپر کھچی چلی آئی ہیں اور نیچے کی سانس کے ساتھ نیچے جاتی تھیں، یہ معلوم ہوتا تھا کہ جگر کی ایک طرف سے بان کی برابر موٹی رسی کئی انگل بلند ہوئی اور دوسری طرف سے دوسری اور دونوں میں کنکیاں کی طرح سے پیچ ہوئے، پھر وہیں بیٹھ گئیں، اس کے ساتھ بار بار یہ ریاح قلب کی طرف متوجہ ہوتے معلوم ہوتے تھے، اس وقت اندیشہ زیادہ ہوا، حدیث میں جو دعا ارشاد فرمائی ہے، میں نے قلب پر ہاتھ رکھ کر پڑھی، ان پر بے شمار درود دیں ہوں، فوراً بڑی بڑی ڈکاریں آنی شروع ہوئیں اور یہاں تک آئیں کہ بفضلہ تعالیٰ وہ ریاح قلب سے صاف ہوگئے۔ یہ رات کے بارہ بجے کا واقعہ ہے۔

اب جگر نے کہا مجھے کیوں محروم رکھا جائے، میں نے اس پر ہاتھ رکھ کر وہی دعا پڑھی، بے کسی دوا کے ایک اجابت ہوئی اور درد میں باذنہٖ تعالیٰ خفت تین بجے کے قریب پھر جگر پر اجتماعِ ریاح اور اشتدادِ درد ہوا، میں نے پھر دعا پڑھی فوراً دوسری اجابت ہوئی اور درد میں بفضلہٖ تعالیٰ خفت ہوئی، چار بجے پھر ایسا ہی ہوا، میں نے پھر دعا پڑھی، فوراً اجابت ہوئی اور بحمدہٖ تعالیٰ درد جاتا رہا۔ یہ ان کا فضل و کرم ہے افضل صلوٰۃ اللہ واکمل تسلیمات علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وابنہٖ وحزبہٖ الیٰ ابد الابدین فی کل آن وحین بعدد کل ذرۃ ذرۃ الف الف الف مرۃ آمین والحمد للہ رب العٰلمین۔

Marfat.com

اور ایک عجیب واقعہ استماع فرمایئے جسے میں نے طبیبوں کے سامنے ذکر کیا اور پوچھا کہ تمہاری طب میں اس کی کوئی وجہ ہے یا طبعیات میں کچھ پتہ چلتا ہے؟ یہی جواب ملا کہ حاشا بلکہ یہ رحمتِ خاصہ خدا ہے، اس مرض کے ساتھ ہی بہ شدت کھانسی و زکام پیدا ہوئے اور بلغم میں لزوجت ایسی کہ دس دس جھٹکوں کے بعد بدشواری جدا ہوتا ہے کھانسی اس وقت شدت کی، اتنے جھٹکے ہوتے اور جگر و پہلو میں درد، ان کو ان جھٹکوں کی اصلاً خبر نہ ہوتی، ایک صاحب کے پاؤں میں زخم ہے، کھانسی آتی ہے وہاں درد ہوتا ہے اور یہاں برابر کے اعضاء میں درد اور ان کو ان جھٹکوں کی اصلاً اطلاع نہیں فالحمد لوجہہ الکریم حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ کما یحب ربنا و یرضی۔

غرض یہ وہ مرض تھا، بائیس دن میں بازو کا گوشت صحیح پیمائش سے سوا انچ گھل گیا، رانوں کا ابتدائی حصہ اتنا رہ گیا جتنے بائیس دن پہلے بازو تھے، شدتِ قبض و ہیجانِ ریاح کا سلسلہ اب تک ہے۔

چودہ محرم کو پہاڑ سے واپس آیا، لاری والے میرے احباب تھے، مولیٰ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے، لاری میں میرے لیے پلنگ بچھا کر لائے اور بفضلہٖ تعالیٰ بہت آرام سے آنا ہوا، یہاں جب تک آیا ہوں، اتنی قوت باقی نہ تھی، عشاء سے ظہر تک کی نمازوں کو چار آدمی کرسی پر بٹھا کر مسجد میں لے گئے، عصر بھی مسجد میں ادا کی، پھر بخار اور اب تک مسجد جانے کی طاقت نہ رہی۔ پندرہ روز سے اسہال شروع ہوئے اس نے بالکل گرا دیا، نماز کی چوکی پلنگ کے برابر لگی ہے، اس پر بیٹھے بیٹھے جانا تین تین بار ہمت سے ہوتا ہے، الحمدللہ کہ اب تک فرض و وتر اور صبح کی سنتیں بذریعہ عصا کھڑے ہی ہو کر پڑھتا ہوں مگر جو دشواری ہوتی ہے دل جانتا ہے۔ آٹھویں دن جمعہ کی حاضری تو ضرور رہے، مکان سے مسجد تک کرسی پر جانے میں وہ تعب ہوتا ہے کہ بیٹھ کر سنتیں بھی بہ دقت تمام پڑھی جاتی ہیں اور اس تکان سے

Marfat.com

عشاء تک بدن چور رہتا ہے، نبض کی یہ حالت ہے کہ ایک ایک منٹ میں چار چار مرتبہ رک جاتی ہے، دو دو قرع کی قدر رکی رہتی ہے پھر باذنہٖ تعالیٰ چلنے لگتی ہے لہٰذا با دلِ ناخواستہ حاضری سے معذور رہوں۔ میں نے حامد رضا خاں، مصطفٰے رضا خاں سے کہا تھا کہ میں نہیں جاسکتا، تم دونوں میں سے کوئی خدمتِ حضرتِ مولانا میں حاضر ہو مگر وہ اس مخدوش حالت میں مجھے چھوڑ کر جانا پسند نہیں کرتے۔

یہ سب حالات میں نے شکر نعمتِ الٰہی و طلبِ دعا کے لئے لکھے ہیں، میں قسم دیتا ہوں کہ جناب یا نورِ عینی برہان میاں حالتِ موجودہ میں عیادت کے لئے ہرگز تکلیف نہ فرمائیں، وہیں سے دعاء ان شاء اللہ تعالیٰ کافی ہے اور اگر وقت آگیا ہے تو میں ان دونوں سے کہہ دوں گا کہ جب یاس سمجھو فوراً حضرتِ مولانا کو تار دیدو کہ نماز میں شرکتِ جناب، فقیر کے لئے ان شاء اللہ تعالیٰ باعثِ رحمت و برکت ہوگی۔

یہ خط صبح سے رات کے گیارہ بجے تک متفرق اوقات میں لکھوایا یا ہے احباب کو سلام اور طلبِ دعا، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۹ر صفر مظفر سنہ ۴۰ھ

بقلم مصطفٰے رضا قادری غفرلہ

Marfat.com

Marfat.com

بنام مولٰینا ظفر الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ

①

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حبیبی وولدی وقرۃ عینی مولانا مولوی ظفر الدین صاحب قادری جعلہ اللہ کاسمہ

ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : پہلے ایک پلندہ "ابانۃ المتواری"[1] وغیرہ کا آپ کو بھیجا گیا ما، وہ نہ پہنچا، اب مدت ہوئی "وقایہ اہل سنت"[2] وغیرہ اشتہارات کا پلندہ بھیجا، اس کی یداب تک نہ آئی، اس کی تفتیش کیجئے کہ پلندے کہاں ضائع ہوتے ہیں۔ ایک خط آپ کو ب مسائل میں بھیجا تھا، وہ آپ کو نہ ملا، رجسٹری مرسل ہو تو وہ بھی ہر شخص لے سکتا ہے لہٰذا ہٰذا یہ پلندہ بیرنگ مرسل ہے۔ وہابیہ نے اس مسئلہ کو طول دیا ہے۔ مدت سے ان کی امید تھی کہ اصولِ دین چھوڑ کر کسی فرعی مسئلہ میں بحث آپڑے، اپنے موافق اپنا تصدیقی خط دیدیہ سکندری میں چھپ چکا مگر اس قدر کافی نہیں، رسائل مسائل بھیجتا ہوں، ایک مختصر فتویٰ اگرچہ دو ہی سطر کا ہو اپنے مہر سے اور جتنے لوگوں کی مہریں وہاں مل سکیں فوراً فوراً ارسال کیجئے، پھر ایک پرچہ پر اس کے ہزار نسخے وہیں چھپوا کر دو سو یہاں اور دو سو مولانا محدث سورتی کو بھیجئے، طبع کے خرچ سے مطلع کیجئے کہ مرسل ہو، طبع سے پہلے اصل مہروں کا فتویٰ فوراً بھیجدیجئے، والسلام

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۳ جمادی الاولیٰ روزِ جاں افروز دوشنبہ ۱۳۳۲ھ

---

[1] قضیۂ انہدامِ مسجد مچھلی بازار کان پور کے فیصلہ پر اعلیٰ حضرت قدس سرہ کا شرعی تنقیدی رسالہ۔

[2] مسئلۂ اذانِ ثانی پر علمائے رامپور اور فاضل بریلوی کے مابین مکتوبات کا مجموعہ مرتبہ حضرت حجۃ الاسلام قدس سرہ۔

Marfat.com

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی وزینی وقرۃ عینی برادرِ دینی ویقینی مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب جعلہ اللہ کاسمہ ظفر الدین آمین

صـ۱۳۶

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : عبارتِ تاتارخانیہ بہت عمدہ ہے، ایسی عبارتیں کہ اذان مکانِ عالی پر ہوں، کافی نہیں، مسئلہ اذان محدث وجنب واقامت میں اعادہ اذان، نہ اقامت کی یہ تعلیل کہ اذان کی تکرار مشروع ہے کما فی الجمعۃ، عبارتِ بحر بہت نفیس واقع ہوئی جس سے ثابت کہ ہر دو اذانِ جمعہ باعلانِ غائبین ہیں، اس کے مثل یا مؤیّد جو عبارات نکلیں وہ بھی پہنچائیں۔ فقہِ شافعی میں امام ابو اسحٰق کی کتاب تنبیہ ہے، اس کی شرح امام ابو زکریا نووی نے فرمائی جس کا نام تحریر ہے، یہ متن وشرح اگر اس کتب خانے میں ہوں تو جلوس امام علی المنبر وقیام مؤذن للاذان کے متعلق جو کچھ اس میں ہو، نقل کرکے بھیجئے، نیز باب الاذان میں اگر کچھ لکھا ہو۔

کلکتہ میں دیابنہ کا جلسہ تھا وہاں بھی جاکر مناظرہ کا غل کیا، پندرہ پندرہ ہزار روپے جمع کر دینے ٹھہرے، تاروں اور خطوں پر ۱۲ دن مکالمہ رہا مگر نہ تھانوی نے اقرارِ مناظرہ کیا نہ دیابنہ جم سکے، حسبِ عادت قرار بر فرار افتاد۔ حامیٔ سنت حاجی لعل خاں صاحب سلّمہ ان وقائع کی تفصیل کا رسالہ چھپوانے کو ہیں ان شاء اللہ تعالیٰ، اسی طرح اسی ماہِ صفر میں رہتک صوبہ پنجاب سے تھانوی صاحب نے پہلے ہی خط پر فرار کیا، اس کا ان شاء اللہ تعالیٰ رسالہ چھپے گا، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

۳۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۲ھ

Marfat.com

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی اعزّی اعزک اللہ فی الدنیا والدین وجعلک کاسمک ظفرالدین آمین آمین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : پانچ رسالے اور آپ کا فتویٰ مرسل ملے، بارک اللہ فیک ولک وبک وعلیک، عبارتِ تحریر کی زیادہ ضرورت ہے نیز شرح وقایہ یا نقایہ فصیح ہروی اگر وہاں ہو اس مسئلہ کے فطان اور مرور بین یدی المصلی کی بحث دیکھو کہ اس میں کیا لکھا ہے؟ یہاں قرب اضافی مراد ہے او کما قال۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ از بریلی ۸ رجمادی الاخریٰ ۳۲ھ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفرالدین صاحب جعل کاسمک ظفرالدین آمین،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : فتویٰ آیا اور تقسیم ہوا اور آپ کو رسید نہ بھیج سکا کہ سرکارِ ماہرہ مطہرہ حاضر ہونا ہوا، چھ روز میں واپس آیا اور صعوبتِ سفر و ناسازیٔ طبع سے اکیس روز معطلِ محض رہا، اب مبتلائے بعض افکار ہوں، طالبِ دعا ہوں۔

مسوّدۂ فتویٰ جو آپ نے بھیجا اس میں مولوی دیانت حسین صاحب و مولوی مقبول احمد صاحب[۲]

---

[۱] مولانا سید دیانت حسین مرحوم کرانی بھپورہ ضلع دربھنگہ کے باشندہ تھے، علمائے رامپور سے انہوں نے درسیات کی تکمیل کی، جامعہ شمس العلوم بدایوں میں صدر مدرس رہے، آخر میں صوبہ بہار کے مشہور درس گاہ جامعہ اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ کے شیخ مقرر ہوئے۔ حالات کے لئے تذکرہ اہلِ سنت ملاحظہ ہو۔

[۲] صوبہ بہار کے مشہور معقولی عالم حضرت مولانا حکیم سید برکات احمد بہاری ٹونکی مرحوم کے تلامذہ ہی ان کا بلند مقام ہے، مولانا ٹونکی کے تلامذہ میں اب آپ ہی زندہ ہیں، خدا ان کی عمر دراز کرے۔

Marfat.com

کے بھی دستخط تھے، اس مطبوعہ میں نہیں، اس کا کیا سبب ہوا، مبسوطِ سرخسی کتب خانہ میں ہو تو اس عبارت کو تطبیق کر بھیجئے :

والاصطفاف بین الاسطوانتین غیر مکروہ لانہ صف فی حق کل فریق وان لم یکن طویلا وتخلل الاسطوانۃ بین الصف کتخلل متاع موضوع او کفرجۃ بین رجلین وذلک لا یمنع صحۃ الاقتدار۔

یہ عبارت یونہی ہے یا کہ اس میں فرق ہے، اس کا سابق ولاحق کیا ہے؟ مبسوط چھپ گئی ہے مگر ابھی یہاں نہ آئی۔ اب کی بار نقشہ ماہِ مبارک کا کیا انجام ہوگا؟ یہ خط ابھی نہ بھیجا تھا کہ آپ کا نقشہ سحر و افطار آیا فجزاکم خیرًا کثیرًا، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۳۲ھ

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین جعلہ اللہ تعالےٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

سات روز سے دیہات میں آیا ہوا ہوں، آپ کا کارڈ تھا ملا، مولوی دیانت حسین صاحب کے دستخط کی ضرورت تھی، مبسوطِ سرخسی کی یہ عبارت طائفۂ کذابیہ نے رسالہ تنشیط الاذان میں کہ انبیٹھی نے مسئلۂ اذانِ خطبہ میں، سخت جہالاتِ فاحشہ پر لکھا، استنادًا نقل کی ہے، ان لوگوں کا کذب بدیہی اول ہے۔ آپ کسی شخص کے نام سے اسے خط بھجوائیے بلکہ مناسب ہو تو رجسٹری کہ آپ نے فلاں رسالہ میں یہ عبارت مبسوطِ سرخسی سے نقل کی، آپ کے بعض مخالفین کہتے ہیں کہ یہ عبارت مبسوط میں کہیں نہیں لہٰذا براہِ مہربانی بواپسی ڈاک اطلاع دیجئے کہ عبارتِ مذکورہ مبسوط کے کس کتاب و باب و فصل و جلد و صفحہ میں ہے کہ مخالفوں کو دکھا کر ساکت کیا جائے، اس خط کی کارروائی باذنہٖ تعالیٰ جلد ہو۔ رجسٹری ہی مناسب

Marfat.com

ہے اور اگر وہ جواب نہ دے تو مبسوط کے باب الامامۃ باب مکروہات الصلوٰۃ وغیرہا ایسے استیعاب وغور سے پڑھے جائیں کہ نفی چھاپ دینے کا موقع ملے۔ اس کے مہمل رسالہ کا رد اگرچہ اصلاً ضروری نہیں کہ سب وہی مردود ات پیش کرتے ہیں اور ان کے رد کو ہاتھ نہیں لگاتے، پھر بھی عوام ہر تازہ تحریر کا جواب چاہتے ہیں لہٰذا باذنہٖ تعالیٰ کچھ نہ کچھ ہونا بہتر ہے۔ یہ جواب اس تحقیق وطلبِ تصحیح، نقل موقوف ہے لہٰذا عجلت واحتیاطِ کامل دونوں مطلوب ہیں۔

اور اگر وہ پتہ دے اور عبارت نکلے تو ماسبق ومالحق بتمامہٖ نقل کر کے بھیجے، اس عبارت کی حالت، بہت مشتبہ ہے، اول تو مسئلہ خلاف نصوص، ثانیاً دلیل ودعوے میں تطابق نہیں دعوی عدم کراہت اور دلیل اقتدار کی صحت لہٰذا اعتبار نہیں آتا کہ امام شمس الائمہ نے ایسا فرمایا اور مقرر رکھا ہوا، واللہ تعالیٰ اعلم۔

منٹی مطلقاً حرام نہیں بلکہ بقدرِ ضرورت چونا بھی اسی جنس سے ہے، بقدر غیر مضر جیسا پان میں ہوتا ہے حلال ہے، خاص پان کے چونا کا جزئیہ نصاب الاحتساب میں ہے کتاب یہاں پاس نہیں کہ باب کا پتہ لکھوں، اگر آپ کو نہ ملے تو بریلی پہنچکر ان شاء اللہ تعالیٰ عبارت مع نشان وباب لکھ بھیجوں گا۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۶ شعبان المعظم ۳۲ھ

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : میں جن امور میں ہوں، اگر آپ کو تفصیل معلوم ہو تو مجھے عدمِ تحریرِ خطوط میں معذور رکھیں گے مگر آپ کی یاد، دل کے ساتھ ہے۔ جو عظیم سعادت میسّر ہوئی محض عطیۂ الٰہی تھی اس میں یہ نقوش تیار کیے جو مرسل ہیں۔ یہ نقشِ جلیل میں ان کے

Marfat.com

مختلف شرائط تھے اور بقدرتِ الٰہی اس جمعہ کو سب جمع ہوں گے اور ان سے اور زیادہ تھے، قمر سعد الاخبیہ میں زہرہ و قمر کا قران زہرہ شرف میں مشتری بیت میں، زہرہ و مشتری کا قران، آفتاب خاص درجۂ شرف میں، دن خاص جمعۂ مبارکہ کا، ان کے فوائد، برکاتِ عظیمہ، مخلوق و خالق سب کے نزدیک عظیم و جاہت، بعونہٖ تعالیٰ ہر ضیق سے نجات، ہمیشہ وسعتِ رزق، محبتِ الٰہی، حیات طیبہ، قلوبِ خلائق میں محبت، ان میں دو نقشوں میں مکتوب لہٗ کے نام کے اعداد بھی داخل کئے جاتے ہیں۔ وقت بہت قلیل تھا، صرف پندرہ نام اس کے لئے تجویز کئے، ان میں ایک آپ کا بھی نام تھا۔

نقوش حاضر ہیں، مولیٰ تعالیٰ مبارک فرمائے، ہر پنجشنبہ یا جمعہ کو انہیں لوبان کی دھونی دی جائے اور اس وقت دام ناج، روٹی ماحضر پر حضرت سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز دے کر محتاج مسلمانوں کو دے دیا کریں، ان عظیم نقشوں کی قدر کی جائے کہ ایسی ساعات کا اجتماع بہت مفید ہے، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۴ جمادی الاخریٰ ۳۳ھ

(۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب جعلہ اللہ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : ضرور تکثیر عبارت علیٰ باب المسجد مطلوب ہے، میرے پاس اس قدر کتب نکلیں، حامیٔ سنت حاجی لعل خاں[1] صاحب کو دوبارہ جوابِ اشتہار کا انتظار ہوگا، سد الفرار کی تکمیل ضروری تھی، پھر اجلی الانوار کی بحمدہٖ تعالیٰ اس سے

---

[1] مسئلۂ اذانِ ثانی کی تردید میں مولانا محمد معین الدین اجمیری مرحوم کے رسالہ القول الاظہر کے سلسلہ میں اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت اور شیخ الاسلام حضرت مولانا انوار اللہ خاں حیدرآبادی کے مابین خطوط کا مجموعہ مرتبہ حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا قدس سرہ جانشین اول اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہ۔

Marfat.com

فراغ ہوا۔

طبعِ فتاویٰ[1] باذنہٖ تعالیٰ پھر شروع ہے۔ اس زمانے میں ایک نا تمام رسالہ النمیمۃ الالفی فی فرق الملاقی والملقی زیرِ طبع تھا، اب وہی چھپ رہا ہے، اس کی تکمیل ہے ورنہ مطبع معطل رہے، یہ بھی بفضلہٖ تعالیٰ دو ثلث سے زیادہ ہو گیا، لعونہٖ عزوجل اس سے فارغ ہو کہ جوابِ مذکور ہی کی طرف توجہ ہو گی۔

آپ نے پہلے ایک خط میں کچھ عباراتِ تفاسیر جس میں نسخِ کریمہ مذکور تھا، بھیجی تھی وہ خط ہر چند تلاش کیا، نہ ملا، یہ عبارات پھر بھیج دیجئے، عبارات علی الباب سے پہلے۔

یہ تصدیق طلب رسالہ مولوی سید دیانت حسین صاحب کے نام بھیجا گیا تھا، پہنچا یا نہیں، آپ کو فہرست علماء بھیجنے کے لئے لکھا تھا، اب بھیجئے۔ ذی الحجہ میں آپ نے عزیزہ زرینہ اور اس کی بہن کا صحیح وقت ولادت مع طول وعرض موضع ولادت بھیجنے کو لکھا اب تک نہ آیا۔ مولیٰ عزوجل آپ کو جزائے وافر عظیم عطا فرمائے۔ آپ کی رضائی بہت محل رضا میں کام آئی۔ اس جاڑے میں جو رضائی یہاں بنی بھاری اور بہت روئی کی تھی، ایک ولایتی صابر و قانع کو سخت ضرورت تھی، وہ ان کی نذر ہو گئی اور آپ کی مرسلہ رضائی میں نے اوڑھی جزاکم خیر جزاء کم کثیر، والسلام

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ربیع الآخر ۳۴ھ، ۱۴ فروری ۱۹۱۶ء[2]

(۸)

۷۸۶

ولدی الاعز حامی السنہ ماحی الفتنہ جعلہ المولےٰ تعالےٰ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مدت ہوئی ترکِ سلام و کلام کو، میں جن احوال

---

[1] فتاویٰ رضویہ جلد اول۔

[2] یہ اور اس سے اگلا خط ہی احقر مرتب کی نظر سے ایسے گزرے ہیں جن میں عیسوی سن اور تاریخ درج ہے۔

Marfat.com

میں ہوں الحمد للہ بی علیٰ کل حال واعوذ بہ من حول اھل النار وثمن اگر قولیست نگہباں قوی تر است ، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔

آج درد و کرب و تپ کی زیادتِ شدت رہی اور حمد اس کے وجہ کریم کو کہ بیشمار عافیتیں ہیں، مجھے کافی شرح وافی اور غایۃ البیان اتقانی اور مبسوط شمس الائمہ سرخسی سے بحث مارِ مطلق و مارِ مقید تمام و کمال کی ضرورت بعجلت تمام ان کی تعریفیں اور ضوابط وجزئیات اور مطبوخ و مخلوط کے احکام بالتفصیل درکار، کسی صحیح نویس کاتب سے باجرت نقل کرائیے اور مقابلہ خود کیجیے کہ مجھے بہت تعجیل ہے، جو اجرت قرار پائے گی بعونہ تعالیٰ حاضر کی جائے گی۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۳۴ھ ۲۵ مئی ۱۹۱۶ء

⑨

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولٰنا المکرم جعلہ اللہ تعالےٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : فتح[1] مبارک ہو۔ پہلے معلوم تھا مگر ہمارے حاجی صاحب کا استعجاب جس کا حاصل یہ ہوا کہ آپ یہاں سے چلے گئے، دیوبندیوں کے پیچھے نماز درست

---

[1] کلکتہ میں ولی اللہ نامی ایک دیوبندی مولوی نے جگہ جگہ اپنی تقریروں میں اہلِ سنت کے معتقدات پر سوقیانہ حملے کیے اور مناظرے کے چیلنج بھی دیئے، حضرت الاستاذ ملک العلماء مولانا شاہ محمد ظفر الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ سالانہ تعطیل کی رخصت میں بغرضِ استفاضہ بریلی شریف حاضر تھے، حاجی محمد لعل خاں مدراسی خلیفہ اعلیٰ حضرت نے ان کی طلبی کا تار اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت کو دیا کہ حضرت ملک العلماء کو کلکتہ بھیجدیئے چنانچہ ان کے پہنچتے ہی دیوبندیوں کا سارا جوش ٹھنڈا ہو گیا۔

Marfat.com

نہ ہونے کا یہ اشتہار جس میں مولوی برکات[1] احمد صاحب کی تحریر ہے، غنیمت ہے، امید کی جاتی ہے کہ ان شاء المولیٰ تعالیٰ رفتہ رفتہ آملیں، واقعی ایسی حالت میں بھڑکانا نہیں چاہیئے مگر وہ حاشیہ جو حاجی صاحب کی کتاب میں ان کے خط پر چھپا ہے، ایک صاحب کی روایت ہے جو ان کی طبع شدہ تحریر کے مقابل، مقبول نہ ہوگی، پھر اس میں عذر بھی نہایت یاد رہے جیسے کوئی اپنے آپ کو زید بن عمرو لکھ کر بکر بن خالد بتائے اور عذر کرے کہ مجھے یاد نہ رہا تھا کہ میں سنّی ہوں، یہاں بعینہٖ یہی صورت ہے، بدگویانِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بدگو جان کر سنّی بتانا خود اپنے آپ کو گمراہ، بے دین بنانا ہے، بھول کا عذر وہی ہوگا کہ مجھے یاد نہیں رہا تھا کہ میں سنّی ہوں، بہرحال ع چوبازآمدی ماجرا مکنم،

اس اشتہار کا مع ان کے مہر کے کتاب میں طبع ہونا ضرور ہے۔ کاغذ کے نمونے آگئے، واقعی بہت گراں ہیں، حاجی علیٰ صاحب گئے، مولوی امجد علی[2] صاحب کے

---

[1] امام المعقول والمنقول حضرت مولانا الحاج حکیم صوفی سید شاہ برکات احمد چشتی صابری میرنگری عظیم آبادی قدس سرہ، نادرِ روزگار بزرگ گزرے ہیں، خیرآبادی علوم وفنون کے اعلیٰ ترین ورثاء میں سے آپ کا شمار ہوتا ہے اور خیرآبادی عقیدہ ومسلکِ حبِ رسولِ عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے زبردست پاسدار تھے۔

[2] علامہ ہدایت اللہ خاں رام پوری اور شیخ المحدثین مولانا وصی احمد محدث سورتی کے شاگردِ رشید اور مکتوب نگار قدس سرہ کے مرید اور ممتاز خلیفہ، فقہ وحدیث میں امامت کا منصب رکھتے تھے۔ شیخی ووالدی شیخ الحدیث تاج الشریعہ حضرت مولانا شاہ رفاقت حسین مدظلہ شیخ الحدیث مولانا سردار احمد محدثِ پاکستان، استاذ الہند علامہ سید غلام جیلانی میرٹھی مدظلہ وغیرہم آپ کے ممتاز شاگرد ہیں۔

تفصیلی حالات "خلفائے اعلیٰ حضرت" مرتبہ جناب محمد صادق قصوری مدظلہ اور راقم سطور کی کتاب "تذکرہ علمائے اہل سنت" دیکھئے۔

Marfat.com

آنے پر رائے معلوم ہوگی ۔ کلکتہ میں بھی ایک عالم سنّی کی بہت ضرورت ہے، حاجی صاحب کو اللہ تعالیٰ برکات دے، تنہا اپنی ذات سے وہ کیا کیا کریں، سنّیوں کی عام حالت یہی ہو رہی ہے کہ جن کے پاس مال ہے انہیں دین کا کم خیال ہے اور جنہیں دین سے غرض ہے افلاس کا مرض ہے ورنہ کلکتہ میں حمایتِ دین کے لئے دو ہزار روپے ماہوار بھی کوئی چیز نہ تھے اور ادھر یہ مدرسہ شمس الہدیٰ جس کی نسبت میں نے سنا کہ سولہ ہزار سالانہ کی جائیداد اس کے لئے وقف ہے اس کا بھی ہاتھ میں رکھنا ضرور ہے مبادا کہ کوئی دیوبندی قابض ہو جائے، والعیاذ باللہ تعالیٰ، افسوس کہ ادھر نہ مدرس، نہ واعظ، نہ ہمت والے مالدار، ایک ظفر الدین کدھر کدھر جائیں اور ایک لعل خاں کیا کیا بنائیں؟ وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

حاجی صاحب نے چٹائیوں کی نسبت پھر کچھ نہ لکھا۔ اگر یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے بطورِ خود یہ کام بہ نیت وجہ اللہ کیا لہٰذا اس کا معاوضہ نہیں تو بے شک نہیں وجزاہ اللہ خیرًا، اور اگر میرے لکھنے کی بنا پر میری وجہ سے ہے تو حاشا نہ یہ میرا مقصود تھا نہ اب منظور لہٰذا بات صاف ہونا ضرور۔ بخدمت حاجی صاحب حامی سنت وسائر احباب اہل سنت سلمہم اللہ تعالیٰ سلامِ مسنون۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۶ ماہِ مبارک یوم الجمعۃ المبارکہ ۱۳۳۴ھ

(۱۰)

۷۸۶

ولدی الاعز اکرمک اللہ تکرم وتعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:۔

مولوی رحم الٰہی[1] صاحب علیل ہیں، دوسرے آدمی کی فکر میں ہوں،

---

[1] استاذ العلماء حضرت مولانا رحم الٰہی قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت نور اللہ مرقدہ کے ممتاز خلیفہ دار العلوم منظر اسلام بریلی کے دوسرے صدر المدرسین تھے، شیخ الاسلام مولانا شاہ مصطفےٰ رضا مدظلہ العالی مفتیٔ اعظم ہند انہیں کے شاگرد ہیں۔ حالات کیلئے خلفائے اعلیٰ حضرت، مرتبہ جناب محمد صادق قصوری (زیرِ طبع) اور راقم سطور کی کتاب تذکرہ علمائے اہلِ سنت دیکھئے۔

Marfat.com

لمعۃ الضحیٰ[1] کے لئے مولوی امجد علی صاحب سے کہدوں گا ——— وہ جو کچھ اس عورت کو دے جاتا ہے اس کا لینا حرام ہے کہ وہ زنا کی رشوت ہے، درِ مختار میں ہے ما یدفعہ المستعاشقان رشوۃ، اگر وہ لینے پر مجبور کرے، لے کر فقراء پر تصدق کر دیا جائے اپنے صرف میں لانا حرام ہے۔

آپ اور مولانا حامیٔ سنت ماحی بدعت حاجی محمد لعل خاں صاحب سلّمکما جو کچھ خدماتِ دین کر رہے ہیں مولیٰ عزوجل برحمتہ قبول فرمائے اور دونوں جہان میں اس پر اجرِ جزیل دے اور ہمیشہ اعدائے دین پر منصور رکھے آمین۔

یہاں سے بھی دو تار گئے، ایک از جانب دار الافتاء، ایک از جانب مدرسہ اہلِ سنت وجماعت و مدرسین وارا کین، اور دو لعونہ تعالیٰ اور دئے جائیں گے، ایک از جانبِ فقیر اور ایک کے لئے آج جلسہ کیا گیا، مجلسِ اہلِ سنت کی طرف سے جائے گا، پچاس خط متفرق بلاد کو بھیجدئے گئے کہ اپنی یہاں کی انجمنوں، مدرسوں یا جلسہ کر کے ان مجلسوں کی طرف سے تار دیں۔

تکبیر کی نسبت سے کل کاغذ کہ اس کے متعلق تھے، خود نکال کر مصطفےٰ رضا کو دے دئے کہ آج ہی بصیغۂ رجسٹری آپ کو بھیجدیں، وہ ۲۳ پرچے اور ۵ رسالے ہیں، ایک مطبوعہ اور ایک وہی ۱۵۲ مربعات اور ۳ اور ان کاغذات میں جو مسودہ، مبیضہ یا منتشر[2] سے مجتمع ہونے کے قابل ہوں۔ یہ محنت گوارا فرمایئے اور مع اس پہلی کتاب کے کہ آپ کے پاس ہے، بصیغۂ رجسٹری بھیجیے کہ اس کی بھی یہاں نقل لی جائے

---

[1] ڈاڑھی کے مسئلہ پر اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت قدس سرہ کی لاجواب کتاب، قابلِ مطالعہ۔

[2] اس خدمت میں ملک العلماء منفرد تھے اور یہ علمائے رضویہ میں ان کے لئے وجہِ فخر تھا۔

Marfat.com

بملاحظہ حاجی صاحب حامی سنت سلام سنۃ الاسلام۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۴ر شوال روز سہ شنبہ ۳۴ھ

(۱۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

جانِ پدر بلکہ از جان بہتر ولدی الاعز مولانا ظفر جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : قریب تین مہینے ہوئے کہ مکان سے جدا ہوں، مفتوں ڈاک جمع ہو کر مجھے ملی آپکے ۳ خط ایک ساتھ پائے، رسالہ نور الفرقان بین جند اللہ وحزب الشیطان صاف شدہ تھا، مصطفیٰ رضا نے دو روز تلاش کیا، نہ ملا، ناچار اس کا اور نیز اعتقاد الاحباب فی الجمیل والمصطفیٰ والآل والاصحاب کا مسودہ بھیجتا ہوں، بعد فراغ باحتیاط ملے، رجسٹری کا وقت کم اسی لئے اسی قدر پر اقتصار اور دعائے برکتِ دارین بسیار از بسیار، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۴ر صفر مظفر اور جاں افروز دوشنبہ ۳۵ھ

(۱۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مولانا المکرم ذی المجد والکرم ولدی الاعز مولانا محمد ظفر الدین جعلہ اللہ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : وہابیہ خذلہم اللہ نے تین جگہ شور مچا رکھا تھا بھاگل پور، فیروز آباد، راندیر۔ بھاگلپور کا نتیجہ تو یہ ہوا کہ آپ کو اس اشتہار اور مولانا مولوی محمد نعیم الدین صاحب کے خط سے واضح ہوگا، یہ خط اصل ہے بعد ملاحظہ واپس ہو، فیروز آباد میں ایک صاحب مورچہ لئے ہوئے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ وہاں حاجت نہ ہوگی

Marfat.com

راندیر میں ابھی کوئی آدمی کام کا نہ گیا، وہاں ضرورت پڑتی معلوم ہوتی ہے۔ میں نے فاتحانِ بھاگل پور کو آج ہی لکھدیا ہے کہ طیار رہیں مگر انہوں نے وہاں سے کلکتہ جانے کو لکھا تھا اور شاید ابھی انہیں اطراف میں ان کا قیام مناسب ہو، لہٰذا آپ راندیر جانے کے لئے طیار رہیں، میرے تار کا انتظار کریں، والسلام مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۸ رجب مرجب سنہ ۳۶ھ

(۱۳)

۷۸۶

ولدی الاعز المکین مولانا المکرم ذی العلم المتین جعلہ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : ۲۲ ذی قعدہ سے آج ۲۲ ربیع الاول شریف تک کامل چار مہینے ہوئے کہ سخت علالت اٹھائی، مدتوں مسجد کی حاضری سے محروم رہا، جمعہ کے لئے لوگ کرسی پر بٹھا کر لے جاتے اور لے آتے، ۱۱ محرم شریف سے بارے حاضری کا شرف پاتا ہوں، لوگ بازو پکڑ کر لے جاتے ہیں، نقاہت وضعف اب بھی بشدت ہے دعا کا طالب ہوں، اس بیماری میں امنک سنہ ۱۸ منگائی، یاد نہیں رہی، نومبر میں منگائی، جواب ملا کہ ہو چکی، ۱۵ دن بعد آئے گی جسے ایک مہینے سے زیادہ ہو چکا، شملے لکھا کہ شاید وہاں ہو، آج وہاں سے بھی جواب آگیا، آپ نے اگر لی ہو تو ۲۰، ۲۵ روز کے لئے بھیج دیجئے مگر فوراً فوراً، والسلام

لہ خانوادۂ اشرفیہ کچھوچھہ شریف کی مونگیر شاخ کے ایک ذی علم حکیم غنیمت حسین مونگیری انقلابِ روزگار سے دیوبندی ہو گئے، مخدوم شاہ علی حسین اشرفی سرکارِ کچھوچھہ شریف نے بہت تفہیم کی مگر وہ راہِ راست پر نہ آئے اور بھاگل پور میں مناظرہ طے پا گیا، اہلِ سنت کی طرف سے عالمِ ربانی مولانا سید احمد اشرف صدر الشریعہ قدس سرہ محدثِ اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ اور صدر الافاضل علیہ الرحمہ تھے اور دیوبندیوں کی طرف سے حکیم غنیمت حسین، مولوی محمد علی مونگیری بانی ندوۃ العلماء اور مولوی مرتضیٰ حسین دیوبندی تھے۔

Marfat.com

بچیوں کو دعا۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ شب ۲۳ ربیع الاول شریف ۳۶ھ

(۱۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آپ کی مستعدی پر بحمدہ تعالیٰ بہت جی خوش ہوا، جزاکم خیراً وبارک فیکم وبکم ولکم وعلیکم، آج ۱۳ دن ہوئے، راندیر سے جواب نہ آیا، جواب آنے پہ کچھ کیا جائے، ظاہراً وہی تحریر باذنہ تعالیٰ کافی ہوگی۔ جلد اول فتاویٰ کی فہرست بنوائی تھی اور اس کی کاپی بھی ہوگئی، اب جو میں دیکھوں، نہایت غلط بنی، اب از سرِ نو اس کی ترتیب سے اس فہرست ہی کا چھپنا باقی ہے، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔

آپ کا رسالہ موذن الاوقات آیا، نام بھی نہایت مناسب وموزون پایا، اس کے مقصدِ اول وخاتمہ کو ضرور دکھا لینا چاہیئے اور تذہیب کا حرف بحرف نقل طبع دکھا لینا فرض اہم ہے۔ مولانا کسی وقت اپنے آپ کو مشورۂ احباب سے مستغنی نہ کرنا، بہت مفید فی الدین ہے۔ آپ کی تصانیف عافیہ وافیہ وتقریب پر خوشی ہوگی مگر کاش یہ وقت آپ نے بہشتی زیور وگوہر کی قلعی کھولنے میں صرف کیا ہوتا تو بحمدہ تعالیٰ عمدہ ذخیرۂ عقبیٰ ہوتا جہاں ان کتابوں سے گمراہ ہوئے جاتے ہیں، وحسبنا المولیٰ ونعم الوکیل۔

میں نے آج کل ایک رسالہ سمتِ قبلہ میں لکھا ہے، قواعد کے چاروں باب ہوگئے، پانچواں باب قبلۂ ہندوستان کا زیرِ تحریر ہے، شاید کوئی رسالہ ہدایۃ المصلی مدراس سے آیا تھا جس میں غلط وباطل قاعدے سے سمت نکالی تھی، وہ میں نے آپ کو بھیج دیا تھا، وہ دو ایک روز کے لئے بھیج دیجئے، مدراس کا ایک اور عربی رسالہ ایسے ہی اغلاط پہ مشتمل آیا ہے اس کے ساتھ اس کے اغلاط پہ بھی تنبیہ کر دی جائے

Marfat.com

بمبئی احاطہ کی اب تک طول وعرض کی کتاب نہ ملی۔ والسلام

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۲ رجب مرجب ۳۶ھ

(۱۵)

۷۸۶

ولدی الاعز مولٰنا مولوی محمد ظفر الدین صاحب سلّمہٗ

عبارات تینوں بار کی آئیں، جزاکم المولیٰ تعالیٰ خیراً کثیراً، شاید وہ کتابیں جن کو دیکھ چکا اور ان کی فہرست بھی لکھدی تھی، ان میں فتح الباری و جامع ابن بیطار کا ہم لکھنا میں بھول گیا کہ آپ کو نقل کرنی ہوئی، شاید عقد فرید لابن عبد ربہ، وہاں نہ ملی کہ اس کی عبارت نہ آئی، تاتارخانیہ سے ایک عبارت علامہ طحطاوی نے حاشیۂ درمیں بالواسطہ نقل فرمائی ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے نام پاک کے ساتھ علیہ السلام کا اختصار ع م لکھنا کفر ہے، تخفیف شانِ نبوت ہے، اب کبھی بالکل پورا جانا ہو تو اس عبارت کو ضرور تلاش کیجئے اگر آپ کو ملے تو بحوالۂ کتاب و باب و فصل مع نقلِ عبارت اطلاع دیجئے، میں اس وقت اس کا تذکرہ بھول گیا نیز عبارات خضاب میں مضمرات شرح قدوری کا نام لکھنا بھول گیا، اس کی زیادہ ضرورت تھی، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری غفرلہ

(۱۶)

۷۸۶

مولٰنا اکرمکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : خط آیا، اس کا جواب تو بعد کو ہو، پہلے یہ گزارش کہ ۲۸ ذیقعدہ روز جمعہ کو آپ کا خط مژدۂ ولادت صاحبزادہ صاحب نام تاریخی آیا۔ میں نے

Marfat.com

اس دن تہنیت کا تار دیا اور اس میں نام مختار الدین[1] لکھا، اس کی کوئی رسید نہ آئی۔ میں نے سمجھا کہ غیر ضروری سمجھ کر آپ نے نہ لکھی، اب کہ خط آیا اس میں بھی اس کا کوئی تذکرہ نہیں، تو ظن ہوتا ہے کہ تار پہنچا ہی نہیں جیسے بھیجے ہوئے آج ۱۶ دن ہوئے، اگر ایسا ہے تو اطلاع دیجئے تاکہ تار گھر سے مطالبہ ہو۔

فقیر قادری

(۱۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آپ کا کارڈ کل ہی مطبع میں بھیجدیا تھا، شام کو مولوی امجد علی صاحب سے دریافت کیے پر معلوم ہوا کہ انہوں نے وہ اجزا روانہ کیے حالانکہ میں کہہ چکا تھا کہ قیمت میں دوں گا اور انہوں نے ایک روپیہ واپس کر دیا تھا، اس گمان پر کہ بقیہ اجزا جا چکے ہیں، خیر اب وہ روپیہ بھیجتا ہوں۔ فتوائے تکفیر عبدالماجد[2] بھیجتا ہوں یہ پرچہ صحیفہ سے منگا لیجے اور اس کے مطابق تصحیح کر لیجئے یا اس کی نقل فرما لیجے۔ مشرق میں مولوی عبدالمجید فرنگی محلی کا فتویٰ چھپا تھا جس میں معنوی نے دھوکا دیا۔ کیا مولوی[3]

---

[1] حضرت الاستاذ ملک العلماء کے واحد چشم وچراغ، جامعہ شمس الہدیٰ پٹنہ کے گولڈ میڈلسٹ (فاضل حدیث، فاضلِ تفسیر، فاضل دینیات) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے ایم اے (عربی) پی ایچ ڈی، آکسفورڈ کے ڈی لٹ اور ڈی فل، اب مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں شعبۂ عربی کے صدر اور آرٹس فیکلٹی کے ڈین ہیں۔

[2] مسٹر عبدالماجد دریابادی، مولوی حسین احمد صدر دیوبند کے مریدِ خاص اور مولوی اشرف علی تھانوی کے خصوصی تربیت یافتہ اور خلیفۂ اجل، کارنامہ یہ کہ ساری دنیا نے فرقۂ قادیانی کو اسلام سے خارج قرار دیا مگر یہ اس کے مسلمان ہونے پر مصر ہیں۔

[3] حکیم برہم مرحوم کا روزنامہ اخبار جو گورکھپور سے نکلتا ہے۔

Marfat.com

عبدالباری[1] کا کوئی اور فتوے چھپا ہے اور ان کو بھی دھوکا دیا گیا یا دیدہ و دانستہ سیاسی علت نے کفر کو اسلام بنایا، اس فتویٰ کی بہت ضرورت ہے، وہ پرچہ ممشرق جہاں سے ملے بھیجدیجے ورنہ حرف بحرف اس فتویٰ کی نقل مع نمبر پرچہ مشرق، دس روپے کہ آپ نے بھیجے، بعونہٖ تعالیٰ حسنۂ جاریہ میں ان تین بلکہ زیادہ کے نام لکھ بھیجے جو مستطیع نہیں اور مستحق ہیں، بچیوں اور نعمتِ تازہ کو دعا۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۲ ذی الحجہ ۳۶ھ

(۱۸)

۷۸۶

ولدی الاعز جعل کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : دس روپے آئے، نو کو اہلِ علم کے لئے ۳ جلدیں خریدیں، ایک آج بانکی پور رجسٹری کر دی، ۱۳ مع رجسٹری صرف ہوئے، ۳ آپ کے باقی ہیں، کیا کئے جائیں؟ مولوی عبدالباری کی تحریر ایک صاحب نے بھیجدی، اب اسکی حاجت نہیں۔ جمعہ گزشتہ کو مواخذہ کی رجسٹری بھی بھیجی گئی جو ۳۰ ذی الحجہ کو لکھنؤ پہنچی، ۳ محرم کو ڈاک کی رسید آگئی، جواب کا انتظار ہے۔

آپ نے دربارہ اذان جو عبارات نقل کر کے بھیجیں، ان میں ایک عبارت یہ ہے: تفسیر بیہقی جلد ۹ ص ۳۳، بعینہٖ اسی شکل سے، یہ لفظ ہے کہ س و ف پڑھا جاتا ہے، کیا بیہقی ہے؟ اور ہیں تو یہ کونسے بیہقی ہیں؟ صاحبِ سنن، صاحبِ کفایہ، صاحبِ شامل، آپ نے ایک پرچہ پر تصانیف منقول عنہا کے نام مصنف لکھے، اس میں یہ متروک ہے، اس کی ضرورت ہے۔ نیز جو عبارت ان کی نقل کی اغلاط و اسقاط پر مشتمل ہے۔

---

[1] مولانا محمد عبدالباری، فرنگی محل کے نامور عالم و قائد۔

Marfat.com

پہلے پلندہ میں ایک روپیہ کا نوٹ بھیجا تھا اس کی رسید معلوم نہ ہوئی۔ خط میں جتنی باتیں جواب طلب ہوا کریں، سب کو دیکھ لیا کیجے کہ مجھے ایک ہی بار لکھنے کی فرصت نہیں، نعمتِ تازہ اور بچیوں کو دعا، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۵ محرم شریف ۳۷ھ

(۱۹)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مولانا المکرم ذی المجد والکرم ولدی الاعز جعلک کاسمک ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : ایسی جگہ اگر اعلائے کلمۃ اللہ پر قدرت ہو، اعظمِ قرب ہے مگر نقار خانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے، احتمالِ ضرر زائد ہے تو یہ رائے ہے، اور قواعد سے دیکھا تو جواب قبیح بمرہ۔

برادرم حافظ یقین الدین[1] صاحب کے جو تعلقات اس فقیر سے ہیں، آپ پر مخفی نہیں، یہ آپ کی محبتِ کاملہ کے اعتماد پر اپنے خورد سال بچوں کو آپ کی نگرانی تعلیم میں دیتے ہیں، امید کہ بعونہٖ تعالیٰ نتیجہ احسن ہوگا دو رسالے ۴-۴ نسخے حاضر، نور العین مختار الدین کو تول کر ناج تصدق کیجے اور ایک راس اس کی طرف سے ذبح کر کے تصدق مع پوست کر دیجے۔ میں نے ایک خواب دیکھا انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہے، یہ صدقہ مناسب ہے۔

---

[1] حضرت مولانا یقین الدین بریلوی مرحوم، اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنت کے خصوصی تربیت یافتہ مرید و خلیفہ تھے، تفصیلی حالات کے لئے خلفائے اعلیٰ حضرت، مرتبہ محمد صادق قصوری اور تذکرہ علمائے اہلسنت ملاحظہ ہوں۔

[2] صوبہ بہار کے مشہور بزرگ، جامع علومِ ظاہری و باطنی اور صاحبِ تصانیف، راقم کے جدِ اعلیٰ حضرت مخدوم سید قاضی جلال الدین جگدھوی حاجی پوری انہیں کے مرید و خلیفہ تھے۔

Marfat.com

بنام معدن المعانی، بہار میں چھپا تھا، یہاں اور لکھنؤ میں نہ ملا، وہاں ملے تو ایک نسخہ مطلوب اور کسی معتمد جگہ اس کا کوئی قلمی نسخہ بھی معلوم کرنا ہے، بچوں کو دعا۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۴ ذی القعدہ ۱۳۳۷ھ

(۲۰)

۷۸۶

ولدی الاعز مولانا المکرم جعل کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آپ کا پرچہ اخبار آیا، نواب صاحب نے ترجمہ کیا، کسی عجیب بے ادراک کی تحریر ہے، جسے ہیئات کا ایک حرف نہیں آتا، سراپا اغلاط سے مملوّ ہے۔ آپ نے جو تقویماتِ کواکب لکھیں ان میں بھی بعض میں فرق ہے۔

مجھے سترہ دن سے بخار آتا ہے، نقاہت بشدت ہو گئی ہے، طالبِ دعا ہوں، خیال ہے کہ بعد صحت ایک مضمون نہ صرف اس کے اغلاطِ کثیرہ کے بیان میں بلکہ ہیئاتِ جدیدہ کے مسئلہ جاذبیت کے ابطال میں بھی، سید[1] ایوب علی صاحب ہمدم کو بھیجدیں، آپ مناسب جانیں تو آپ کے نام سے ہو، اردو[2] ہمدم کو چلا جائے اور اس کی انگریزی کرا کر اپ بانکی پور کے اخبار کو بھیجدیں۔ والسلام۔ بچے کو دعاء، یہ خط مصطفٰے[3] رضا سے لکھوایا ہے۔

فقیر احمد رضا قادری ۱۴ صفر مظفر ۳۸ھ

---

[1] اعلیٰ حضرت کے خاص مرید اور تصنیفات کے ناقل، قیام پاکستان کے بعد لاہور جا بسے۔

[2] سید جالب دھلوی مرحوم کا اخبار روزنامہ ہمدم لکھنؤ سے شائع ہوتا تھا۔

[3] اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت نور اللہ مرقدہ کے خلف اصغر اور جانشینِ دوم۔ حالات و فضائل میں خاکسار راقمِ سطور کی زیرِ ترتیب کتاب انوارِ مصطفٰے ملاحظہ ہو جو انشاء اللہ تعالیٰ جلد شائع ہو گی۔

Marfat.com

(۲۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز جعلک کاسمک ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : پتہ صحیح نہ ہونے کے سبب پہلے خط کا جواب بہت دیر میں آیا اور الرضا کی کاپیوں کی جلدی تھی، میں نے بعد انتظار اپنے ہی نام سے دے دیا، مسودہ کی پہلی نقل آپ کو مرسل ہے، دبدبۂ سکندری جہاں چاہئے بھیجئے مگر جلدی چاہئے کہ ۱۷ دسمبر قریب ہے، اگر انگریزی کی جائے تو پہلے نمبر کی اس قدر تلخیص کافی ہے۔ یہاں شروع سال ۱۳۳۸ھ سے اوقاتِ صلوات خمسہ کے نقشہ میں ہر مہینے یہ اضافہ ہوتا ہے جس کی نقل بابت محرم شریف آپ کو مرسل ہے، کتاب القاضی الی القاضی کا دربارۂ ہلال معتبر ہونا قیاس نہیں صریح نص متون ہے کہ فی حدود قود ظاہر ہے کہ امرِ ہلال بھی حدود قود نہیں، فتاویٰ خیریہ میں ہے یصح التحکیم فی مسئلۃ العینین لانہ لیس بمسجد وقود ولا دیۃ علی العاقلۃ۔ ان عبارات میں دین بفتح دل ہے۔ مجھے بخار کو آج ۳۳ روز ہوئے، دعا کا طالب ہوں۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ یکم ربیع الاول ۱۳۳۸ھ

(۲۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

قرۃ عینی ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین جعلہ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آج ۲۳ روز ہوئے میں آپ کو جواب لکھ چکا، ۱۷ ربیع الاول شریف کو مفصل خط اپنی علالت وغیرہ کا بھیجا، ساڑھے پانچ مہینے سے زائد ہوئے کہ میری آنکھ پر آشوب آیا، سوا پانچ مہینے تک لکھنا پڑھنا موقوف رہا، مسائل سن کر

لہ دربار عالیہ خانقاہ رضویہ سے شائع ہونے والا ماہوار رسالہ الرضا۔

Marfat.com

زبانی جواب لکھواتا رہا، اسی طرح بعض رسائل لکھوائے، آنکھ پر اب تک بہت ضعف ہے مجبور ہو کر اب ایک ہفتہ سے لکھنا شروع کر دیا ہے، مولیٰ تعالیٰ کافی ہے۔

۱۲ ربیع الاول شریف سے طبیعت ایسی علیل ہوئی کہ کبھی نہیں ہوئی تھی، چار چار پہر بیتاب بھی بندھا رہا، میں نے وصیت نامہ بھی لکھوا دیا تھا، مولیٰ تعالیٰ نے فضل کیا، مرض زائل ہوا مگر آج دو مہینے کامل ہوئے، ضعف میں فرق نہیں، مسجد کو چار آدمی کرسی پر بٹھا کر لے جاتے اور کرسی پر لاتے ہیں، اسی حالت میں ترکِ موالات و ترکِ وطن و استعانت بکفار و ادخالِ مشرکین بمسجد وغیرہ امورِ دائرہ پر ایک جواب لکھنا پڑا کہ پانچ جزء سے زائد ہو گیا، آیہ کریمہ ممتحنہ کی اس میں کافی بحث کر دی گئی ہے اسی کے لحاظ سے اسکا نام المحجۃ المؤتمنہ فی آیۃ الممتحنہ رکھا۔ یہ رسالہ چھپ رہا ہے، جس دن آپ کو خط لکھا تھا اسی دن سے مطبع میں آیا ہے، ۴۴ صفحوں تک کاپیاں ہو گئیں ہیں، کچھ فرمے چھپ گئے ہیں، بعد تکمیل انشاء المولیٰ تعالیٰ حاضر کرے گا۔

آپ کا رسالہ بالاستیعاب اب تک میں انہیں وجوہ سے نہ دیکھ پایا، متفرق مقامات سے کچھ کچھ دیکھا ہے، جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً کثیراً، اچھا ہے مگر مشائخِ بہار کی طرف سے یہ تاویل کہ انہوں نے کوئی دنیوی کام سمجھ کر اتباعِ رائے مشرکین جائز رکھا ہے، میری سمجھ میں نہ آئی۔ سلطنتِ اسلام کی حمایت اور اماکنِ مقدسہ کی حفاظت جن کا پس روانِ گاندھی کو ادعا ہے کیا کوئی دنیوی کام ہے اور وہ تو یہاں تک اونچے اڑے ہیں کہ جو اس میں شرکت نہ کرے مسلمان ہی نہیں تو اسے نہ صرف کارِ دین بلکہ ضروریاتِ دین جانتے ہیں، بہرحال اسے دیکھ کر اللہ چاہے تو جلد واپس کرنے کا ارادہ ہے۔

بچی مرحومہ کو جس طرح خواب میں دیکھا جاتا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت مبارک ہے، نہانا رحمت و برکت ہے اور برہنگی دلیلِ حاضریٔ بارگاہ ہے کہ دربارِ عزت میں حاضری یوں ہیں ہوگی قال تعالیٰ لقد جئتمونا کما خلقناکم

Marfat.com

اول مرۃ، تصحیح اعمال کی تنبیہ و انداز ہے قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا النذیر العریان، حضرتِ سرمد کا شعر ہے ؎

پوشندہ لباس ہر کرا عیبے دید
بے عیباں را لباسِ عریانی داد

والسلام۔ فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۴ ربیع الاول شریف ۱۳۳۸ھ

(۲۰۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز حامی السنن مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب جعلہ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : میں ۱۲ ربیع الاول شریف کی شام سے جو علیل ہوا تو اب تک یہ حالت ہے کہ چار آدمی کرسی پہ بٹھا کر لے جاتے اور لاتے ہیں، آپ کے رسالہ میں بہت دیر ہوئی، دس بارہ روز ہوئے کہ اسے تین جلسوں میں دیکھ لیا، بحثِ خلافت کو چاہا کہ اتمام کر دوں، خطبۂ صدارت مولوی عبد الباری صاحب میں اسی کے متعلق ۱۵ سطریں ہیں اور بہت ہذیان، رسالۂ آزاد میں ائمہ عقائد و حدیث و فقہ کے ۷۵ عبارتیں کچھ آپ کے رسالہ کے حاشیہ پہ لکھیں پھر جدا ترک کے اوراق بڑھائے فقط ۱۵ سطریں لکھنوی کے رد تک ۱۸ ورق ہو گئے، ردِ آزاد جدا رہا لہٰذا اسے ملتوی رکھا، وہ عبارات کاٹ دیں اور جس قدر پر آپ نے اکتفا کی تھی اسی قدر تتمیم کر دی، ۱۳، ۱۵ مطابق ۲۴ تا ۲۶ مارچ گاندھویوں کا بھاری جلسہ پریلی میں ہونے کو

لہ مولانا ابو الکلام آزاد قصوری سابق مرکزی وزیرِ تعلیم حکومتِ ہند کی شرعی لغزشوں کا رد حضرت ملک العلماء نے اس رسالہ میں خصوصیت سے کیا ہے۔

لہ یہ جلسہ مقررہ تاریخ پر منعقد ہوا، رئیس العلماء علامہ سید سلیمان اشرف، صدر الافاضل مراد آبادی، برہان الملۃ جبلپوری حضرت حجۃ الاسلام وغیرہ نے اس جلسہ میں شرکت کی، اس جلسہ کی اہمیت اور وزن کا اندازہ عبد الرزاق ملیح آبادی کی ذکرِ آزاد کے مطالعہ سے کیا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

ہے، احباب کی رائے ہے کہ اپنے علماء بھی ایام نزدہ کی طرح جمع ہوں، اگر قرار پایا تو آپ کو آنا ضرور ہوگا، طیار رہیئے، اگر میں ۱۱ یا ۱۲ رجب کو تار دوں تو باذنہٖ تعالیٰ فوراً تشریف لائیے، اس کی رسید سے مطلع فرمائیے۔ بچوں کو دعا۔ والسلام۔

فقیر قادری ۳ رجب یوم الاثنین ۳۹ھ

(۲۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مولانا المکرم ذی المجد والکرم اکرمکم اللہ تعالےٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : حالاتِ حاضرہ ومصائبِ دائرہ نے اسلام و مسلمین کو جس درجہ سراسیمہ وپریشان کیا ہے آپ جیسے واقفِ کار حضرات سے مخفی نہیں، علمائے اہلِ سنت وجماعت اگر اب بھی بیدار نہ ہوں گے تو خدانخواستہ وہ دن دور نہیں کہ سوائے کفِ افسوس ملنے کے اور کچھ چارۂ کار نہ پائیں گے، انہیں ضرورتوں کو محسوس کر کے علمائے اہلِ سنت وجماعت کا ایک مہتم بالشان جلسہ ۲۲، ۲۳، ۲۴ شعبان المعظم روز دوشنبہ، سہ شنبہ، چہار شنبہ کو ہونا قرار پایا ہے، جناب کی اعانتِ دینی وتوجہِ مذہبی سے امیدِ واثق رکھتا ہوں کہ اس ضروری دینی کام کو سب کاموں پہ مقدم سمجھیں گے اور تشریف لاکر اپنے مفید مشوروں اور مواعظِ حسنہ سے مسلمانوں کی اصلاحِ احوال فرمائیں گے اور جو صاحب اس کارِ خیر میں اپنے صرف کے لئے متحمل نہ ہوسکیں جلسہ ان کی خدمت کے لئے حاضر ہے

مع الاکرام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۲ رشعبان المعظم ۳۹ھ

(۲۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا المکرم جعل کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : خط ملا، یہ نعمتِ تازہ مبارک ہو، اس کا نام وہ

Marfat.com

رکھئے کہ ہندوستان میں کسی عورت کو نصیب نہ ہوا یعنی ربیع بنت مسعود انصاریہ صحابیہ بن صحابی علیہا الرضوان کے نام مبارک پر رُبیّع خاتون [1]

نینی تال یہاں سے ۷ میل ہے، وہاں مکان ملنا بہت دشوار ہے، جس مکان میں دو روز رہا بہت تنگ و تاریک و پست تھا، اب یہاں بھوال میں دو مکان ساڑھے تین سو کو لئے۔ جن صاحب کی نسبت آپ نے لکھا ہے ان کی مذہبی و علمی و عملی حالات سے اطلاع دیجے۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ شب ۲۳ ماہِ مبارک ۳۹ھ کوٹہ بھوال

(۲۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا المکرم جعل کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ عزوجل پر توکل کر کے قبول کر لیجے وکریم اکرم الاکرمین برکاتِ وافرہ عطا فرمائے اور آپ کو دین سے اور دین سے آپ کو نصرِ مؤزر پہنچائے آمین آمین آمین آمین بجاہ الکریم المعین علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ الصلوٰۃ والتسلیم۔ اور احسن یہ کہ استعارہ شرعیہ کر لیجے۔

آپ کا خط دربارۂ پریشانیٔ دنیا آیا تھا، ہفتے ہوئے اور اس کا جواب آج دوں آج دوں مگر طبیعت علیل، بار بار بخار کے دورے اور اعدائے دین کا ہر طرف سے ہجوم، ان کے دفع میں فرصت معدوم، علاوہ اس کے سو سے زائد جواب فتاویٰ کے، اس مہینہ کے اندر چار رسالہ تصنیف کر کے بھیجے ہوئے اور میری تنہائی اور ضعف کی حالت

---

[1] ۱۔ ملک العلماء کی سب سے چھوٹی لڑکی دفتر

Marfat.com

وحسبنا ربی ونعم الوکیل، اس سے اعتماد رہتا ہے کہ عدمِ جواب کو اعذارِ صحیحہ پر خود محمول فرمائیں گے۔ اس خط کے جواب میں یہ چاہا تھا کہ آیات واحادیث دربارۂ مذمتِ دنیا و منعِ التفات بہ تمولِ اہلِ دنیا لکھ کر بھیجوں مگر وہ سب بفضلہٖ تعالٰی آپ کے پیشِ نظر ہیں، فلاں کو دستِ غیب ہے، فلاں کو حیدرآباد میں رسوخ ہے، یہ تو دیکھا یہ نہ دیکھا کہ آپ کے پاس بعونہٖ تعالٰی علمِ نافع ہے، ثبات علی السنۃ ہے، ان کے پاس علم نہیں یا علم مضر ہے، اب کون زائد ہے، کسی پر نعمتِ حق بیشتر ہے بشرطِ ایمان، وعدہ وعلو و غلبہ باعتبارِ دین ہے نہ یہ کہ دنیوی امور میں مؤمنین کو تفوق رہے، دنیا سجنِ مومن ہے، سجن میں جتنا آرام مل رہا ہے کیا محض فضل نہیں، دنیا فاحشہ ہے، اپنے طالب سے بھاگتی ہے اور ہارِب کے پیچھے دوڑتی ہے، دنیا میں مومن کا قوتِ کفاف بس ہے، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری ۱۳ شوال المکرم ۳۹ھ

Marfat.com

بنام شیخ الاسلام مولٰینا انوار اللہ حیدرآبادی قدس سرہٗ

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

بشرفِ ملاحظہ والائے حضرتِ بابرکت جامع الفضائل لامع الفواضل، شریعت آگاہ، طریقت دستگاہ حضرت مولانا الحاج مولوی محمد انوار اللہ خاں صاحب بہادر بالقابہ العز

سلام مسنون، نیازہ مشحون، ہدیہ مجلس ہمایوں ! یہ سگِ بارگاہ بیکس پناہ قادریت غفرلہٗ ایک ضروری دینی عرض کے لئے مکلفِ اوقاتِ گرامی، پرسوں روز سہ شنبہ شام کی ڈاک سے ایک رسالہ القول الاظہر[1] مطبوعہ حیدرآباد، سرکار اجمیر شریف سے بعض احبابِ گرامی کا مرسلہ آیا جس کی لوح پر حسب الحکم عالی جناب لکھا ہے، یہ نسبت اگر صحیح نہیں تو نیازمند کو مطلع فرمائیں ورنہ طالبِ حق کو اس سے بہتر تحقیقِ حق کا کیا موقع ہوگا، کسی مسئلۂ دینیہ شرعیہ میں استکشافِ حق کے لئے نفوسِ کریمہ جن جن صفات کے جامع درکار ہیں بفضلہٖ عزوجل ذاتِ والا میں سب آشکار ہیں، علم وفضل، انصاف، عدل، حق گوئی، حق جوئی، حق دوستی، حق پسندی، پھر بحمدہٖ تعالےٰ غلامی خاص بارگاہ بیکس پناہ قادریت جناب کو حاصل اور فقیر کا منہ تو کیا قابل، ہاں سرکار کا کرم شاملِ حال۔

---

[1] اذانِ ثانی جمعہ خارج از مسجد کے عدمِ جواز میں فاضلِ اجل مولانا معین الدین قادری اجمیری کا رسالہ جو حیدرآباد سے حضرت شیخ الاسلام مولانا محمد انوار اللہ مرحوم کے زیرِ اہتمام شائع ہوا، اس رسالہ میں مولانا اجمیری مرحوم نے خلافِ توقع، تحریف وتدلیس سے کام لیا۔

Marfat.com

اس اتحاد کے باعث حضرت کی جو محبت و وقعت قلبِ فقیر میں ہے، مولیٰ عزوجل اور زائد کرے، یہ اور زیادہ امید بخش ہے، اجازت عطا ہو کہ فقیر محض مخلصانہ شبہات پیش کرے اور خالص کریمانہ جواب لے یہاں تک کہ حق کا مالک حق واضح کرے۔ فقیر بارہا لکھ چکا اور اب لکھتا ہے کہ اگر اپنی غلطی ظاہر ہوئی، بے تامل اعترافِ حق کرے گا، یہ امر جاہل متعصب کے نزدیک عار مگر عند اللہ و عند العقلاء اعزاز و وقار ہے اور حضرت تو ہر فضل کے خود اہل ہیں وللہ الحمد! امید کہ ایک غلام بارگاہِ قادری، طالبِ حق کا یہ مامول حضور پُر نور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے مقبول ہو۔ اللّٰھم آمین بالخیر یا ارحم الراحمین۔ اگرچہ ایک نوع جرأت ہے رجسٹری جواب کو ۳ر کے ٹکٹ ملفوفِ نیاز نامہ ہیں، والتسلیم مع التکریم۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

دوازدہم شہر رمضان المبارک ۱۳۳۳ھ ہجریہ قدسیہ روز جاں افروز دوشنبہ مبارکہ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بشرفِ ملاحظہ حضرتِ والا بالقابہ دام فضلکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ: کرمنامہ بعین انتظار ۳۴ دن کے بعد تشریف لایا، حضرت نے اس بارہ میں ترکِ مکالمہ ہونے کے بعض وجوہ تحریر فرمائے ہیں، اگرچہ ادھر کے رسائل میں ان کے بھی جواب مدتوں سے شائع ہیں، حضرت کو معلوم ہو کہ فقیر کا یہ فتویٰ ۲۲ھ میں تحفہ حنفیہ[1] میں چھپ کر ملک میں شائع ہو چکا، نہ علماء نے انکار فرمایا نہ جہّال نے شور مچایا،

---

[1] مولانا قاضی عبدالوحید فردوسی خلیفۂ اعلیٰحضرت قدس سرہ نے مجلس ندوۃ العلماء کے دورِ ہنگامہ میں اس نام سے ایک ماہوار رسالہ نکالا تھا جس کے ایڈیٹر مولانا ضیاء الدین ہمدم پیلی بھیتی تھے، قاضی صاحب کے وصال کے بعد یہ رسالہ بوجوہ بند ہو گیا، مفاسدِ ندوہ کی اصلاح میں اس رسالہ نے بڑا کام انجام دیا۔

Marfat.com

تو اب بھی اگر سب ناصحانِ سکوت خود اپنی نصیحت پر عمل فرما کر وہی روش چلتے، وہی سکوت رہتا مگر بعض وہابیہ نے تازہ زخم کے باعث بعد قبول عدول کیا اور بعض حسّاد کا ساتھ دیا، مخالف تحریرات شائع کیں جن کا جواب ادھر سے دیا گیا، وہ جانتے تھے کہ اس زمانے میں ادنیٰ ادنیٰ بات پر ایک فرقہ بن کر باہمی جنگ وجدال شروع ہو جاتا ہے جس سے دوسری اقوام کی نظروں میں فریقین ذلیل وخوار دکھائی دیتے ہیں اور ان کو تضحیک کا موقع ملتا ہے، غیر مقلد وقادیانی و وہابی وغیرہم، قلم آزمائی کو کافی تھے۔ یہ مسئلہ کوئی ضروریاتِ دین سے نہ تھا، وہ کہ عمر بھر کے مرتدین کے رد سے ساکت رہے، اللہ واحد قہار ومحمد رسول اللہ سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر دیوبندی وغیرہم مدعیانِ اسلام گالیاں برسایا کیے، قادیانی مخذول نے توہینات انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم میں کیا کیا ملعون رسالے لکھے اور وہ حضرات کانوں کان خبر نہ ہوئے گویا وہ گالیاں کسی اور دین کے معبود باطل ورسول کاذب پر پڑ رہی تھیں جس کے دفع کی حاجت نہ تھی۔ ایسے حضرات پر ایک غریب سُنّی کے ایک فرعی مسئلہ پر جو ان کے زعم میں غلط ہی سہی، میدانِ کارزار پر پاکرنا فرضِ اعظم تھا۔

کاش انھیں مصالح پر نظر فرما کر جیسے اللہ ورسول کو گالیاں دیئے جانے میں ہمیشہ خاموش رہے اور اب تک خاموش ہیں، ۲۲ھ کی طرح ایک فرعی غلطی پر سکوت کرتے جیسے جب کوئی شور نہ ہوا، اب بھی نہ ہوتا یا یہ ایسا ہی فرض اہم تھا تو ایک صاحب ادا کر چکے، دوم سوم کو تجدیدِ جدال کی حاجت نہ تھی کہ بات بڑھانے سے بڑھتی ہے مگر ان حضرات کی مصلحت دینی اور عدم تفرقہ اندازی کا حاصل یہ رہا کہ ہم سب کچھ کہیں رسالے کے رسالے تیسرے رد میں شائع کریں، یہ نہ جنگ وجدال ہے نہ تفرقہ اندازی نہ غیر قوموں کو تضحیک کا موقع مگر تو جواب دے یہ سب کچھ ہے، خیر یونہی ہوگا۔ شاید اس میں بھی میرا ہی فہم خطا پر ہو، بہر حال ایک سُنّی مسلمان کی غلط فہمی اور وہ بھی ایسی کہ اس کا دفع فرض نہیں خصوصاً جبکہ وہ درخواست کر رہا ہے کہ میرے شبہات کی تسکین ہو جائے۔ میں قبولِ حق کے لئے حاضر

Marfat.com

ہوں، اس کو یہ جواب کیا مناسب ہے کہ تو نہ بول مصلحت کے خلاف ہے، طلبِ حق میں وقت صرف کرنا بے ضرورت نہیں ہو سکتا مگر نیازمند نے حضرت سے مطارحہ نہ چاہی تھی، حضور پر نور سیدنا و سیدکم مولانا و مولٰکم حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واسطۂ عظیمہ دے کر اس کی اجازت کی درخواست کی تھی کہ فقیر محض مخلصانہ شبہات پیش کرے اور کریمانہ جواب لے۔ یہ مسئول کسی طرح قابلِ رد نہ تھا خصوصًا اس حالت میں کہ حضرت کے اسی رسالہ مجازہ ص ۳ میں تصریح ہے کہ سائل کے سوال کا رد کرنا گناہِ کبیرہ ہے۔

رسالہ القول الاظہر میں اس ادعائے اجماعی قطعی یقینی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے سوا کوئی نئی بات نہیں، وہ اول میں تحریراتِ رام پور وغیرہ کی تلفیق ہے جن پر رد کا عدد دو ہزار سے زیادہ ہو گیا اور بحمدہٖ تعالیٰ لاجواب رہا اور آخر میں فتوائے بدایوں کا خلاصہ ہے جس کا ایک رد بحمداللہ تعالیٰ میرے اور ان کے ملجا و ماویٰ خاص خانقاہِ عالیہ سرکار برکاتیہ مارہرہ مطہرہ[1] سے بنام مبحث الاذان شائع ہو چکا، دوسرا بھی سرکالہ ہی سے بنام شافی جواب پر کافی ایرادات[2] تیسرا حافل و کافل، ساڑھے تین سو ایرادات پر مشتمل بعونہٖ تعالیٰ زیرِ طبع ہے بلکہ چوتھا بھی[3] جس میں صرف انہیں کی تحریر سے ان کی تحریر کا ردّ

---

[1] ان دونوں کتابوں کے مؤلف خانقاہِ برکاتیہ مارہرہ شریف کے سجادہ نشین حضرت تاج العلماء سراج العرفاء مولانا سید شاہ اولادِ رسول محمد میاں قدس سرہٗ ہیں، یہ دونوں کتابیں مارہرہ شریف کے دارالاشاعت سے شائع ہوئیں۔

[2] اس چوتھے مجموعہ کا نام سد الفرار علی الصید الفرار تاریخی ہے جس سے ۱۳۳۳ھ برآمد ہوتے ہیں، اس کے مؤلف و مرتب مشہور خادمِ حدیث اور فقہ حنفی حضرت ملک العلماء مولٰنا شاہ محمد ظفر الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ، تلمیذِ رشید و خلیفۂ اجل اعلیٰ حضرت امامِ اہل سنت قدس سرہ، ہیں۔

Marfat.com

ہے، افسوس کہ اس رسالہ القول الاظہر کے ص ۴۳ میں اسی فتوائے بدایوں کی کمال فاضلانہ تقلید سے نہایت ناگفتنی بات حد سے زیادہ شرمناک واقع ہوئی یعنی جامع الرموز وغیرہ کتبِ فقہ کیطرف محض غلط عبارت کی نسبت ان کی طرف بزعم باطل[1] حوالوں کی جرأت اس کا حال تو بعد کو معروض ہوگا جب اس رسالہ پر اظہارِ شبہات کا وقت حضرت دینگے۔

ابھی اجماع ہی کی نسبت عرض کرنا ہے کہ اجماع کا ذکر حضرت نے کرم نامہ میں بھی فرمایا اور واقعی اجماع ایسی چیز ہے کہ بعد پھر نزاع کی کوئی وجہ ہی نہیں رہتی لہٰذا پہلے اسی کی نسبت محض مستفیدانہ سوال کرتا ہے، اور الحمد للہ کہ حضرت کے نزدیک "سوال کا رد کرنا گناہ کبیرہ ہے"، خصوصًا سائل بھی ایک سگِ بارگاہِ قادری جو اپنے اور حضرت کے اور ثقلین کے مولیٰ و آقا حضور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واسطہ دے رہا ہے، اب حضرت جیسے غلامِ سرکارِ غوثیت کریم النفس سے ردِّ سوال زنہار متوقع نہیں، والحمد للہ رب العلمین وحسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمد وآلہ وصحبہ وابنہ وحزبہ اجمعین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوالِ اول ——— ائمہ نے اجماع کی کیا تعریف فرمائی اور وہ اذانِ ثانی داخلِ مسجد ہونے پر کیونکر صادق ہے؟

دوم ——— ہمارے فقہائے کرام نے کہیں اس اجماع کا ذکر فرمایا؟ نہ فرمایا ہو تو صاف انکار کردیجے اور فرمایا ہو تو کہاں؟

---

[1] القول الاظہر میں مولانا محمد معین الدین اجمیری نے جو غلط اور من گھڑت حوالے نقل کیے تھے اس کے لئے سدالفرار دیکھی جائے۔

Marfat.com

سوم ـــ یہ تقسیم وتعریف کہ " تواتر اجماع کی ایک قسم ہے، کس کلام پر اجماع ہوگیا، تواتر نام پایا یا کسی فعل پر اتفاق ہوگیا، اجماع کہلایا، کتبِ معتمدۂ اصول میں ہے یا تازہ ایجاد، اگر ہے تو کہاں؟

چہارم ـــ ردشِ علم پر اس کی تطبیق بھی ارشاد؟

پنجم تا ہفتم ـــ رسالہ صفحہ ۱۵ میں اس اجماع کے قطعی ہونے، صفحہ ۲۳ میں یقیناً اجماع ہونے، صفحہ ۳۷ میں اجماعِ صحابۂ کبارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہونے، صفحہ ۹ میں مثل اجماع اذان وصلوٰۃ ہونے کا دعویٰ ہے کہ وہ رد ہو تو کسی اجماعی مسئلہ حتی کہ نماز پر اطمینان نہیں رہ سکتا۔ ان دعووں پر دلیل کافی ارشاد ہو۔

ہشتم ـــ اگر تمام مباحث سے قطع نظر ہو تو حضرات کرام مالکیہ اور خود ان کے امام سیدنا امامِ مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ ربع اسلام ہیں، کیا ان کے خلاف کے ساتھ کوئی اجماع منعقد ہوسکتا ہے؟ کیا اسے قطعی، یقینی ومثلِ اجماع نماز

نہم ـــ ابنِ حجر شافعی المذہب کی عبارت سے کہ صفحہ ۳۵ میں استدلال ہے اس میں ھٰذا المحل سے داخلِ مسجد کی طرف اشارہ ہے یا بین یدی الامام کی طرف؟ اول کی تعیین پر کیا دلیل ہے؟

دہم ـــ بالفرض ہو بھی تو اس میں اجماعِ صحابہ کا کوئی لفظ ہے یا محض اپنے خیال پر قطعیت وتعینیت کا دعویٰ صحیح ہوسکتا ہے؟

یازدہم ـــ نہ بھی سہی تو ایک ابنِ حجر کی نقل سے یقیناً اجماع ہونا کیونکر مانا؟ کتبِ اصول میں اجماع منقولِ آحاد کا حکم ہے اور اس کی بھی تعریف یہاں صادق ہے یا صرف ادعائے مصنّف؟

دوازدہم ـــ یہی ابنِ حجر اسی فتح الباری میں جو ملکِ مغرب کا حال لکھتے ہیں وہ اس جزئی دعوے "جمیع بلادِ اسلامیہ" اور صفحہ ۸ میں صریح تصریح "تمام عرب وعجم، شرق وغرب" پر کیا اثر ڈالتا ہے؟

Marfat.com

سیزدہم ـــــ کسی کتاب معتمد میں تصریح ہے کہ یہ اذان جمیع بلادِ اسلامیہ میں داخلِ مسجد ہوتی ہے؟ اگر نہیں تو فرما دیا جائے کہ اس کی تصریح کتاب میں نہیں اور اگر ہے تو اس کتاب کا نام مع عبارت و حوالۂ صفحہ ارشاد ہو۔

چہاردہم ـــــ اگر کسی کتاب میں نہیں تو یہ دعویٰ رؤیت کی طرف مستند ہے یعنی تمام بلادِ اسلامیہ میں تشریف لے گئے اور خود ملاحظہ فرمایا، یا روایت کی جانب یعنی تمام جہان کے ہر اسلامی شہر سے خبرِ معتمد بشرعی آئی؟ جو کچھ ہو بیان فرمائیں، اجر پائیں اور سرِ دست دنیا بھر کے سب اسلامی شہروں کے نام ہی ارشاد ہو جائیں ورنہ قیاس الغائب علی الشاہد کی شناعت خود حضرتِ والا ہی کے رسالہ مقاصد الاسلام کے حوالہ سے صفحہ ۱۳ پر منقول ہے۔

پانزدہم ـــــ صـ ۱۷۹ پر فرعی مسئلہ کو بھی من شذ شذ فی النار میں داخل فرمایا کیا ائمۂ معتمدین بھی اختلافِ فقہی کو اس کا مصداق بناتے ہیں؟ ہاں تو کہاں؟

شانزدہم ـــــ ائمۂ مجتہدین نے جن مسائلِ شرعیہ میں جمہور کا خلاف فرمایا کیا انہیں معلوم تھا کہ لاکھوں لوگ اس مسئلہ میں ہمارے متبع ہو جائیں گے؟ کیا اس علم کی انہوں نے تصریح فرمائی یا غیب پر حکم ہے؟

ہفدہم ـــــ بالفرض انہیں یہ معلوم بھی ہو تو کیا گناہ شدید جس پر حدیث میں دوزخ کی وعید اس خیال پر جائز ہو جاتا ہے کہ آگے چل کر لوگ اس میں ہمارے ساتھی ہو جائیں گے؟

ہیجدہم ـــــ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تطبیق رکوع، سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کنز، سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عدمِ نقضِ وضو بالنوم، سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ابتدائے مسئلۂ استماع میں جمہور کا خلاف کیا۔

Marfat.com

ان تمام صحابۂ کرام اور ان کے امثالِ عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو معاذ اللہ شذّ شذ فی النار کا مصداق بنانا سنیت ہو سکتا ہے؟

نوزدہم ـــــ صـ۳۳،۳۴ پر ہے حدیث سے صرف عہدِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لے کر زمانۂ صدیقِ اکبر و فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما تک حال معلوم ہوا کہ بابِ مسجد پر اذان ہوتی تھی، اس کے بعد کا حال ہنوز پردۂ خفا میں ہے، ممکن ہے کہ جہاں حضرتِ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں لوگوں کی کثرت کی وجہ سے ایک اذان کے اضافہ سے تغیر ہوا وہاں یہ تفسیر بھی کچھ بعید نہیں کہ جو اذان عہدِ سابق میں بابِ مسجد پر ہوتی تھی وہ اب قریبِ منبر ہو، کیا اسی ممکن اور بعید نہیں سے اجماعِ قطعی ثابت ہوتا ہے؟

بستم ـــــ پھر اس کی شہادت میں عبارت مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی، عمدۃ الرعایہ سے لکھی ثم نقل الاذان الذی کان علیٰ عھد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابی بکر وعمر صدرا من خلافۃ عثمان بین یدیہ صـ۳۶ پر لکھا، ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ عہدِ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و عہدِ صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں اذان خارجِ مسجد، دروازہ پر ہوتی تھی اور اعلام للغائبین کے لئے تھی لیکن عہدِ عثمانی میں وہ داخلِ مسجد ہو گئی۔

الحمد للہ کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم و صدیقِ اکبر و فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی سنت تو تسلیم فرمالی کہ یہ اذان مسجد سے باہر تھی اور اسی لئے مولوی صاحب

لہ فرنگی محل لکھنؤ کے نامور عالمِ دین حضرت مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی قدس سرہ (م ۱۳۰۴ھ) جمعہ کی اذانِ ثانی کے خارج مسجد ہونے کے قائل تھے، عمدۃ الرعایہ میں انہوں نے سنتِ رسول اور تعاملِ شیخین سے اسکا اثبات کیا ہے، مولانا عبدالحی فرنگی محلی پر پی ایچ ڈی کے لئے ایک مستند عالم کام کر رہے ہیں، ان کے احوال و خصائل اور خدمات کی تفاصیل کے لئے اس کا انتظار کیا جائے۔

Marfat.com

لکھنوی نے اسی کو سنت کہا۔ رہا یہ کہ زمانۂ ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں داخلِ مسجد ہوگئی۔ یہ عبارت مولوی صاحب لکھنوی کے کس حرف کا مطلب ہے؟ ثم نقل کی ضمیر کس طرف ہے؟ عمدۃ الرعایہ اور اس کی اصل مدخل امام ابن الحاج کی پوری عبارت ملاحظہ فرما کر ارشاد ہو، کیا ایسے تخیل کی بنا پر جس کا مبنی مولوی صاحب لکھنوی کی عبارت تک نہ سمجھتا ہو، سنتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصدیق وفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما مان کر رد کر دینا صحیح ہوسکتا ہے بینوا توجروا۔ یہ تو وثوق ہے کہ حضرت ایک سائل، طالبِ حق کا سوال رد نہ فرمائیں گے مگر۔۔۔۔ اگر ارشادِ جواب میں تاخیر ہو تو رفعِ انتظار کے لئے اتنا تحریر فرما دینا کہ اتنے دنوں کے بعد جواب عطا ہوگا، کرمِ سامی سے بعید نہیں۔

کل تصانیفِ گرامی کا شوق ہے، اگر بہ قیمت ملتی ہوں، قیمت سے اطلاع بخشی جائے، دو جلد قادیانی مخذول کے چند صفحات دیکھے تھے، ایک صاحب سے ان کی تعریف کی، وہ لے گئے۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۸ شوالِ مکرم روز دوشنبہ ۱۳۳۳ھ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

جنابِ والا دامت برکاتہم

بعد تحیہ مسنونہ سنیہ، گزارش نیاز کی پہلی رجسٹری کا جواب تو ۳۵ دن میں مل گیا تھا، اس دوسری رجسٹری کو آج سو دن کامل ہوئے، ۸ شوال کو گئی تھی، آج ۲۹ محرم الحرام ہے، یہ تو احتمال نہیں کہ جناب جواب سوالات پر مطلع ہو کر حق اپنی طرف سمجھ لیں اور جواب سے اغماض فرمائیں کہ جناب کے اسی رسالہ میں تصریح فرما چکے ہیں کہ "سوالِ سائل کا رد گناہ کبیرہ ہے"، اور یہ احتمال اس سے بھی بعید تر ہے کہ حق اس نیاز مند کی طرف سمجھ کر قبول سے عدول ہو کہ ترکِ صواب ترکِ جواب سے بدرجہا بدتر ہے، جناب کے فضائل ان دونوں احتمالوں کو

سلہ شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد انوار اللہ قدس سرہ کی ردِ قادیانیت میں مشہور تالیف افادۃ الافہام کی طرف اشارہ ہے۔

Marfat.com

گنجائش نہیں دیتے، لاجرم یہی شق متعین ہے کہ ہنوز رائے شریف متردد ہے ایسی حالت میں تاخیر بے جا نہیں ع نکو گو اگر دیر گوئی چہ غم۔ مگر رفعِ انتظار کے لئے اتنا تحریر فرما دینا ضرور تھا کہ جواب ملے گا اور اتنی مدت تک ملنے کی امید ہے۔

میں نے اخیر گزارش نامہ میں بھی یہ گزارش کر دی تھی، اب سو دن کامل انتظار کر کے گزارش کرتا ہوں کہ بوا پسی ڈاک مژدۂ میعادِ جواب سے اطلاع ہو، یہ نیم سطر کہ جواب دیں گے، فلاں وقت تک انتظار کرو، لکھنے میں کچھ وقت نہیں مانگتی، آٹھویں دن تحریر آسکتی ہے، دس دن تک انتظار کروں گا، بس، وحسبنا اللہ ونعم الوکیل۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

۲۹ محرم الحرام ۳۴ھ روز چہار شنبہ

Marfat.com

بنام مولینا محمد علی مونگری ناظم روزۃ العلماء لکھنؤ

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

بگرامی ملاحظہ مولوی صاحب نامی مراتب سامی مناقب مولوی سید محمد علی صاحب

ناظم ادامہ اللہ بالہدیٰ والمواہب

بعد ماہو المسنون ملتمس، یہ بعض خدام اجلہ علمائے اہلِ سنت کے سوالات محض بنظرِ اتضاحِ حق حاضر ہوئے ہیں، اخوتِ اسلامی کا واسطہ دے کر بنہایت الحاح گزارش کہ للہ خالص انصاف کی نگاہ سے غور کامل فرمایا جائے، واقعی غرض ہے کہ ان میں کوئی غرض نفسانیت ملحوظ نہیں، صرف تحقیقِ حق منظور ہے، ولہٰذا باوصف خواہش احباب ہنوز ان کی اشاعت نہ کی کہ اگر حضرات بتوفیقِ الٰہی جل وعلا خود ہی اصلاحِ مقاصد و دفع مفاسد فرمالیں تو خواہی نخواہی، افشائے زلات کی کیا حاجت؟

مولانا! ایک ایک سوال کو تاملِ بالغ سے فرماکر غور ہو کہ اگر ان خادمانِ سنت ہی کے خیالات حق ہیں تو معاذ اللہ ضرر رسانی مذہب اہل سنت میں سعی کیسی سخت بات اور روزِ قیادت، کس قدر باعثِ شدتِ مواخذات ہے۔

مولانا! للہ رجوع الی الحق بہتر ہے یا تمادی فی الباطل۔ مولانا! ہم فقراء کو آپ کی ذاتِ خاص سے علاقۂ نیاز ہے اور اراکین سے جدا بھی، خود اپنے علم نافع وفہم ناصح سے تامل فرمائیں، ان اخلاط کی مشارکت میں براہِ بشریت خطا فی الفکر واقع ہوئی ہو تو رجوع الی الحق[1] آپ جیسے علمائے کرام وساداتِ عظام کے زین ہے نہ معاذ اللہ عار وشین۔

---

[1] رجوع الی الحق کے لئے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کا یہ مخلصانہ اور ملتجانہ انداز بھی ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

مولانا ! اس وقت ہم فقرار کا آپ کی جناب میں یہی خیال ہے کہ بوجہ سلامتِ نفس بعض چالاک صاحبوں کی ظاہری باتوں سے دھوکا ہوا ہے ورنہ عیاذًا باللہ آپ کو ہرگز نہ مخالفت واضرار مذہبِ اہل سنت پر اصرار مقصود نہیں، بعد تنبیہ ان شاء اللہ تعالٰے بعض اکابر علمار کی طرح فورًا بہ طیبِ خاطر موافقتِ حق فرمائیں گے۔ مبارک وہ دن کہ ہمارے معزز عالم آلِ پاک سیدِ لولاک صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اپنے جدِّ اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ارشاد کی طرف مراجعت اور تلبیسِ مبتدعین وتدلیسِ متضمین سے بالکلیہ مجانبت فرمائیں ان ذٰلک علی اللہ یسیر ان اللہ علٰی کل شیئ قدیر۔

الٰہی باصدقہ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ان کی آل کو ان کی سنت، انکی جماعت پر مستقیم فرما اور فریب ومغالطۂ اصحابِ بدع وہوا سے بچا آمین یا ارحم الرحمین۔

مولانا ! للہ چند ساعت کے لئے لحاظِ ہر این وآں سے خالی الذہن ہوکر اپنے جدِ کریم علیہ وعلٰی آلہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی احادیث پیش رکھ کر تنہائی میں نظرِ تدبر فرمائیں، پھر ان شاء اللہ تعالٰی آپ کی صلاحِ طبیعت سے بہت کچھ امیدِ حق پسندی ہے توفیقِ رفیق بادیجرمۃ سید الاسیاد، ہادی السداد، قائد الرواۃ الٰی مناہج الرشاد علیہ وعلٰی آلہ الامجاد وصحبہ الاوتاد افضل الصلوٰۃ واکمل السلام الٰی یوم التناد آمین۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ از بریلی ۲۹ شعبان معظم یوم الجمعۃ ۱۳۱۳ھ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

جناب مولانا دام فضلکم

ہدیہ مسنونہ سنیہ مہداہ، نامی نامہ آیا، ممنونی لایا، مظنون تھا کہ بقبل وصول نیاز نامہ صرف پرچۂ سوالات دیکھ کر تحریر ہوا ہے، فقیر کی گزارش کا جواب اقرب الی الصواب عطا ہوگا لہٰذا تین دن منتظر رہا، اب جانا کہ ساری گزارشوں کا یہی پاسخ تھا کہ سوال نہ سنیں گے،

Marfat.com

جواب نہ دیں گے ہم سچے حنفی دشمن نیچری ہیں۔

مولانا! مکرما بالحمد اللہ تعالیٰ یہی جان کر تو گزارش کی تھی کہ ملازمانِ سامی نہ صرف مومن بلکہ عالم، صافی صوفی صفی ہیں، اس بنا پر امید کی تھی اور ہنوز یاس نہیں کہ مذہبِ اہلسنت کے صریح ضرر پسند نہ فرمائیں گے۔ آپ نے سوالات بالاستیعاب ملاحظہ فرمائے تو غور نہ فرمایا یا غور فرمایا تو انہیں تحریراتِ کتب و مضامینِ مذوہ سے نہ ملایا ورنہ آپ جیسے فضلاء پر مخفی رہنے کی بات نہ تھی۔

مولانا! آپ ان حضرات کی تشریک میں مصلحت بتلاتے ہیں، ہاں آپ کا قصد مصلحت ہی ہو مگر ذرا نظر تو فرمائیے کہ ابھی کے دن کے رات؟ ابتدا ہی میں اس خلطِ مفاسد سے کیسی کیسی آفتیں پیدا نہ ہوئیں۔ روئداد وغیرہ کی کاپیاں مذہبِ اہلِ سنت کے حق میں زہر کی بجھی چھریوں سے بھر گئیں، ادنیٰ برکتِ شرکت کا یہ نمونہ ہے کہ وہ رافضیوں[1] کا مجتہد آج تک شہادات میں چھاپ رہا ہے کہ اس نے مجمعِ اہلِ سنت میں جناب امیر کے سر پر دستارِ خلافت بلا فصل کا بندھنا ثابت کر دیا اور سنیوں کا کوئی عالم جواب دہ نہ ہوا، بھلا بغرضِ باطل دو ایک معین بدمذہبوں کی تشریک میں کوئی مصلحت خاصہ خیال فرمائی، اگرچہ اس پر ہزار مفاسدِ دینیہ مترتب ہو چکے۔ یہ عام بدمذہبوں سے جو اتحاد، اتفاق، اختلاط، ائتلاف پکارا جا رہا ہے۔ للہ احادیث و اقوالِ ائمہ و نصوصِ کتبِ عقائد وغیرہا ملاحظہ ہوں کہ کس قدر بیدخواہیٔ دین و سنت میں ڈوبا ہوا ہے۔ احادیث و اقوالِ ائمہ تو اگر ضرورت دے گئی بحول اللہ تعالیٰ سبھی سن لیں گے، بالفعل آپ جیسے صوفی صافی منش کو حضرت شیخ مجدد الف ثانی صاحب رحمۃ اللہ کا ایک ارشاد یاد دلاتا ہوں اور اس عین ہدایت کے

---

[1] رافضی مجتہد غلام حسین ساکن کنتور ضلع بارہ بنکی صوبہ یوپی کی طرف اشارہ ہے جو ندوۃ العلماء کے اجلاس اول منعقدہ ۱۳۱۱ھ واقع کانپور میں ناظم ندوہ کی دعوت پر شریک ہوئے تھے۔

Marfat.com

امتثال کی امید رکھتا ہوں۔ حضرتِ ممدوح اپنے مکتوباتِ شریفہ میں ارشاد فرماتے ہیں :

"فسادِ مبتدع زیادہ تر از فسادِ صحبتِ صد کافر ست"

مولانا ! خدارا انصاف، آپ یا زید یا اور اراکین مصلحتِ دین و مذہب کو زیادہ جانتے ہیں یا حضرت شیخ مجدد ؟ مجھے ہرگز آپ کی خوبیوں سے امید نہیں کہ اس ارشاد ہدایت بنیاد کو معاذ اللہ لغو و باطل جانئے اور جب وہ حق ہے اور بیشک حق ہے تو کیوں نہ مانئے جس سے ظاہر کہ کافروں کے بارہ میں فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظلمین کا حکم ایک حصہ ہے تو بدمذہبوں کے باب میں سو حصے سے بھی زیادہ ہے۔

مولانا ! انشدک اللہ باللہ العزیز الجبار و بحق دین الاسلام و بحق النبی المختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کہ پرچۂ سوالات کو اول تا آخر بنظرِ غور و صاف قلب سے ملاحظہ فرمائیے اور کتبِ ندوہ مثل ہر دو روئداد و رسالۂ اتفاق و مضامینِ نظم و نثر وغیرہا پر منطبق کرتے جائیے، دیکھئے تو مقرر صاحبوں کی سیف زبان محرر صاحبوں کی تیغ بیان کے سنیت کا کہیں تسمہ بھی لگا رکھا ہے۔

مولانا ! میں آپ کو سنی فاضل نہ جانتا تو بار بار یوں بالحاح گزارش نہ کرتا، پھر عجب عجب ہزار عجب کہ آپ نظر نہ فرمائیں یا سچے خادمِ سنت و اہلِ سنت کی گزارشوں کو معاذ اللہ تعصب و نفسانیت کے سوءِ ظن پر لے جائیں۔ واللہ العظیم کہ ناحق کوششوں کا یہ کہنا لکھ لیا گیا اور فردا بازپرس و جزاء و سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ۔ اللّٰھم اغفر لی و للمؤمنین و اھدنا جمیعا الی الصراط المستقیم۔ ایک خالص اسلامی قلب سے ادھر توجہ کیجئے، میں بشہادتِ رب العزت کہتا ہوں وکفی باللہ شھیدا کہ فقیر کے اعتراضات زنہار زنہار! تعصب و نفسانیت پر مبنی نہیں، صرف دینِ حق کی حمایت اور اہلِ سنت کی خیر خواہی مقصود

Marfat.com

ہے، بغرضِ باطل یہ فقیر نالائق ننگِ خلائق، نفسانیت بھی کرتا تو حضرت افضل العلماء تاج الفحول، محبِ رسول مولانا مولوی محمد عبدالقادر بدایونی کو معاذ اللہ نفسانیت پر کیا حامل تھا؟ فرض کرو کہ آپ ان کی صفاتِ ملکیہ سے آگاہ نہیں تو کیا استاذ المدرسین بقیۃ الماہرین جناب مولانا مولوی محمد لطف اللہ[۲] صاحب کو بھی ندوہ سے تعصب و نفسانیت ہے؟ خدارا کسی ضدی عامی کی نہ سنئے، اپنے سچے خیر خواہوں کی بات پر کان رکھئے۔ چلئے یہ بھی مانا کہ یہ سب کسی کی خیال میں نفسانیت پر ہوں مگر جو بات کہی گئی اسے غور تو فرمالیجے، اگر اس کے تسلیم میں دینی نفع اور انکار و اصرار میں مذہبِ حق کی سخت بدخواہی ہو تو نفسانیت والے آپ کے بھلے کی ہی کہتے ہیں، اس پر کیوں کم نگاہی ہو؟

مولانا! بعنایتِ الٰہی صوفی آپ، عالم آپ، مناظر آپ، آپ کو کسی کے بتانے کی کیا حاجت؟ غالباً وہ خبر سماعی کہ بعض علمائے کرام نے مجھے حیدرآباد سے لکھی، ضرور حق ہوگی کہ مولانا ناظم علیل تھے۔ یہ روئداد بعض کذا و کذا حضرات نے لکھی اور ان کی طرف منسوب ہوئی، جو مضامینِ دیگر اس مندرج ہیں ان پر بھی نظرِ تفصیلی کی مہلت نہ ملی ہیں امید کرتا ہوں کہ غالباً ایسا ہی ہوگا۔ اب تمام کتبِ ندوہ مطبوعہ مفصلاً بالاستیعاب ملاحظہ

---

[۱] مشہور عارف و عالم سیف اللہ المسلول حضرت مولانا معین الحق فضل رسول بدایونی کے فرزندِ اصغر، علوم میں علامہ فضل حق خیرآبادی کے شاگردِ ارشد، ظاہر و باطن کے جامع تھے، اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے قصیدہ "چراغ انس" میں ان کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا ہے اور ان کے مدارج و مراتب کو واشگاف کیا ہے، اصلاحِ مفاسدِ ندوۃ العلماء کے خواستگاروں کے وہ قافلہ سالار و امام تھے۔ ۱۷ جمادی الاخریٰ ۱۳۱۹ھ ان کا سالِ وفات ہے، مرقد بدایوں میں ہے۔

[۲] نامور صاحبِ تدریس عالم و صوفی، اپنے زمانہ کے استاذ الکل اور مرجعِ طلبہ تھے، مجلسِ ندوۃ العلماء کی صدارت آپ کے سپرد تھی، آخری زمانہ میں ندوہ کی دین بیزاری سے بیزار ہو کر علیحدہ ہو گئے تھے۔

Marfat.com

ہوں، آپ پر خود عیاں ہو جائے گا کہ آشکارا و نہاں کس کس قدر مخالفت شدیدہ مذہب سنت و ائمۂ اہلِ سنت کی صریح توہین، اصحابِ بدعت نہ اصحابِ بدعت کہ خود مذاہبِ بدعت کی علانیہ مدح و تحسین حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنبلیہ میں اختلافِ عقائد ہے، وہ بھی اس حد پر کہ ایک کے عقیدہ سے باقی تین پر کفر لازم، ان کے عقائد کی رو سے خیال کیا جائے تو باہم اسلامی شرکت بھی نہ رہے، مذہبِ اہلِ سنت کچھ یقینی حق نہیں بلکہ رافضی، خارجی، ناصبی فلاں فلاں سب حق پر ہیں، سب ہدایت پر ہیں، اللہ تعالیٰ سب سے راضی ہے، سب کو ایک نظر سے دیکھتا ہے، سنیوں، رافضیوں کے خلافی عقائد میں اہلِ سنت کا کوئی عقیدہ قطعی الثبوت نہیں۔ ابوبکر، صدیق و عمر فاروق کا امامِ برحق ہونا یا جنتی ہونا درکنار، سرے سے ان کے مسلمان ہونے کا ہی ثبوت قطعی نہیں، نہ دیدارِ الٰہی قطعی الثبوت، نہ القدر خیرہ و شرہ من اللہ تعالیٰ قطعی الثبوت، نہ قرآن موجود کا محفوظ و تام مطابق ما انزل اللہ ہونا قطعی الثبوت، قرآن مجید انگریزی، پنڈتائی، سب کچھ پڑھنے کی فضیلت میں اترا ہے، اللہ عزوجل شفاعت سے ناچار ہو کر گناہ بخشدیتا ہے، الیٰ غیر ذلک من الضلالات الواضحۃ و الکفریات الفاضحۃ۔

کیا معاذ اللہ آپ سا فاضل، صوفی کامل، ایسی بددینیوں، گمراہیوں کو روا رکھتا ہے یا ایسی شرکتوں پہ راضی ہو سکتا ہے؟ حاشا و کلّا! بحمداللہ مجھے اس وقت تک آپ کی طرف سے یاس نہیں۔

مولانا! خدارا انصاف، کیا ہندوستان سے علمائے اہلِ سنت معاذ اللہ معدوم ہو گئے؟ کیا وہ ایسی باتوں کو پسند کریں گے؟ کیا وہ ان پر صریح ضلال و نکال کا حکم نہ دیں گے؟ اور جب ایسا ہے تو جبکہ باذن الملک العزیز الجبار جل جلالہ، علمائے حقانی کی یہ تحریرات چار طرف سے گھنگور بادلوں کی طرح اٹھتی، گرجتی، حق کی بجلیاں چمکاتی آئیں تو ملاحظہ ہو کہ ان سے خرمنِ ندوہ پر کس اثر کی امید ہے؟ ذرا مصلحت بینی و عاقبت

Marfat.com

اندیشی کا پہلو لئے ہوئے، مولانا! اس سے تو شاید یہی بہتر ہے کہ ندوہ اس کا موقع ہی نہ آنے دے۔ خدارا انصاف مصلحت کس طرف ہے؟

پر ظاہر کہ ندوہ بعد خلافِ علمائے اہل سنت نام ندوۃ العلماء کا تو مستحق ہونے سے رہا ہاں کوئی آزادی کا جلسہ بن کر رہے جسے نیچری صاحبوں نے (جنہیں آپ اپنے عنایت ناموں میں بے دین فرمارہے ہیں اور فی الواقع وہ بے دین ہیں مگر مضامینِ ندوہ میں انہیں نامور اہل الرائے مسلمان چھاپا گیا ہے) کھول کر کہہ دیا کہ ہم جو کام مدت سے کر رہے ہیں اور صرف چند شخص اپنے ہم خیال و ہم داستان کر پائے ہیں، اب ندوہ سے امید پڑتی ہے کہ اسے پورا کرے گا اور لطف یہ کہ اس پوری چجی ہوئی ہجوِ ملیح کو ندوہ کی مدحِ شیریں سمجھ کر مضامینِ ندوہ میں نقل فرمالیا گیا۔

مولانا! افسوس ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ یہ امور تحریروں سے حل نہیں ہو سکتے، کرم فرمایا! تحریر نے کیا قصور کیا؟ اور یوہیں سہی تو مباحثہ نہ کیجے، مجادلہ نہ کیجے، صرف حق کا سمجھنا سمجھانا ہے، وہ غور کیجے تو ابھی کھلا جاتا ہے، نہ تحریر کی ضرورت نہ تقریر کی حاجت۔ آپ کا خیر خواہ نیازمند صرف اتنا چاہتا ہے کہ کسی طرح آپ اعمالِ نظر و استعمالِ فکر فرمائیں، سوالاتِ مرسلہ کا جواب نہ دیں سہی، اب مختصر سوال حاضر کرتا اور ملک جبار جل جلالہ کے کلام سے دو آیتیں یاد دلا کر یہ ایسی ڈاک ان کا جواب مانگتا ہوں، آپ عالم ہیں، کتمانِ علم و شریعت نہ فرمائیں گے، آپ ان معاملات سے آگاہ ہیں، اخفائے شہادت نہ فرمائیں گے اور اس کا جواب بھی عطا نہ ہو تو مولانا! یہ آپ کا نیازمند حقِ خیر خواہی ادا کر چکا، آپ فرماتے ہیں "زبانی ہم اور آپ بیٹھ کر صاف کر لیں گے" مولانا! خدا جانے وہ صاف کرنے کا دن کونسا آئے گا، پیش از انعقادِ جلسہ طے ہونا لازم ہے، نجاست میں اختلاف ہے، کھانے سے پہلے سمجھ لینا چاہیئے یا کھا کر سوچ لیں گے کہ پاک تھا یا ناپاک؟

مولانا! اللہ عزوجل سے دعا کرتا ہوں، کہ آپ اپنے پاک دل، صاف طینت کو

Marfat.com

کام میں لائیں۔ فقیر اس نیاز نامہ اور اس طلبِ شہادت و طلبِ حکمِ شریعت کا جواب جلد عطا فرمائیں وباللہ التوفیق۔

آخر میں بفضلہٖ تعالیٰ بحیثیت ایک سنّی فاضل ہونے کے آپ کو یہ اعلیٰ مبارک دیتا ہوں کہ حضرت مولانا مولوی محمد لطف اللہ صاحب نے ندوہ کے خلاف پر مہر فرمادی والحمد للہ رب العالمین۔

اس نیاز نامہ کے جواب کا انتظار رہے گا، اگر ہنوز روز اول تو امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے وہ مبارک مہری ہی چھپ کر ارسالِ خدمت ہو، پرچۂ استفتا دو استفتا اس غرض سے جداگانہ حاضر کہ بعد ثبتِ شہادت و فتویٰ مزین بمہر و دستخط شریف فرما کر واپس عنایت ہو۔ زیادہ نیاز۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۵ رمضان المبارک ۱۳۱۳ھ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مولانا ذا الحسنات زید شرفکم

بعد اتحاف تحفۂ سنیہ سنّیہ ملتمس سامی نامہ سرمۂ چشم انتظار ہوا۔ مولانا! بکمال ادب چند عرض بے غرض محض بفرض تحقیق حق کی اجازت مانگتا ہوں، للہ! بے جا جدال و خصام یا کسی ناملائم مرام پر حمل نہ فرمائیں۔ میں اور آپ دونوں (ذرا قبلہ رو ہو کر ہاتھ اٹھا لیجئے) مل کر دعا کریں کہ اللّٰھمّ ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ۔ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ۔ آمین۔

مولانا! سب سے پہلی گزارش طلبِ جوابِ سوالات ہے، اللہ و رسول و دینِ اسلام کا واسطہ یاد دلا چکا، اللہ عزوجل کے کلام پاک سے آیتیں سنا چکا ہوں ان کے علاوہ آپ خود ہی جو روئداد سالِ دوم میں فرما چکے ہیں کہ جواب نہ دیا جائے تو عام طور سے لوگوں کو

Marfat.com

ندوہ کی طرف سے بد دلی ہوگی، بہت غیر مناسب ہے کہ لوگ کسی امر کی ہدایت چاہیں اور نہ کی جائے، قطع نظر بد نمائی و بد دلی کے مواخذۂ اخروی کا بھی خوف ہے"

مولانا! مقاصدِ سوالات تو ظاہر باہر تھے کہ بہت باتیں تحریرًا و تقریرًا صریح مخالف اہلِ سنت بلکہ بعض مبائن نفس ملت شائع کی گئیں، جابجا عقائدِ سنت کی توہین و تہجین اصحابِ بدعت کی مدح و تمکین خود اہوائے بدعت کی تخفیف و تہوین بلکہ صراحۃً ان سب کی تحسین و تزئین، پھر یہی نہیں کہ چند نفر مبتدعین رکنِ رکین بلکہ علانیہ عامۂ مسلمین کو تاکیدِ متین کہ گمراہوں سے مل کر ایک ہو جانا فرضِ مبین، یہاں تک کہ یہ نہیں تو ایمان ہی نہیں۔ خدارا اگر یہ سنّیوں کا جلسہ ہے تو مذاہب اہلِ سنت یوں کند چھریوں سے کیوں ذبح کیا جاتا ہے اور اگر اور لوگوں کا مجمع ہے تو علمائے اہلِ سنت کا نام لے کر سنّی بیچاروں کو کیوں مغالطہ دیا جاتا ہے؟

افسوس آپ نے سوالات پر غور نہ فرمایا کہ مقصدِ اسئلہ خیال نہ آیا۔ مولانا! الحمد للہ آپ اقرار فرماتے ہیں کہ آپ کو تسلیمِ امرِ واقعی میں عذر نہ ہوگا، جنابا! یہی تو جب سے عرض کیا گیا کہ امورِ واقعیہ تسلیم فرمالیجے جو ناواقعی سمجھئے وجہ بتا دیجے پھر خدا جانے یہ قوتِ فعل اور یہ استقبالِ حال کب تک ہو۔

مولانا! وہ انفارِ مشخصہ جنہیں آپ بری سمجھے یا ان کی برأت کے امیدوار ہوئے اگر سوالاتِ فکرسامی میں آئے تو بجائے امیدِ برأت ان سے برأت فرماتے۔ مولانا! آپ نے عذرِ اعتراضات میں قاعدۂ مسلّمۂ فقہیہ الضرورات تبیح المحذورات پیش کیا، الحمدللہ کہ ان باتوں کا حرام و ممنوع ہونا تو تسلیم فرمالیا۔ رہا ضرورت کا حصول اور یہاں اس کا حدِ تحلیلِ حرام تک وصول، اس کا بارِ ثبوت آپ پر رہا ورنہ تحلیل کا کلیۂ مرسلہ حقًا باطلہ وحقیقۃً مہملہ کہ نامقلد رکن کے رکونِ تقلید سے روداد دوم میں ارشاد فرمایا اور اس کی بنا پر حنفیہ شافعیہ مالکیہ حنبلیہ چاروں گروہ اہلِ سنت پر ایک دوسرے کے عقائد سے کفر لازم بتایا، جب حضرات ائمہ اربعہ پر اوروں کے محرماتِ اجتہادیہ کو اپنے اجتہاد میں حلال جاننے سے

Marfat.com

معاذ اللہ لزومِ کفر رہا تو خود ان امور کو حرام و محظور مان کر کسی عذر بے دلیل پر اپنے لئے حلال کر لینے سے التزامِ کفر یا کم از کم لزوم ہی نہ عائد ہوگا۔

مولانا! شاید وہ ضرورت و مجبوری حدِ اکراہ شرعی میں پوری کہ اجرا و اشاعتِ کلماتِ کفریہ کو بھی روا جانا۔ رہا قلب مطمئنّ، اس کا خدا دانا۔ مولانا احکامِ محکمۂ خدا و رسول نہ ممکن الزوال نہ تغیر معقول، یہ عرف و مصالح حاضرہ کے فروع نہیں، جن میں تنوعِ افتائے قدما و متأخرین، کاش! سوالات پر نظر فرماتے تو انہیں میں ان کا جواب شافی پاتے۔

مولانا! آپ ظاہر فرماتے ہیں کہ بدمذہبوں کی شرکت کرنے میں آپ نے تقیہ کیا ہے، میں نہیں جانتا کہ یہاں تقیہ کا کیا محل یا سنی کو اس تقیہ شقیہ سے علاقہ کیا ہے ملاحظہ ہو چند روز صحبت نے علماء پر تو یہاں تک اثر کیا عوام بے چاروں کا کیا کہنا؟

مولانا! تقیہ سہی مگر اس کی خبر تو اپنے دل ہی تک رہی، عام عوام کو جو تمام ضالین سے اتفاق اتحاد کے احکام جا رہے ہیں، وہ بے چارے کیا جانیں کہ یہ احکام خلافِ باطن و مخالفِ شریعت اور وہ اقوال منافیٔ اہلِ سنت، بربنائے مصلحت تقیہ کی بدولت آ رہے ہیں، مجھے فرما دیا تقیہ کیا ہے، عام سے کہنے کی صورت کیا ہے؟ اعلان ہو تو تقیہ کہاں نہ ہو تو عوام میں مذہب کا تقیہ کہاں؟

مولانا! جو طریقِ عمل یعنی اعراض و اغماض آپ مفید بتاتے اور اس بنا پر عامۂ متکلمین اہلِ سنت، ائمہ سلف سے شاہ عبدالعزیز صاحب وغیرہ علماء تک سب کو خاطی و ناعاقبت اندیش بتاتے ہیں۔ افسوس کہ آپ کے یہاں رکنِ رکین مشیر و انی پروفیسر علی گڑھ کالج جناب شمس العلماء نعمانی اسے محض ناکافی فرماتے ہیں (ملاحظہ ہو مضمونِ ثالث مضامینِ اربعہ) اور ہاں ایک انہیں پر کیا ہے آپ اور تمام مقررین ندوہ باہتمامِ تام ردِّ کفرہ کی طرف بلا رہے ہیں، کیا ان کوششوں سے انھیں ضد نہ چڑھے گی، ہٹ نہ بڑھے گی؟ یہ اگر ضد کے باعث اور زیادہ اشاعتِ بدعت پر کمر باندھیں گے وہ اشاعتِ کفر پر کس کر باندھیں گے، ان میں کون بدتر ہے؟

Marfat.com

ہاں یہ کہیئے کہ مسلمانوں پر اس کا کم ضرر ہے کہ کافر کی بات مسلمان کے کان میں بے اثر ہے، ہاں اب راہ پر آگئے اور قاعدہ اہم فالاہم کے معنی سمجھ لیئے، واقعی ردِ اہلِ بدعت ہی اہم و اکد اور اس کی ضرورت اتم واشد اور نہ سہی تاہم ذرا فہم کی جانب لیئے ہوئے، قاعدہ بے محل اجرا ہو رہا ہے، ردِ کفار و ردِ بدعت میں تضاد ہی کیا ہے؟ جب دونوں ایک ساتھ ممکن بلکہ برابر واقع تو اہم کے لیئے مہم کو چھوڑنا توہم ضائع۔

مولانا! الحمدللہ آپ ان ارشاداتِ جنابِ مجددیت مآب کو بہت بجا و درست بتلاتے ہیں اور واقعی ایسا ہی ہے مگر خدارا انصاف وہ مقصد و اتفاق تو یہیں سے رخصت پا گیا۔ اللہ اکبر! جن کی نرمی صحبت سو کافروں کی صحبت سے زیادہ دینِ حق کو ضرر رساں معاذاللہ ان سے اتحاد منانے، ایک ہو جانے کے ضرر اشد و اخبث کا ٹھکانا کہاں!

مولانا! کلامِ مذکور میں لفظِ صحبت ہے، صحبت کی تقسیم طول و قصر سے آپ نے بھی سنی، پھر یہ رہنا رکھنا، کس لفظ کے معنی؟ یوں بھی سہی تو آپ ہر جگہ موردِ ایراد، سال میں تین چند تفریعیں سے اپنی صحبت رکھنے ہی کو ٹھہراتے اور جواب میں خلق، مروت، تقیہ بتاتے ہیں، اس اتحاد و اتفاق کا صبر کس پر پڑے گا جو اداد کے نادلوں کا ہیرو رہا ہے جو اعظمِ مقاصدِ ندوہ بنا ہے جس کے بغیر نمازیں مردود، روزے اکارت، نماز روزہ درکنار، ایمان ندارد تو وہ اس رہنے رکھنے، سب سے بدرجہا بڑھا ہوا ہے۔ للہ انصاف! جنابِ مجدد کا فرمانا کیا ٹھیک جما ہے، دیکھیئے نا! یہ مذہبی مضرتیں، یہ دینی فضیحتیں کہ خود سنیوں کے قلم ردِ سنیت لکھیں، انھیں صحبتوں کا پہلا نتیجہ ہے، کسی کافر کی صحبت سے بھی یہ گل کھلا ہے؟ اور ہنوز ابتدائے عشق ہے، ابھی تو الایا ایہا الساقی ہی پڑھا ہے۔

مولانا! گمراہوں کے سب و شتم سے تحفظ کو قرآنِ عظیم نے یہ ارشاد فرمایا کہ ان کے معظمین کو گالی نہ دینا معاذاللہ! یہ فرمایا کہ ان سے مل کر ایک ہو جاؤ، غیرت اٹھاؤ، مذہبی راہ سے اختلاط رکھو، اتفاق کرو، یک رنگی و الحاد کا دم بھرو، مذاہبِ باطلہ کی تحسینیں

Marfat.com

ہوئے، عقائدِ اہلِ حق کی توہینیں ہوئے، فضیحت کن نزاع تو جاتی رہی، اگرچہ دین و مذہب کے تج دینے ہی سے ؎

جنگِ اغیار را ز سر بنہید
یار را کشتہ زیں خطر برہید

مولانا ! بسعیِ ندوہ ایک آروی[1] صاحب کا اپنے عقائدِ باطلہ سے دستبردار ہونا اور ہزاروں کے مجمع میں توبہ کرنا، جسے بارہا اپنے خطوط میں تفاخراً لکھتے اور یہاں بھی تجربے سے اسی طرف اشارہ کرتے ہیں، ذی علم سنّی سلمہ اللہ نے ان کا شافی جواب گزارش کر دیا تھا اور نقلِ عبارت اقرار نامہ میں جو قطعِ الفاظ و تحفظ و احتفاظ کو کام فرمایا گیا، اس کی طرف بھی بہ نہایت خوش اسلوبی و مراعاتِ ادب کا اشارہ کیا تھا مگر افسوس کہ آپ نے اس پر بھی لحاظ نہ فرمایا، ذرا اسی خط پر نگاہِ انصاف ہو کہ دعوی بالعکس کا غبار صاف ہو۔

مولانا ! آپ فرماتے ہیں کہ یہ میرا مقصد نہیں ہے کہ موقع پر احقاقِ حق نہ کیا جائے، اللہ کرے ایسا ہی ہو مگر تقریر متعلق دار الافتاء تو کچھ اور سناتی ہے۔ مسائلِ نکاح و طلاق کا جواب نہ دیئے جانے پر وہ کچھ فرمایا کہ گذرا اور نیز ارشاد ہوا "جب کوئی صاحب مسئلہ دریافت کریں اور انہیں جواب نہ ملے یا اتنی دیر ہو کہ مایوس ہو جائیں یا وقت ٹل جائے تو ان کے لئے دریافت نہ کرنے اور جو جی میں آئے عمل کرنے کا بہت بڑا حیلہ ہے، یہ حالت عوام کو کسقدر بے توجہی و مطلق ناانصافی کا باعث ہو سکتی ہے" مگر نزاعیہ مسائلِ اہلِ حق و باطل کی نوبت آئی، مطلقاً مذاہب کی وصیت فرمائی کہ ان کے جواب سے سکوت رہے"

---

[1] مولانا محمد ابراہیم آروی، غیر مقلدوں کے بڑے عالم تھے، انہوں نے ندوی علماء کی تحریک پر احناف پر تشریک و طعن کرنے سے توبہ کی تھی جسے بعد میں شائع بھی کر دیا گیا تھا، فاضل بریلوی نے ان کے پر فریب توبہ نامہ کی طرف مولانا مونگیری کی توجہ مبذول کرائی ہے۔

Marfat.com

اب نہ بدنمائی کلام کا الزام نہ بددلی عوام، نہ مذہب میں مطلق العنانی ہوجانے کی پرواہ، نہ خوف مواخذۂ آخرت گزرا فانا للہ ثم انا للہ!

مولانا! دینی امر میں کسی عالم سے خط وکتابت مجھے نہیں معلوم کس حد تک کی معصیت اور آپ کے فیصلہ کو اس پر تقدم کی کونسی ضرورت؟ حالانکہ وہ فیصلہ بھی ہولیا تھا یعنی سکوت اور نظرِ ثانی میں کیا ہونا تھا؟ وہی سکوت، آخر دیکھئے نہ یہ فیصلۂ ثانی، اس کا بین ثبوت، پھر وہ لکھنا بھی آپ کی خیرخواہی پر مبنی تھا کہ شاید انہیں کا سمجھانا مؤثر ہوتا۔

مولانا! جناب کا جبروتی دعوی کہ "یاد رکھ کہ تجھے نقصان پہنچے گا" اس کی نسبت کچھ عرض کرنے کی حاجت کیا ہے؟ میں نے ایک رب وحدہ لاشریک لہ عزوجل وتبارک وتعالی کو مالکِ نفع وضرر جان لیا ہے، وہ مجھے ضرر دینا نہ چاہے تو کسی کے کہے سے کیا ہوسکتا ہے؟ لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا. ھو مولانا علیہ توکلنا والحمد للہ رب العلمین۔

ہاں مجھی کو سہو ہوا، آپ کے لفظ یہ ہیں کہ "تو نقصان اٹھائے گا" الحمدللہ میری بھی تمنا یہی ہے کہ جتنے نقصان ہیں سب اٹھادوں۔ اے میرے رب! میری مدد فرما! آمین۔ مولانا! بحمداللہ تعالی میں حق پر ہوں اور حق اپنے متبع سے جدا نہیں ہوتا پھر اوروں کی جدائی کی کیا پرواہ؟ آپ نے حدیث سنی ہوگی کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں: رحم اللہ عمر ترکہ الحق مالہ من صدیق (اللہ عمر پر رحم کرے اسے حق نے اس حال ہی چھوڑا کہ اس کا کوئی یار نہیں) طلب الحق غربۃ ع

ما در دو جہاں غیر خدا یار نداریم

اگر بجرم اتباع حق کوئی صاحب علیحدہ ہوں، افسوس ہوگا مگر ان کا کہ کیوں حق سے جدا ہوئے نہ اس کا کہ کیوں مجھے خفا ہوئے؟ کیا حمایتِ سنت سے علمائے اہلِ سنت علیحدہ ہوجائیں گے؟ یہ آپ کا خیال ہے بلکہ بشرطِ وصف اس کا سلب ضروری اور صدق محال ہے،

Marfat.com

اور جو سنی نہیں ان کی جدائی سے کیا ڈرائیے، ان کی نسبت تو عرض ہی کر رہا ہوں کہ دور رہئے الگ ہو جائیے، کیا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ فرمایا ایاکم وایاھم لایضلونکم ولا یفتنونکم معلوم نہیں کہ آپ ترکِ امتثال و حکم محکم حضور پُر نور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کیا عذر رکھتے ہیں، الٰہی توفیق باد و رفیق باد بحرمۃ محمد سید الاسیاد وصحبہ الھداۃ الامجاد علیہ وعلیہم صلوات الجواد آمین۔

خیر یہ تو طالب علمی کی آن تھی کہ آپ نے جو فرمایا اس کا ضروری و اجمالی جواب حاضر لایا کیلا یظل باسوید اء مجالا اوان من نادی السنۃ علی السنۃ مجالا، اب پھر اصلِ مطلب عرض کروں فان النہایۃ ھی الرجوع الی البدایۃ۔

مولانا! آپ کے سچے نیاز مند کو ہرگز یہ یقین نہ تھا کہ با وصفِ یاد دہانی آیاتِ قرآنی و احکامِ ربانی ان محدود سوالوں کے جواب سے بھی پہلو تہی فرمائی جائے گی۔ میں پھر دست بستہ ہزار منتوں کے ساتھ کتاب اللہ و کتاب الرسول یاد دلاتا اور ستر سوالوں کے جواب آپ اور جملہ اراکین دوران آٹھ کا فوری جواب آپ جیسے عالم مکین سے مانگتا ہوں خدارا انصافی نگاہ سے جواب دیں تو دیکھئے انشاء اللہ تعالیٰ حق ابھی کھل جائے گا جب تک سوالوں پر غور نہیں شب درمیان ہے، ان پر نظر ہوتے ہی وہ دیکھئے آفتابِ حق روشن و عیاں ہے۔

مولانا! یہ طلبِ جواب میں تیسرا عریضہ ہے اور ابلاغِ اعذار کی تین پر انتہا ہے، اگر اس پر جواب عطا ہوں، زہے نصیب ورنہ صرف اسی قدر اطلاعاً تحریر فرما دیں کہ جواب نہ دیں گے یا جواب فضول یا اور جو عبارات اسی معنیٰ کے تادیہ میں آپ کو مقبول۔ اس سے زائد جواب سے خارج، بالائی باتوں سے معافی مامول اور انہیں محض ناقابل التفات و

Marfat.com

نامستحق لحاظ سمجھنے کی اجازت مسئول۔

ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین، آمین آمین یا خیر الراحمین وصلی اللہ تعالیٰ علی سید الھادین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین آمین والحمد للہ رب العالمین۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ از بریلی

۱۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۳ھ

Marfat.com

بنام مولانا حاجی محمد لعل خان مدراسی مرحوم

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ حامیٔ سنت، ماحیٔ بدعت، ناصرِ ملت حاجی منشی محمد لعل خاں صاحب دام مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ تعالےٰ آپ کو جزائے خیر دے، تئیس ۳۰ روپے اور ایک نسخہ جدول ضرب حاضر ہے، کی قیمت کے ہوئے دو روپے گیارہ آنہ بچے، اس میں ۱۹۱۷ء کی المنک میرے لئے خرید کر محصول کے ٹکٹ لگا کر بھیجدیجے، اگر المنک ابھی نہ آئی ہو جب آئے بھیجدیجے۔

مولانا ظفر الدین صاحب نے تسہیل التعدیل کا کام ماشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کیا، جزاہ اللہ تعالیٰ خیر جزاء۔ مدرسۂ شمس الہدیٰ کے لئے آدمی وہی تجویز کریں، مجھے اطلاع دیں، تین مہینے کی چھٹی لیں گے تو کم از کم اس میں نصف کا میں مستحق ہوں ورنہ ہونا تو دو ثلث چاہیئے تھا۔

آپ نے چند روز لکھے ہیں اس میں کیا ہوتا ہے؟ یہ نوٹ توکّلا علی اللہ تعالیٰ یوہیں بھیجتا ہوں، ان کی رسید سے جلد مطلع کیجے، پھر خیال یہی ہوا کہ منی آرڈر ہی مناسب ہے۔

مولانا ظفر الدین وسائرِ اہلِ سنت کو سلام، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

دوم شوال ۳۴ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بملاحظہ مولٰنا المکرم ذی المجد والکرم حامیٔ سنت، ماحی بدعت جناب

خلیفہ تاج الدین احمد صاحب زید کرمہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مکرمی مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب قادری سلمہٗ، فقیر کے یہاں کے اعز طلبہ سے ہیں اور میرے بجان عزیز، ابتدائی کتب کے بعد یہیں تحصیلِ علوم کی اور اب کئی سال سے میرے مدرسہ میں مدرس، اس کے علاوہ کارِ افتاء میں میرے معین ہیں۔ میں نہیں کہتا کہ جتنی درخواستیں آئی ہوں سب سے یہ زائد ہیں مگر اتنا ضرور کہوں گا (۱) سُنّی خالص مخلص، نہایت صحیح العقیدہ، ہادی مہدی ہیں، (۲) عالم درسیات میں بفضلہٖ تعالیٰ عاجز نہیں۔ (۳) مفتی ہیں (۴) مصنف ہیں (۵) واعظ ہیں (۶) مناظرہ بعونہٖ تعالیٰ کر سکتے ہیں (۷) علمائے زمانہ میں علمِ توقیت سے تنہا آگاہ ہیں۔

امام ابنِ حجر مکی نے زواجر میں اس علم کو فرض کفایہ اور اب ہند بلکہ عامۂ بلاد میں یہ علم، علماء بلکہ عامۂ مسلمین سے اٹھ گیا۔ فقیر نے بتوفیقِ قدیر اس کا احیاء کیا اور رسات صاحب بنانا چاہے جس میں بعض نے انتقال کیا، اکثر اس کی صعوبت سے چھوڑ بیٹھے، انہوں نے بقدرِ کفایت اخذ کیا اور اب میرے یہاں کے اوقاتِ طلوع وغروب ونصف النہار ہر روز وتاریخ کے لئے اور جملہ اوقاتِ ماہِ مبارک رمضان شریف کے لئے اب یہی بناتے ہیں۔

Marfat.com

فقیر آپ کے مدرسہ کو اپنے نفس پر ایثار کر کے انہیں آپ کے لیے پیش کرتا ہے اگر منظور ہو تو فوراً اطلاع[1] دیجئے کہ اپنے ایک اور دوست کو میں نے روک رکھا ہے کہ ان کی جگہ پر مقرر کر دوں، اگرچہ دو عظیم کام یعنی افتاء و توقیت اور ان سے اہم تصنیف میں وہ ابھی ہاتھ نہیں بٹا سکتے، اسی طرح وعظ و مناظرہ بھی نہیں کر سکتے مگر یہ وہاں گئے تو جس نے انہیں ان کاموں کا اپنے کرم سے بنا دیا ہے ان کو بھی بنا سکتا ہے، والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری بقلم خود
۵ شعبان المکرم ۱۳۲۸ھ

---

[1] محبِ گرامی میاں محمد الدین کلیم قادری صاحب نے تذکرۂ مشائخ قادریہ لاہور میں حضرت ملک العلماء کے دار العلوم نعمانیہ لاہور میں مدرسی کے تعلق کا ذکر کیا ہے، انہیں غلط ذرائع سے یہ علم ہوا۔ حضرت بحیثیت مدرس لاہور کبھی بھی تشریف نہیں لے گئے۔ خلیفہ تاج الدین مرحوم کے حالات کے لئے تذکرہ علمائے اہلِ سنت و جماعت لاہور مرتبہ مخدومی علامہ پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ایم اے دیکھی جائے۔

Marfat.com

(۱)

۷۸۶

راحتِ جانم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مضمون دیکھ کر اغلاط بنا کر بھیجدیا، حدیث شریف صحیح کا ارشاد ہے ان اللہ یبعث لھذہ الامۃ علیٰ رأس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا امر دینھا بے شک اللہ ہر صدی کے ختم پر اس امت کے لئے ایک مجدد بھیجے گا کہ امت کے لئے اس کا دین تازہ کرے گا پہلی صدی کے مجدد حضرت عمر بن عبدالعزیز تھے، دوسری صدی کے مجدد امام شافعی و امام محمد و امام علی رضا و علیٰ ہذا القیاس، یہ خیال کہ صرف مجددِ الفِ ثانی، مجدد ہوئے اور یہ کہ مجدد ہزار سال بعد ہوتا ہے، سب جاہلانہ خیال ہیں۔ کل سے بہت پریشان ہوں، دعا فرمائیے۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۵ رجب مرجب ۳۲ھ

(۲)

۷۸۶

راحتِ جانم برادرِ دینی مولوی عرفان علی سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : نفی العار کی کاپیاں ہو رہی ہیں، سلامۃ اللہ لاہل السنہ غالباً آج چھپ گیا ہو، ماہِ مبارک کے سبب مطبع والے بھی بہت سست کام کرتے ہیں۔ قاضی عطا علی صاحب کا مضمون شاید بعد رمضان دیکھا جائے، آپ کی شادی کب کی ہے؟

Marfat.com

میرا ارادہ ضرور ہے کہ :

یہ سر ہو اور وہ سنگِ در، وہ سنگِ در ہو اور یہ سر
رضا وہ بھی اگر چاہیں تو اب دل میں یہ ٹھانی ہے

وقتِ مرگ قریب ہے اور میرا دل ہند تو ہند مکہ معظمہ میں بھی مرنے کو نہیں چاہتا اپنی خواہش یہی کہ مدینہ طیبہ میں ایمان کے ساتھ موت اور بقیع مبارک میں خیر کے ساتھ دفن نصیب ہو اور وہ قادر ہے۔ بہر حال اپنا خیال ہے مگر جائیداد کی جدائی یہ لوگ کسی طرح نہ کرنے دیں گے۔ خریدار کو مجھ تک پہونچنے ہی نہ دیں گے، کوئی منقول شے نہیں کہ بازار بھیج کر نیلام کر دی جائے اور خالی ہاتھ بھیک پر گزرنے کے لئے جانا نہ شرعاً جائز نہ دل کو گوارا، دعا کیجئے کہ ہر بات کا انجام بخیر ہو۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۸ ماہِ مبارک ۳۲ھ

(۳)

۷۸۶

برادرِ دینی و یقینی سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ : بھوالی، شہر در کنار، گاؤں بھی نہیں، پہاڑ کی تلی میں چند دوکانیں اور مسافروں کے ٹھہرنے کے معدود مکان، اس میں جمعہ و عید نہیں ہو سکتے، نینی تال شہر ہے اس میں صرف دو مسجدیں ہیں، ایک چھوٹے بازار دوسری بڑے بازار میں، جہاں میرے احباب اہلِ سنت رہتے ہیں، اس مسجد کا امام ایک دیوبندی ہے، سنّیوں نے مدتوں سے اس کے پیچھے نماز چھوڑ دی ہے، صوفی عنایت حسین[1] صاحب کی دوکان میں جمعہ و عید پڑھتے ہیں، مجھے انہیں احباب نے

---

[1] اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت قدس سرہ کے مرید و خلیفہ، بریلی شریف کے باشندہ تھے۔

Marfat.com

نماز پڑھنے کو بلایا تھا، اسی دکان میں جہاں مدت سے جمعہ ہوتا ہے، میں نے اس رمضان شریف میں ایک جمعہ ادا کیا، اس کے بعد بھوالی چلا آیا اور اب جا کر نمازِ عید پڑھائی، عید تو عید، جمعہ کے لئے بھی مسجد شرط نہیں، مکان، دکان اور شہر کے میدان سب میں ہو سکتا ہے۔ سب احباب کو سلام۔ والسلام

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ شب ۵ شوال مکرم ۳۳ھ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

نورِ دیدہ راحت روانِ من مولوی عرفان علی صاحب سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : آدمی کو اس قدر گھبرانا نہ چاہیئے، اللہ عزوجل پر توکل چاہیئے، بدمعاش لوگ ایسی دھمکیاں دیا کرتے ہیں وہ محض بے اصل باذن اللہ تعالیٰ ہوتی ہیں، صبح وعصر کے فرضوں کے بعد قبل کلام کرنے اور قبل پاؤں بدلنے کے اسی ہیئت الحیات پر بیٹھے ہوئے دس بار پڑھئے لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد بیدہ الخیر یحیی ویمیت وھو علیٰ کل شیئ قدیر پڑھیں، صبح کو پڑھئے شام تک ہر بلا سے محفوظ رہیئے اور شام کو پڑھئے تو صبح تک، عصر کے بعد نہ ہو سکے تو مغرب کے فرضوں کے بعد پڑھئے۔

(۲) صبح یعنی آدھی رات ڈھلے سے سورج نکلنے تک اور شام یعنی دوپہر ڈھلے سے سورج ڈوبنے تک اس بیچ میں کسی وقت دس دس بار حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔ صبح کا پڑھنا شام تک ہر بلا سے امان رہے اور شام کا صبح تک۔

(۳) ۳۳ بار تینوں قل، صبح وشام بھی یہی فائدے رکھتے ہیں، صبح وشام ۳۳ بار

Marfat.com

بسم اللہ ماشاء اللہ لا یسوق الخیر الا اللہ ماشاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ ماشاء اللہ ما کان من نعمت فمن اللہ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ پڑھا کیجے، صبح کا پڑھنا شام تک جلنے، ڈوبنے، چوری، سانپ، بچھو، شیطان، قہر حاکم سے امان ہے اور شام کا صبح تک۔ یہ تعویذ بھیجتا ہوں، بازو پہ رکھئے اور اللہ تعالے پر توکل کیجے، فقط والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۳۳ھ

(۵)

۷۸۶

برادر دینی و یقینی مولوی عرفان علی صاحب سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ: مولیٰ تعالیٰ مرض دفع فرمائے اور ہر جگہ اہلسنت کی حفاظت کرے۔ شیخ عبد اللطیف مرحوم بہت خوب آدمی اور فقیر کے خاص مخلص تھے، مولیٰ تعالیٰ مغفرت فرمائے، ان کی تعزیت کیسے اور کس پتہ پر لکھوں، ہر مکان میں بعد مغرب سات سات بار اذان با آواز بلند ہوا کرے۔ سورۂ تغابن شریف روز پانی پر دم کر کے سب اپنے اپنے گھر سب کو پلایا کریں۔ یہ نقش بھیجتا ہوں، اس کی نقلیں بچہ کے بازو پر باندھیں ھ اور م کے چشمے بند نہ ہوں، اس صورت کے لکھے جائیں:

۷۸۶

ھ ھ ھ ھ ر ر ✕ ٦ ٦ ٦ ٦ ٦ ٦ ٦ ٦ ٩ ھ ص ــــــ م

ہر گھر سے یہ تصدق ہو خوش حال دس سیر گیہوں اور پانچ آنے پیسے متوسط الحال پان سیر گیہوں اور ۲۰ پیسے کم استطاعت والے: سیر بھر گیہوں اور دو پیسے مسکین سنّی مسلمان کو دیں، میرا یہ خط مولوی عبد الحق[له] صاحب و مولوی عبد الاحد صاحب اور مولوی

---

[۲] له یہ تمام حضرات شیخ المحدثین حضرت امام شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہ کے شاگردان رشید تھے اور اعلیحضرت امام اہلسنت مجدد مائۃ حاضرہ قدس سرہ سے ارادت و خلافت کا تعلق رکھتے تھے، شیخ المحدثین کے حالات کے لئے تذکرہ علمائے اہل سنت از راقم خاکسار، شائع کردہ مجلہ معارف اعظم گڑھ ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

عبدالحی صاحب آگے ہوں تو انہیں اور مولوی حکیم حبیب الرحمٰن خاں صاحب اور سب احباب کو دکھا دیجے۔

ناول حصہ دوم پہنچا۔ اس رسالہ میں میرا کیا ہے یہ تو بفضلہٖ تعالیٰ آپ کے ایمان کی قوت ہے کہ بعونہٖ تعالےٰ آپ کی زبان و قلم سے ظاہر ہوتی ہے وللہ الحمد، مولیٰ تعالیٰ برکات زیادہ فرمادے، دیوار پر تعویذ چسپاں کرنے کی اجازت نہیں جبکہ یہ بیمہ صرف گورنمنٹ کرتی ہے اور اس میں اپنے نقصان کی کوئی صورت نہیں تو جائز ہے، حرج نہیں مگر شرط یہ ہے کہ اس کے سبب اس کے ذمہ کسی خلافِ شرع احتیاط کی پابندی نہ عائد ہوتی ہو جیسے روزوں یا حج کی ممانعت۔

برادرم شیخ جلال الدین صاحب کو بھی بعد سلام، تمام کارڈ کا مضمون واحد ہے گھر میں سب کو دعا و سلام، رویت کب کی ہوئی؟ اب طبیعت بحمدہٖ تعالیٰ پہلے سے اچھی ہے، دعائیں فرمائیں۔

فقیر احمد رضا ۶ شوال المکرم ۳۴ھ

(۶)

۷۸۶

برادرم سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ تعالےٰ آپ کے ایمان، آبرو، جان و مال کی حفاظت فرمائے۔

بعد عشاء ۱۱۱ بار "طفیل حضرت دستگیر دشمن ہوئے زیر" پڑھ لیا کیجے، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ آپ کے والدِ ماجد کو مولیٰ تعالیٰ سلامت باکرامت رکھے، ان سے فقیر کا سلام کہئے، یہی عمل وہ بھی پڑھیں، نیز آپ دونوں صاحب ہر نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور علاوہ نمازوں کے ایک ایک بار صبح و شام سوتے

Marfat.com

وقت، بعونہٖ تعالیٰ ہر بلا سے حفاظت رہے گی۔ دوپہر ڈھلے سے سورج ڈوبنے تک شام ہے اور آدھی رات ڈھلے سے سورج چمکنے تک صبح۔ اس بیچ میں ایک ایک بار علاوہ نمازوں کے ہو جایا کرے اور ایک بار سوتے وقت۔ آپ کے والدِ ماجد کو سلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ، بھوالی شب ۵ ذی الحجہ ۳۹ھ

(۷)

۷۸۶۰

برادرِ دینی و یقینی راحتِ جانم مولوی عرفان علی صاحب سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : فرنگی محلی نے مسلمانوں پر یہ افترا اٹھایا کہ انہیں گائے کی قربانی سے خلافت کمیٹی[1] کے کاروبار میں رکاوٹ اور نصاریٰ کی خوشنودی مطلوب ہے حالانکہ ہر مسلمان جانتا ہے کہ مسلمانوں کی قربانی اپنے رب عزوجل کے لیے ہے اور اپنا واجب مذہبی ادا کرنے کے واسطے، اسی بنا پر اپنے رسالہ قربانی گاؤ مطبوعہ شمس المطابع لکھنؤ ص ۲۸ پر کہا " تم پر گائے کا گوشت حرام ہے، اس میں بھی میں حق بجانب ہوں، فقہ کی کتب کا مطالعہ کرنے والے واقف ہیں کہ قدومِ امیر کی غرض سے جو قربانی ہو اس کا کیا حکم ہے، وہ قربانی مردار ہے اور قربانی کرنے والا گنہ گار ہے، شیخ سدو کے بکرے کے متعلق علماء کے فتاوے موجود ہیں تو ظاہر ہے کہ جس قربانی گاؤ میں خوشنودی حکام کی مضمر ہے اس کے حرام ہونے میں اور اس کے گوشت کے مردار ہونے میں کیا وجہِ تامل ہے؟" اور اسی صفحہ پر اس کے دو سطر اوپر لکھا " ان کو توبہ کرنا چاہیئے ورنہ اصرارِ معصیتِ کبیرہ پر، درجۂ کفر تک پہنچا دیتا ہے۔"

---

[1] خلافت کمیٹی کے ارکان کے خرافات کی تفصیل کے لئے البلاغ اور النور مؤلفہ رئیس العلماء حضرت مولانا سید سلیمان اشرف مرحوم، المجتہد المؤتمن از اعلیٰ حضرت امام اہل سنت، فاضلِ بریلوی اور ترکِ موالات از پروفیسر محمد مسعود احمد پی ایچ ڈی شائع کردہ مرکزی مجلس رضا لاہور دیکھئے۔

Marfat.com

فرنگی محلی کے ان اقوال پر شرعی فتوے لگایا جاچکا ہے جسے ۲۰ر جمادی الآخرہ ۱۳۳۹ھ کو علماء[1] کے ہاتھ فرنگی محلی کے پاس پہنچا دیا گیا اور فرنگی محلی سے آج تک جواب نہ ہوچکا پرچہ ہمدم ۱۱ر رمضان المبارک میں جن امور سے پوری توبہ شائع کی تھی ان میں یہ اقوال متعلقہ قربانی بھی داخل ہیں۔ پھر اس توبہ کو بھی توڑ دیا اور اب پورا عناد و استکبار رہے، وہ نفل صدقہ کہ میں نے لکھا تھا، مساکین سادات کرام کی بھی نذر کر سکتے ہیں، والسلام۔

فقیر قادری عفی عنہ ۲۹ر ذی الحجہ ۳۹ھ از بھوالی

(۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

برادرِ دینی و یقینی سنی مستقل مستقیم باذن المولی الکریم مولوی عرفا علی صاحب رضوی سلمہ

بعد سلام مسنون، سید ظہیر الحسن صاحب سلمہ کی زبان حال پر ملال انتقال پر خوردار معلوم ہوا، انا للہ وانا الیہ راجعون، اللہ کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں عمر مقرر ہے، اس سے کمی بیشی نامنظور ہے، بے صبری سے گئی چیز واپس نہیں آتی ہاں اللہ کا ثواب جاتا ہے جو ہر چیز سے اعز و اعلیٰ ہے اور محروم تو وہی ہے جو ثواب سے محروم رہا۔

حدیث شریف میں ہے جب فرشتے مسلمان بچے کی روح قبض کر کے حاضر بارگاہ ہوتے ہیں، مولیٰ عزوجل فرماتا ہے اور وہ خوب جانتا ہے، کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کر لی؟ عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے! فرماتا ہے کیا تم نے دل کا پھل توڑ لیا؟ عرض کرتے ہیں ہاں! اے رب ہمارے!

---

[1] مذکورہ فتوے فرنگی محلی، حضرت صدر الشریعہ حضرت حجۃ الاسلام حضرت صدر الافاضل قدست اسرارہم لے گئے تھے۔

Marfat.com

فرماتا ہے پھر اس نے کیا کیا؟ عرض کرتے ہیں تیری حمد بجا لایا اور الحمد للہ کہا! فرماتا ہے گواہ رہو میں نے اسے بخش دیا اور جنت میں اس کے لئے ایک مکان تیار کرو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے ۳ بچے نابالغی میں مر جائینگے آتشِ دوزخ سے اس کے لئے حجاب ہو جائیں گے۔ کسی نے عرض کی۔ اگر دو مرے ہوں؟ فرمایا دو بھی! ام المؤمنین صدیقہ نے عرض کی اگر کسی کا ایک ہی مرا ہو؟ فرمایا ایک بھی، اسے نیک سوالوں کی توفیق دی گئی۔ اس حکم میں ماں، باپ دونوں شامل ہیں۔ آپ اور آپ کے گھر میں دونوں صاحب یہ دعا پڑھیں انشاء اللہ العزیز اللہ عزوجل نعم البدل عطا فرمائے گا: انا للہ وانا الیہ راجعون الحمد للہ عسی ربنا ان یبدلنا خیرا منہا انا الی ربنا راغبون ہ اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منہا۔

صحیح حدیث میں ہے جب حضرتِ ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی زوجۂ مقدسہ حضرتِ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ دعا تعلیم فرمائی اور ارشاد ہوا کہ جو چیز فوت ہوتی ہے اس سے بہتر ملتی ہے۔ حضرتِ ام سلمہ نے دعا پڑھی مگر اپنے دل میں کہتی تھیں ابوسلمہ سے بہتر کون ملے گا؟ عدت کے دن گزرنے تھے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا۔

اپنے والد ماجد اور سب اعزہ کو فقیر کا سلام پہنچا کر یہ خط سنائیے اور سب یہ دعا پڑھیں۔ والسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ
بستم ذی القعدہ ۳۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

برادر دینی ویقینی مولوی سید عرفان علی صاحب سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ : مولیٰ عزوجل مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے اور مدارجِ عالیہ بخشے اور آپ سب صاحبان کو صبر واجر عطا کرے۔ اسی کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں ایک عمر مقرر ہے جس میں کمی بیشی نامتصور ہے اور محروم تو وہ ہے جو ثواب سے محروم رہا، بے صبری سے، جانے والی چیز واپس آئے گی؟ ہرگز نہیں مگر مولیٰ تبارک وتعالیٰ کا ثواب جائے گا، وہ ثواب کہ لاکھوں جانوں کی قیمت سے اعلیٰ ہے، کیا مقتضائے عقل ہے کہ کھوئی ہوئی چیز لے بھی؟ نہیں اور ایسی عظیم ملتی ہوئی دولت خود ہاتھ سے کھوئی جائے۔ صابروں کو اجر، حساب سے نہ دیا جائے گا بلکہ بے حساب! یہاں تک کہ جنہوں نے صبر نہ کیا تھا، روزِ قیامت تمنا کریں گے کاش! ان کے گوشت قینچیوں سے کتر جاتے اور یہ ثواب پاتے۔

دوسرے کے جانے کی فکر اس وقت چاہیئے کہ خود جانا نہ ہو اور جب اپنے سر پہ بھی جانا رکھا ہے تو اس کی فکر چاہیئے کہ جانا اچھی طرح سے ہو کہ وہاں مسلمان عزیزوں سے نعمت کے گھر میں ایسا ملنا ہو کہ پھر کبھی جدائی نہیں لاحول شریف کی کثرت کیجئے اور ساٹھ بار پڑھ کر پانی پہ دم کر کے پی لیا کیجئے۔ آپ بفضلہٖ تعالےٰ خود عاقل ہیں ان کو ہدایتِ صبر کیجئے۔ سب کو سلام ودعا ردالسلام۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ
۱۸ شعبان المعظم ۱۳۳۷ھ

Marfat.com

بنام مولوی اشرف علی تھانوی

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم

ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین ہ

الحمدللہ اس فقیر بارگاہ غالبِ قدیر عزّ جلالہ کے دل میں کسی شخص سے نہ ذاتی مخالفت، نہ دنیوی خصومت، مجھے میرے سرکار ابد قرار حضور پُر نور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محض اپنے کرم سے اس خدمت پر مامور فرمایا ہے کہ مسلمان بھائیوں کو ایسوں کے حال سے خبردار رکھوں جو مسلمان کہلا کر اللہ واحدِ قہار جل جلالہ اور محمد رسول اللہ ماذون مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ اقدس پر حملہ کریں تاکہ میرے عوام بھائی مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھولی بھیڑیں ان ذیابٌ فی ثیابٍ[1] کے جبّوں عماموں مولویت مشیخت کے مقدس ناموں قال اللہ قال الرسول کے روغنی کلاموں سے دھوکے میں آکر شکارِ گرگانِ خونخوار ہو کر معاذ اللہ سقر میں نہ گریں۔

یہ مبارک کام سجد المنعام اس عاجز کی طاقت سے بدرجہا خوب تر و فزوں تر ہوا اور جب تک وہ چاہے گا ہوگا۔ ذٰلک من فضل اللہ علینا وعلی الناس و الحمدللہ رب العٰلمین۔ اس سے زیادہ نہ کچھ مقصود، نہ کسی کی سب وشتم اور بہتان و افترا کی پرواہ، میرے سرکار نے مجھے پہلے ہی سنا دیا تھا کہ:

وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا	بیشک ضرور تم مخالفوں کی طرف سے
الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَمِنَ الَّذِیْنَ	بہت کچھ بُرا سنو گے اور اگر صبر و
اَشْرَکُوْٓا اَذًی کَثِیْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا	تقوےٰ کرو تو وہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

---

[1] کپڑوں میں چھپے بھیڑیے۔

Marfat.com

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ

الْاُمُوْرِ۔

الحمدللہ یہ زبانی ادعا نہیں بلکہ میری کارروائیاں اس پر شاہدِ عدل ہیں۔ موافق و مخالف سب دیکھ رہے ہیں کہ امرِ دین کے علاوہ جتنے ذاتی حملے مجھ پر ہوئے، کسی کی اصلاً پرواہ نہ کی، اصحابِ فقیر نے آپ کی طرف سے ہر قابلِ جواب اشتہار کے جواب دیئے جو بحمدہ تعالےٰ لاجواب رہے مگر جناب کے مہذب عالم، مقدس متکلم مولوی مرتضےٰ حسین صاحب دیوبندی، چاندپوری کے کمال شستہ و شائستہ دشنام[1] نامہ کی نسبت قطعی ممانعت کر دی جس کا آج تک ادھر والوں کو افتخار ہے کہ ہمارا گالی نامہ لاجواب رہا۔ گرامی منش مولوی ثناء اللہ[2] امرتسری ممکن و موجود میں فرق نہ جان سکے، مقدوراتِ الٰہیہ کو موجودات میں منحصر ٹھہرایا۔ علمِ الٰہی کے نامحدود ہونے میں اپنے آپ کو متامل بتایا اور جانتے ہی رمضان جیسے مبارک مہینہ میں برعکس چھاپ دیا کہ بیس ہرا آیا، ادھر اس پر بھی التفات نہ ہوا، عاقلاں نکو می دانند، پر اکتفا کیا، یہاں تک کہ وقائع مکہ معظمہ میں کیسے کیسے معکوس و مصنوع اکاذیبِ فاجرہ، اخباروں میں کس آب و تاب سے چھپا کئے۔ ہر چند احباب کا اصرار ہوا، فقیر اتنا ہی شائع کرتا کہ یہ جھوٹ ہے، اتنا بھی نہ کیا پھر

---

[1] مولانا مرتضےٰ حسن چاندپوری دیوبندی مذہب کی عظیم درس گاہ دارالعلوم دیوبند کے ممتاز فاضل اور اس کے ناظم تعلیمات تھے وہ خود کو مولوی اشرفعلی تھانوی کا وکیل کہتے تھے انہوں نے اسی حیثیت سے ایک اشتہار ذاتی حملوں اور سب و شتم سے لبریز شائع کرایا تھا جس کا عنوان تھا " بریلوی چپ شاہ گرفتار" ۱۲

[2] مولوی ثناء اللہ امرتسری، استاذِ زمن مولانا شاہ احمد حسن پنجابی فاضل کانپوری کے شاگرد تھے مگر استاذ کے عقائد و نظریات کے برعکس اعتقاد رکھتے تھے، ان کا شمار منکرینِ تقلید کے سربراہوں میں ہوتا تھا۔ بریلی شریف میں علمائے اہلِ سنت سے مناظرہ میں ان کو فاش شکست ہوئی مگر انہوں نے اپنے اشتہار میں اس کے برعکس چھاپا اور اعلیٰ حضرت امام اہلِ سنت پر ایسے ذاتی حملے کئے جس سے انسانیت اور شرافت دونوں شرم سے پانی پانی ہو گئے ۱۲

Marfat.com

جب چند ہی روز میں حضرات کے جھوٹ کھل گئے اور واحد قہار کے زبردست ہاتھوں نے ان کے منہ میں پتھر دے دئے، اس پر بھی میں نے اتنا نہ کہا کہ کیسا آپ صاحبوں کا جھوٹ کھلا۔

ایسے وقائع بکثرت ہیں اور اب جو صاحب چاہیں امتحان فرمائیں ان شاء اللہ تعالیٰ ذاتی حملوں پر کبھی التفات نہ ہوگا، سرکار سے مجھے یہ خدمت سپرد ہوئی ہے کہ عزت سرکار کی حمایت کروں نہ کہ اپنی، میں تو خوش ہوں کہ جتنی دیر مجھے گالیاں دیتے، افترا کرتے، برا کہتے ہیں، اتنی دیر محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بدگوئی، منقصت جوئی سے غافل رہتے ہیں، میں چھاپ چکا اور پھر لکھتا ہوں، میری آنکھ کی ٹھنڈک اسمیں ہے کہ میری اور میرے آبائے کرام کی آبروئیں عزتِ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے سپر رہیں اللّٰھم آمین۔

۱۔ آپ جانتے ہیں اور زمانے پر روشن ہے کہ بفضلہ تعالےٰ سالہا سال سے کس قدر رسائلِ کثیرہ غزیرہ آپ اور آپ کے اکابر جناب مولوی گنگوہی صاحب وغیرہ کے رد میں اِدھر سے شائع ہوئے اور بحمدہ تعالےٰ ہمیشہ لاجواب ہے۔

۲۔ وہ اور آپ صراحۃً مناظرہ سے استعفا دے چکے۔

۳۔ سوالات گئے، جواب نہ ملے، رسائل بھیجے، داخل ہوئے، رجسٹریاں پہنچیں، منکر ہو کر واپس فرما دیں۔

۴۔ اخیر تدبیر کہ جلسۂ دیوبند میں ان رئیسوں کے ذریعہ سے جس کا جناب پر بار ہے تحریک کی اس پر آپ ساکت ہی رہے۔

۵۔ رئیسوں کا دباؤ تھا ناچار دفع وقتی کو وہی چاندپوری صاحب آپ کے وکیل بنے فقیر نے اپنے خط و قلم سے جناب کو رجسٹری شدہ کارڈ بھیجا کہ کیا آپ مناظرۂ معلومہ پر آمادہ ہوئے؟ کیا آپ نے چاندپوری صاحب کو اپنا وکیلِ مطلق کیا؟ سات مہینے سے زائد گزرے آپ نے اس کا بھی جواب نہ دیا۔ ظاہر ہے کہ اگر آپ واقعی آمادہ ہوئے ہوتے، واقعی آپ نے وکیل کیا ہوتا تو ہاں لکھ دینا دشوار نہ تھا، مردانہ وار اقرار سے فرار نہ ہوتا۔ یہ ہے وہ فرض لایعنی

Marfat.com

بے معنی معاہدہ جس سے عدول کا ادھر الزام لگایا جاتا ہے۔ سبحان اللہ! اپنے وکیل کی وکالت آپ نہ مانیں اور عدول جانبِ خصم سے جانیں۔

ہاں جناب تو نہ بولے سولہ دن بعد انہیں آپ کے متوکل صاحب نے لب کھولے کہ ہم جو رؤسار کے سامنے اپنے منہ آپ ہی دعویٔ وکالت کر چکے ہیں اور جناب تھانوی صاحب سے دریافت کرنا ذلت و رسوائی، گردن کا طوق، ناپاک چالیں، بے شرمی کے حیلے ہیں [1]

۶۔ جلسۂ دیوبند کے بعد جناب مولوی گنگوہی صاحب کے ایک شاگرد رشید مولوی علی رضا مودی نے آپ حضرات سے مناظرہ کرنے کی تحریک کی، انہیں فوراً لکھا گیا، یہاں تو برسوں سے درخواست ہے جناب گنگوہی صاحب اپنی راہ گئے، جناب تھانوی صاحب انہیں کی راہ پہ مہر بر لب ہیں، آپ ہی ہمت کیجئے اور تھانوی صاحب سے جواب لا دیجئے۔ اس کے پہنچتے ہی ان صاحب نے ہمت ہار دی۔

۷۔ اذنابِ جناب کے افترار اعظم پر مسلمانوں نے پانسو روپے نقد کا اشتہار دیا اور آپکو رجسٹری بھیجا، آپ نہ جواب دے سکے نہ ثبوت۔

۸۔ دوسرے اشد افترار نامہ پر تین ہزار روپے کا اشتہار آپ کو دیا اور رجسٹری بھیجا، اگر تمام جماعت سے کچھ بن پڑتی تو اپنے مدرسۂ دیوبند کے لئے اتنی بڑی رقم نہ چھوڑی جاتی، مگر نہ جواب ممکن ہوا نہ ثبوت، ناچار چارۂ کار وہی سکوت۔

۹ یہ مانا کہ جب جواب بن ہی نہ پڑے تو کیا کیجے؟ کہاں سے لائیے؟ کس گھر سے دیجئے

---

[1] خط مولوی مرتضےٰ حسن ناظمِ تعلیمات دارالعلوم دیوبند بنام اعلیٰ حضرت امامِ اہلِ سنت قدس سرہ مؤرخ ۳۰ ربیع الآخر ۱۳۲۸ھ کی طرف اشارہ ہے۔ یہ خط دیوبندی تہذیب و شرافت کا نمونہ ہے۔ جو زبان اس میں استعمال کی گئی ہے لکھنؤ کے شہدے بھی سنیں تو شرما جائیں۔ (مرتب)

Marfat.com

مگر والا جنابا! ایسی صورتوں میں انصاف یہ تھا کہ اپنے اتباع کا منہ بند کرتے۔ معاملۂ دین میں ایسی ناگفتنی حرکات پر انہیں لجاتے، شرماتے۔ اگر جناب کی طرف سے ترغیب نہ تھی تو کم از کم آپ کے سکوت نے انہیں شہ دی یہاں تک کہ انہوں نے سیف النقی جیسی تحریر شائع کی جس کی نظیر آج تک کسی آریا یا پادری سے بھی نہ بن پڑی، یعنی میرے رسائلِ قاہرہ کے اعتراض اتارنے کا یہ ذریعۂ شنیعہ ایجاد کیا کہ میرے والد ماجد و جدِّ امجد و پیر و مرشد قدست اسرارہم و خود حضور پُرنور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسمائے طیبہ سے کتابیں گڑھ لیں، ان کے نام بنا لئے، مطبع تراش لئے، فرضی صفحوں کے نشان سے عبارتیں تصنیف کر لیں جس کی مختصر جدول یہ ہے:

نام کتاب تراشیدہ	اسمائے طیبہ مفتری علیہم	مطبع تراشیدہ	صفحہ تراشیدہ	خلاصہ عبارت و صفحہ افترار
تحفۃ المقلدین	حضرۃ خاتم المحققین والدِ ماجد قدس سرہ	مطبع صبح صادق سیتاپور	۱۵	تعریف گنگوہی صاحب ص۳
ہدایۃ البریہ	〃	لاہور	۱۳	مسئلہ علمِ غیب ص۱۱
〃	〃	〃	۱۴	〃 تبدیل گورستان ص۲
ہدایۃ الاسلام	حضرتِ جدِ امجد قدس سرہ	صبح صادق سیتاپور	۳۰	
تحفۃ المقلدین	〃	لکھنؤ		مسئلہ علم غیب بحمایت تھانوی صاحب ص۱۱
خزینۃ الاولیاء	اعلیٰحضرت سیدنا شاہ حمزہ قدس سرہ	کانپور		تبدیل گورستان بحمایت گنگوہی صاحب ص۲
ملفوظات	〃	مصطفائی		مسئلہ علمِ غیب بحمایت تھانوی صاحب ص۱۱
مرأۃ الحقیقۃ	حضور پرنور سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔	مصر		تبدیل گورستان بحمایت گنگوہی صاحب ص۲۱
				مسئلہ علمِ غیب ص۱۴

Marfat.com

اور بے دھڑک لکھ دیا کہ تم یہ کہتے ہو اور تمہارے اکابر ان کتابوں، ان مطابع کی مطبوعات میں ان صفحات پر یوں فرماتے ہیں حالانکہ نہ ان کتابوں کا جہان میں وجود نہ ان مطابع خواہ کسی مطبع میں چھپی، نہ ان حضرات نے تصنیف فرمائیں نہ حوالہ دہندہ کے فرض و تراش سے باہر آئیں، جرأت پر جرأت یہ کہ ص ۲۰ پر جو فرضی مطبع لاہور کی خیالی ہدایۃ البریۃ سے ایک فتوے لے گڑھا، اس کے آخر میں حضرت خاتم المحققین قدس سرہ کی مہر بھی دل سے تراش لی جس میں سنہ ۱۳۰۱ لکھے حالانکہ حضرتِ والد کا وصال شریف ۱۲۹۷ھ ہو چکا۔

حضرات کی حیا یہ گندہ افترائی رسالہ جناب کے مدرسہ دیوبند سے شائع ہوا۔ صاحبِ مطبع کا بیان ہے کہ آپ کے ایک متکلم مصنف مولوی صغیر حسن صاحب دیوبندی نے چھپوایا۔ آپ کے وکیل مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی نے اپنے ایک خط میں اسے افتخاراً پیش کیا کہ "تحریریں بھی اب اس کی حقیقت دیکھنی ہے، سیف المنقی طبع ہو چکا ہے، ملاحظہ سے گذرا ہوگا۔"

جب حیا و غیرت و دین و دیانت و عقل و انسانیت کی نوبت یہاں تک مشاہدہ ہوئی ہر ذی فہم نے جان لیا کہ بحث کا خاتمہ ہو گیا، حضرات سے مخاطبہ کسی عاقل کا کام نہ رہا۔ الحمد للہ کتب و رسائل فقیر تو چھتیس سال سے لاجواب ہیں، اصحاب و احبابِ فقیر کے رسائل بھی بعونہ تعالیٰ عز جلالہ لاجواب ہی رہے ہیں۔ ادھر کے تازہ رسائل ظفر الدین[1] الطیب کین کش[2] پنجہ پیچ و بارکش[3] سنگی و پیکان[4] جاں گداز، العذاب[5] البئیس اور ضروری[6] نوٹس و نیاز نامہ[7]، کشف راز[8] و اشتہار[9] چہارم، اشتہار[10] پنجم و اشتہار[11] ہفتم و ہشتم[12] ہی ملاحظہ فرمائیے، کس سے جواب ہو سکا؟ ان کے اعتراضوں، مواخذوں و مطالبوں کا کس نے قرض ادا کیا؟ بات بدل کر ادھر ادھر کی مہمل، پھر اگر ایک آدھ پرچے میں کسی صاحب نے کچھ فرمائی، اس کا جواب فوراً شائع ہوا کہ پھر ادھر مہرِ سکوت لگ گئی والحمد للہ رب العالمین، مگر اب کی یہ تدبیر حضرات کو ایسی سوجھی جس کا جواب ایک میں اور میرے اصحاب کیا تمام جہان میں کسی عاقل سے نہ ہو سکے،

Marfat.com

غریب مسلمان اتنی حیا و غیرت، ایسی بے تکان جرأت، اتنی بے باک طبیعت کہاں سے لائیں کہ کتابیں کی کتابیں دل سے گڑھ لیں، ان کے مطبع دل سے تراش لیں، ان کی عبارتیں ڈھال لیں اور آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سر بازار چھاپ دیں کہ فلاں چھاپے کی فلاں کتاب فلاں صفحہ پر جناب گنگوہی صاحب نے لکھا ہے کہ تھانوی صاحب کافر ہیں، فلاں مطبع کی فلاں کتاب فلاں صفحہ پر فلاں سطر میں مولوی تھانوی صاحب نے فرمایا ہے کہ گنگوہی صاحب مرتد ہیں جو اتنا ہو لے وہ حضرات سے مخاطبہ کا نام لے اور واقعی سوا اس طریقہ کے اور کر ہی کیا سکتے ہیں کہ حضرات چھتیس سال کے کتب و رسائل کے بارے سبکدوش ہوتے ؎

وقتِ ضرورت چو نماند گریز
دست بگیرد سرِ شمشیر تیز

۱۰۔ الحمدللہ! حق تمام جہان پر واضح ہو لیا اور ہر عاقل اگرچہ مخالف ہو خوب سمجھ گیا کہ کس نے مناظرہ سے برسوں فرار کیا؟ کس نے ہر بار مقابلہ و جواب سے انکار کیا؟ کون اتنا عاجز آیا کہ حیا و انسانیت کا یکسر پردہ اٹھایا؟ اور مرتا کیا نہ کرتا کہہ کر اس طرفہ چال پر آیا جو آج تک کسی کھلے منکرِ اسلام کو بھی اسلام کے مقابل نہ سوجھی مسیلمہ ملعون نے جواب قرآنِ عظیم کے نام سے وہ کچھ خباثتیں، ہزل، فحش، لغو جہالتیں بکیں مگر یہ اسے بھی نہ بن پڑی تھی کہ کچھ آیتیں سورتیں گڑھ کر قرآنِ عظیم ہی کی طرف نسبت کر دیتا کہ مسلمانو! تم تو یوں کہتے ہو اور تمہارے قرآن میں یہ لکھا ہے۔ یہ خاتمہ کا بند، اس اخیر دور میں مدرسۂ عالیہ دیوبند اور اس کے ہواخواہوں ہی کا حصہ تھا، بایں ہمہ آپ کے بعض بے چارے نافہم عوام یہ امید کئے جاتے ہیں کہ آپ مناظرہ فرمائیں گے اس کے متعلق اب تازہ شگوفہ نے خواجہ سے خروج کیا ہے جو آپ کے کسی خلیفہ کلن صاحب کا کہلایا ہوا ہے، اگرچہ یہاں صدہا بار کا تجربہ ہے کہ آپ نہ بولیں، محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو گالیاں لکھ کر چھاپنی تھیں وہ چھاپ چکے اور بار بار چھاپی جا رہی ہیں۔ اس پر مسلمانانِ عرب و عجم مطالبہ کریں آپ کو کیا غرض پڑی ہے کہ جواب

Marfat.com

دیں۔ کتنی بار خود آپ سے مطالبے ہوئے جواب غائب۔ جلسۂ دیوبند میں خط بھیجا جواب غائب؛ تصدیقِ وکالت کے لئے رجسٹری گئی جواب غائب، آپ کے یہاں کے شاگرد مودی ہیں ان کو متوسط کہا جواب غائب، جناب شیخ بشیر اللہ[1] صاحب وغیرہ رؤسائے میرٹھ کو متوسط کہا جواب غائب، جب اپنے آقایانِ نعمت کی وساطت پر بھی آپ نے جواب نہ دیا تو اب خواجہ والے آپ کو بلوالیں، یہ امید موہوم۔

بہت اچھا ہزار گنا بھول گئے ایک بار پھر سہی۔ آپ کے معتقدینِ خواجہ نے آپ حضرات کے اقوال سے ناتجربہ کاری یا اپنی سادگی سے لکھ دیا کہ جو صورت یہ فقیرِ بارگاہ مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پسند کرے منظور ہے، بہت خوب اِدھر سے کتنے بار اصول واہم شرائط مناظرہ کی تصریح ہو چکی اور تعیینِ مباحث کی تو گنتی نہیں، فقیر نے جو خط جلسۂ دیوبند میں بھیجا، اس میں بھی ان کی یاددہانی تھی ظفر الدین الطیب وضروری نوٹس ملاحظہ ہو اور ان سوالوں کا جواب صاف صاف خاص اپنے قلم و مہر و دستخط سے عطا ہو۔ تمام اشتہاروں تمام مطالبوں میں اگرچہ آپ کو کافی وافی مہلتیں دیں اور ہمیشہ بے کار گئیں کہ آپ تو اپنے ارادوں جینے جی مہلت لئے ہوئے ہیں، پھر ربط وضبط کے لئے تعیینِ دن لازم ہے۔ سوالات کچھ غور طلب نہیں،

---

[1] بھیا الحاج شیخ بشیر الدین چشتی صابری امدادی رئیسِ اعظم لال کرتی میرٹھ، نہایت متقی و مرتاض اور صاحبِ کشف وکرامات بزرگ تھے وہ علوم و فنون میں حضرت مولانا شاہ عبد السمیع بیدل مؤلف انوارِ ساطعہ کے شاگرد تھے، استاذِ زمن حضرت مولانا شاہ احمد حسن فاضل کانپوری کے توسط سے محبوبِ الٰہی حضرت شاہ امداد اللہ مہاجر مکی کے غائبانہ مرید ہوئے۔ مولوی اشرف علی تھانوی کے والد اور بڑے بھائی شیخ صاحب کے دربار کے ملازم تھے، شیخ صاحب نے متعدد بار حفظ الایمان کی مسموم عبارتوں سے رجوع کے لئے مولوی تھانوی کو ہدایت کی مگر وہ ہر بار خاموش رہے۔ استاذ العلماء ملک المدرسین استاذی مولانا غلام جیلانی میرٹھی مدظلہ کی شرح بخاری کا نام بشیر القاری انہیں کے نام پر ہے۔ شیخ صاحب کی ولادت ۱۲۹۰ھ اور وفات ۱۳۶۱ھ میں ہوئی۔

Marfat.com

تھوڑی سی عقل والا بھی ان پر فوراً ہاں یا نہ کہہ سکتا ہے مگر بلحاظِ استعدادِ جناب شرعی مہلت کی ابلائے اعذار کے لئے معین ہے، پیش کش روزِ وصولِ خط سے تین دن کے اندر ہر سوال کا معقول جواب صاف صریح تحریری مہری عنایت ہو۔ یہ آخری بار ہے، اس دفعہ بھی پہلو تہی فرمائی تو جن کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علمِ اقدس میں ملایا، انہیں میں آپ کو ملا دینے کی ہمارے لئے اجازت ہو۔

استفسارات

۱۔ توہین و تکذیبِ خدا جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے الزاماتِ قطعیہ جو مدتوں سے آپ اور آپ کے اکابر جناب مولوی گنگوہی و نانوتوی صاحبان پر ہیں، کیا آپ ان میں اس فقیر سے مناظرہ پر آمادہ ہیں یا ہونا چاہتے ہیں۔

۲۔ کیا آپ بحالت صحت نفس و ثباتِ عقل بطوع و رغبت بلا جبر و اکراہ اقرار فرماتے ہیں کہ حسام الحرمین و تمہیدِ ایمان و بطش غیب و غیرہا کے سوالات و اعتراضات کا جواب بالمواجہہ مہری و دستخطی دیتے رہیں گے۔ یوہیں ان جوابات پر جو سوالات و ردود پیدا ہوں ان کا یہاں تک کہ مناظرہ انجام کو پہنچے اور بفضلہٖ تعالیٰ حق ظاہر ہو۔

۳۔ کیا آپ اسی قدر پر اکتفا فرمائیں گے یا حسبِ تدبیر مذکور ظفر الدین الطبیب اس کے بعد سبحٰن السبوح و کوکبۂ شہابیہ و سل السیوف وغیرہا میرے رسائل کے مطالبات سے اپنے اکابر گنگوہی صاحب و اسمٰعیل دہلوی صاحب کو سبکدوش کریں گے۔

۴۔ اگر آپ اپنے ہی اقوال کے ذمہ دار ہوں اور اپنے اکابر جناب گنگوہی صاحب و نانوتوی و دہلوی صاحبان پر سے دفع کفر و ضلال کی ہمت نہ فرمائیں تو اتنا ارشاد ہو کہ یہاں دو فریق ہیں اوّل مسلمانانِ اہلِ سنت عرب و عجم۔ دوم صاحبانِ مذکور گنگوہ و نانوتہ و دہلی مع الاتباع واللاذناب ومن یلی، جناب اگر فریقِ اول سے ہیں تو الحمد للہ! ذٰلک ما کنا نبغی تحریر فرما دیجئے کہ میں جنابان گنگوہی و نانوتوی و دہلوی سے بری ہوں وہ اپنے اقوالِ کفر و ضلال و توہین و تکذیب

Marfat.com

ربِ ذوالجلال ومحبوبِ ذی الجمال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باعث ویسے ہی ہیں جیسا ان کو علمائے حرمین شریفین لکھتے آئے اور جیسا ان کی نسبت حسام الحرمین، فتاوی الحرمین وغیرہما میں لکھا ہے۔ اس وقت بلاشبہ ان کے اقوال کا مطالبہ آپ سے نہیں ہوسکتا بلکہ آپ خود بھی ان کے اتباع واذناب سے مطالبہ ومواخذہ میں شریک ہوں گے اور اگر جناب فریقِ دوم سے ہیں تو ان کے اقوال خود آپ کے اقوال ہیں پھر جوابِ مطالبات سے پہلوتہی کیا معنی؟ اور ظاہراً اس کا مظنہ نہیں کہ جناب فریقین سے جدا ہوکر کسی تیسرے طائفہ مثلاً رافضی وخارجی قادیانی، نیچری وغیرہما میں اپنے آپ کو گنیں اور بالفرض ایسا ہو تو اس کی تصریح فرما دیجئے، یوں بھی اس مطالبہ سے آپ کو برارت ہے۔

۵۔ کیا واقعی آپ نے اپنے یہاں کے متکلمِ اکبر چاندپوری صاحب کو جلسۂ دیوبند میں مناظرۂ مذکورہ کے لئے اپنا وکیلِ مطلق ومختارِ عام کیا تھا یا انہوں نے محض جھوٹ مشہور کردیا برتقدیرِ اول کیا سبب کہ اسی کی تصدیق کے لئے جو کارڈ رجسٹری شدہ گیا آج جناب کو آٹھواں مہینہ ہے کہ جواب نہ دیا۔

۶۔ وہ آپ نے وکیل کیا یا چاندپوری خود بن بیٹھے؟ بہرحال آپ سے اس کی تصدیق چاہنا ویسا ہی جرم اور انہیں مہذب خطابوں کا مستحق ہے جو چاندپوری صاحب نے تحریر فرمائے یا ان کا زعم محض ہذیان ومکابرہ وبے عقلی وجنون وزبان درازی ودریدہ دہنی؟ برتقدیرِ اول شرع، عقل، عرف کس کا قانون ہے کہ زید جو محض اپنی زبان سے وکیلِ عمرو ہونے کا مدعی ہو اسی قدر سے اس کی وکالت ثابت ہوجائے جو تصرفات وہ عمرو کے مال وا ہل میں کرے نافذ وتمام قرار پائیں اگرچہ عمرو ہرگز اس کی توکیل کا اقرار نہ دے۔ برتقدیرِ ثانی کیا ایسا شخص کسی عاقل کے نزدیک قابلِ خطاب علوم خصوصاً مسائل اصولِ دینیہ بلاسکتا ہے یا مردود ومطرود ونالائقِ مخاطبہ ہے۔

۷۔ سیف النقی کی نسبت بھی ارشاد ہو، آخر آپ بھی اللہ واحد قہار جل جلالہ کا نام تو لیتے

Marfat.com

ہیں ، اسی واحدِ قہار جبار کی شہادت سے بتائیے کہ یہ حرکات جو آپ کے یہاں کے علمارِ مناظرین کر رہے ہیں صاف وصریح ان کے عجز کامل اور نہایت گندے حملہ ربزدل کی دلیل روشن ہیں یا نہیں ؟

۸ - جو حضرات ایسی حرکات اور اتنی بے تکلفی اختیار کریں، جوان کو چھپوائیں ہیچیں ، بانٹیں، شائع وآشکارہ کریں، جوان کو پیش کریں، حوالہ دیں، ان پر افتخار کریں، جو امورِ مذکورہ کو روا رکھیں، ترکِ انسداد وانکار کریں، کسی عاقل کے نزدیک لائقِ خطاب ٹھہر سکتے ہیں یا صاف ظاہر ہوگیا کہ مناظرہ مناظرہ کا جھوٹا نام لینے والے، بے روح پھڑکتے، بے جان سسکتے ہیں لا یموت فیہا ولا یحییٰ -

۹ - اسی واحدِ قہار جلیل الاقتدار جل جلالہ کی شہادت سے یہ بھی بتا دیجئے کہ وہ رسالہ ملعونہ جو خاص جناب کے مدرسۂ دیوبند سے اشاعت ہو رہا ہے اور جس کے آخر میں آپ کے دیوبندی مولوی صاحب کا اعلان لکھا ہے کہ " بندہ کی معرفت رسالہ سیف النقی علیٰ رأس الشقی بھی مل سکتا ہے، قیمت ۰۲ر اور مولانا محمد اشرف علی صاحب وغیرہ بزرگانِ دین کی جملہ تصانیف بھی مل سکتی ہیں - راقم بندہ اصغر حسین عفی عنہ مدرسہ اسلامیہ دیوبند ضلع سہارنپور "

اس اشاعت کی آپ کو اطلاع تو ظاہر مگر اس میں آپ کا شوریٰ، آپ کی شرکت ہے یا نہیں ؟ نہیں تو آپ کی رضا ورغبت ہے یا نہیں ؟ نہیں تو آپ کو سکوت، اور اس سکوت کا محصل اجازت ہے یا نہیں ؟ نہیں تو آپ نے کیا انسداد کیا اور اس میں اپنی قدرت صرف کی یا بے پروائی برتی ؟ بر تقدیرِ اول اثر کیوں نہیں ہوتا بر تقدیرِ ثانی یہ بھی نیم اجازت ہے یا نہیں ؟

۱۰ - اسی عزیزِ مقتدر منتقم متکبر عز جلالہ کی شہادت سے یہ بھی حسبۃً للہ فرما دیجئے کہ بات و مقالات جو ظفر الدین الجید تا اشتہار ہشتم اور اس نامۂ حاضرہ مسمّی بہ ابحاثِ اخیرہ میں مذکور ہوئے

Marfat.com

سب حق وصواب ہیں یا ان میں کونسا خلافِ واقع ہے اور جب سب حق ہیں تو مناظرہ کا طالب کون رہا اور برابر فرار پر فرار، گریز پر گریز پر کس نے قرار کیا بینوا توجروا والرب احکم بالحق وربنا الرحمٰن المستعان علیٰ ما تصفون ہ

جناب مولوی تھانوی صاحب! یہ دس سوال ہیں، صرف واقعات یا آپ کے ارادہ و ہمت سے استفسار یا صاف واضحات جن کا جواب ہر ذی عقل پر آشکار، بایں ہمہ جواب میں جناب کو تین دن کی مہلت دی گئی، اگر جناب کے نزدیک یہ بھی کم ہے تو بے تکلف فرما دیجئے آپ جس قدر چاہیں فقیر توسیع کرنے کو حاضر ہے مگر جواب خود دیجئے، اب وکالت کا زمانہ گیا، آپ کے وکلاء کا حال کھل گیا، مدتوں جناب کو اختیارِ توکیل دیا کہ آپ گھبراتے ہیں تو جسے چاہئے اپنے مہر و دستخط سے اپنا وکیل بنائیے، بار بار رسائل و اشتہار میں اس کی تکرار کی مگر آپ نے خاموشی ہی اختیار کی اور بالآخر چاندپوری صاحب محض بزور زبان خود بخود آپ کے وکیل بنے جس کا انجام وہ ہوا کیا آپ عالم نہیں؟ کیا آپ وضوحِ حق نہیں جانتے؟ کیا آپ ان کلمات کے قائل نہیں؟ کیا آپ پر خود اپنا تبریہ لازم نہیں؟ دوسروں کا سہارا چھوڑیئے اور اللہ کو مان کر تحقیقِ حق سے منہ نہ موڑیئے۔ حیرانی پریشانی میں عوام کا دم نہ توڑیئے۔

ہاں ہاں آپ سے مطالبہ ہے، آپ پر مواخذہ ہے، جواب دیجئے اور آپ دیجئے، اپنے قلم و خط سے دیجئے، اپنے مہر و دستخط سے دیجئے ورنہ صاف انکار کر دیجئے کہ عوام کی چپقلش تو جائے۔ حق اہلِ فہم پر ظاہر ہو چکا ہے، آپ کے ان معتقدین پر بھی وضوح پائے پھر ان میں جسے توفیق عطا ہو ضلالت چھوڑ کر ہدیٰ پر آئے واللہ یہدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم وحسبنا اللہ تعالیٰ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولٰنا و ناصرنا محمد والہ واصحابہ اجمعین والحمد للہ رب العلمین۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ آج بستم ذی القعدہ ۱۳۲۸ھ روز

Marfat.com

چہار شنبہ کو فقیر نے خود لکھا اور میرے مہر و دستخط سے امضاء ہوا وللہ الحمد۔

(۲)

۷۸۶ حامداً و مصلیاً و مسلماً

مولوی اشرفعلی صاحب

توہین و تکذیبِ خدا و رسول جل وعلا و صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا جو الزام مدتوں سے آپ اور مولوی گنگوہی و نانوتوی و انبیٹھی صاحبان وغیرہم پر ہے سنا گیا ہے کہ اب آپ اس میں مناظرہ پر آمادہ ہوئے اور اس میں اپنا وکیل مطلق کسی شخص مرتضیٰ حسن نامی دیوبندی یا چاندپوری کو کیا۔ اگر یہ بات واقعی ہے تو الحمدللہ مدت کی تمنائے اہلِ اسلام بعونہٖ تعالےٰ پوری ہونے کی خوشخبری ہے۔ آپ فوراً اپنی مہری و دستخطی تحریر خود اپنے قلم سے لکھکر بھیجیں کہ میں نے بطشِ غیب و تمہیدِ ایمان و حسام الحرمین کے سوالات و اعتراضات کا جواب دینے کے لئے مرتضیٰ حسن مذکور کو اپنا وکیل مطلق و نائبِ عام کیا، اس کا تمام ساختہ پرداختہ، قول، فعل، سکوت، قبول، نکول، عدول جو کچھ ہوگا، سب بعینہٖ میرا اقرار پائے گا، مجھے اس میں کوئی عذر کی گنجائش نہ ہے اور نہ ہوگی۔ جب آپ یہ تحریر باضابطہ بھیجدیں گے تو میں باقی امور جو گزارش کرنے ہیں، کروں گا یہاں تک کہ مسلمانوں کا مولیٰ عزوجل حق ظاہر کو ظاہر تر فرمائے۔ وللہ الحجۃ البالغہ۔

آپ اگر واقعی آمادہ ہوئے ہیں تو تستر و تعلل کے کوئی معنی نہیں، سامنے سے پہلے کہا تھا کہ "میں مباحثہ کرنا نہیں چاہتا، میں اس فن میں جاہل ہوں اور میرے اساتذہ بھی جاہل ہیں، یہ من فساد آپ کو مبارک رہے [1]

---

[1] یہ تحریری جواب مولانا تھانوی نے حضرت الاستاذ ملک العلماء مولانا محمد ظفرالدین فاضل بہاری اور حضرت مولانا سید شاہ عبدالرشید عظیم آبادی قدس سرہما کو لکھ کر دیا، اس وقت وہ دونوں مرکزی دارالعلوم اہل سنت منظر اسلام بریلی شریف کے طالب علم تھے۔ یہ دونوں ۲۵ رجمادی الاخریٰ ۱۳۲۳ھ کو بریلی شریف میں ان کی آمد کے موقع پر ان کے پاس

Marfat.com

یہ خط جس دن آپ کو پہنچے، ایک وہ، دوسرا اور تیسرے دن جواب اپنے قلمِ خاص سے اور وکالت نامہ مضمون بالا اپنے مہر و دستخط و خامہ سے روانہ کریں، احتیاط چاہیئے رجسٹری کرائیں۔ تنبیہ تنبیہ تنبیہ! اگر اس کا جواب مذکورہ میں خود نہ دیا یا وکالت نامہ بمضمون مذکور بطور مسطور نہ بھیجا یا رجسٹری واپس کر دی تو ثابت ہوگا کہ آپ نے شخصِ مذکور کو وکیل نہ کیا تھا یا معزول کر دیا اور یہ کہ آپ حسبِ عادت چند سالہ، مسائل و سوالاتِ مذکورہ میں بحث سے پہلو تہی کرتے ہیں۔ میرے اس التماس کا جوابِ معقول آنے پر اور جو مجھے استفسار کرنا ہے، کر دونگا۔ اس کے جواب کے بعد آپ کی نوبت ہوگی، آپ کو جو پوچھنا ہوگا خود پوچھیں گے، میں بعونہٖ تعالٰے خود جواب دوں گا، ابتدائے سوال میری طرف سے ہے، میرے استفسارات طے ہونے سے پہلے بے جواب معقول دئے سوال علی السوال کی طرف عدول مدفوع و مخذول ہوگا۔ پھر کہتا ہوں اور بتاکید کہتا ہوں کہ آپ اگر واقعی آمادہ ہوئے ہیں تو صاف طور پر سمجھ لیجئے، بچنے، چھپنے، بدلنے کی حاجت نہیں وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین والحمد للہ رب العٰلمین۔

اس خط کے جواب میں کسی دوسرے کی کوئی بات نہ سنی جائے گی۔ آپ جبکہ عاقل بالغ ہیں تو وکالت نامہ خود آپ کے قلم و دستخط و مہر سے ہو ورنہ توکیل میں تسلسلِ مستحیل لازم آئے گا وحسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا ومولانا وھادینا وناصرنا محمد والہ وابنہ وحزبہ وبارک وسلم ابداً اٰمین۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ بقلم خود، ۱۴ ربیع الآخر شریف روز جمال افروز دوشنبہ ۱۳۲۸ھ

(بقیہ صفحہ گذشتہ)

پہنچے اور حفظ الایمان کی ایمان سوز عبارت پر بحث کی اور رجوع کا مطالبہ کیا تفصیل کیلئے حضرت الاستاذ ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین قادری رضوی قدس سرہ کی ظفر الدین الجید اور احقر کی کتاب حضرت ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

(۳)

وسیع المناقب جناب مولوی اشرفعلی صاحب تھانوی

السلام علیٰ من اتبع الہدیٰ ! حضرت سید مقبول علی میاں دامت برکاتہم سے معلوم ہوا کہ آپ کے بعض حواریان بریلی نے آٹھ روز کے اندر بغرض مناظرہ متعلقہ حسام الحرمین آپ کو بلا دینے کا وعدہ کیا۔ فقیر نے یہ عریضہ جس کی نقل مرسل ہے، حضرت ممدوح کو لکھا اور آٹھ کی جگہ سولہ دن کی مہلت دی، سنایا گیا کہ آپ کے حواری پھر گئے اب بعض دیگر نے ہمت کی ہے، اس عریضہ اور ایجاثِ اخیرہ کی نقل اب ان کے ذریعہ سے آپ کو مرسل ہے، ہاں، نہ جو کہنا ہو اپنی مہر و دستخط سے لکھ کر بھیجئے۔

جناب ! یہ کیا انصاف ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو گالیاں لکھنے کے لئے آپ ناطق بھی، محرر بھی، مصنف، مناظر، حفظ الایمان کی تقریریں ملاحظہ ہوں یہ رد و کد نہیں تو کیا ہے؟ اور جب اہلِ اسلام اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حقوق کا آپ سے مطالبہ کریں تو آپ یوں بے زبان و بے گوش بن جائیں، فقیر ہو کر دین و دنیا سے فارغ و بے ہوش بن جائیں ؎

نگفتہ ندارد کسے با تو کار
ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

یاد ہو جب تک مولوی گنگوہی صاحب بقیدِ حیات رہے آپ کو کسی نے نہ پوچھا، جو مطالبہ تھا ان سے تھا، وہ بقیدِ ممات ہوئے اور آپ ان کی جگہ رکھے گئے، اب آپ سے مواخذہ ہے اور خصوصاً خود آپ کے لفظوں کا، دوسرا کیوں شارح بنے ؎

تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں

مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالیاں دینے کے لئے آپ تھے اور تاویل کو دوسرا آئے ! جناب ! یہ کوئی دنیوی لڑائی نہیں، تیغ و تیر کا میدان نہیں، آپ ڈرنے کیوں ہیں؟

Marfat.com

یا یہ سکوت اس لئے ہے کہ آپ سمجھ لیتے اور جانتے ہیں کہ جواب ناممکن ہے۔ اللہ اللہ اس سے کیا بہتر، مگر ایسا ہے تو سکوت کافی نہیں اذا عملت سیئۃ فاحدث عنہ بالتوبۃ السر بالسر والعلانیۃ بالعلانیۃ۔

جس طرح چودہ ورقی حفظ الایمان باعلان چھاپی اور بار بار چھپ رہی ہے، اعلان چھاپ دیجئے کہ واقعی وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی توہین تھی اور اب میں توبہ کرتا اور اسلام لاتا ہوں۔ ہاں! اس سے آپ کی قدر نہ گھٹے گی بلکہ عند العقلا اور سچی توبہ ہوئی تو عند اللہ بھی آپ کی قدر ہو جائے گی، پھر از سرِ نو سولہ روز کی مہلت دیتا ہوں ایک دن آپ کے حواریوں کے پاس پہنچنے کا دو دن آپ کے پاس پہنچنے کے، یوں تین دن آپ کی مہری دستخطی تحریر یہاں آنے کے اور کامل دس دن، آپ کے ہاں لکھ کر مہر کر دینے کے، والسلام علیٰ من اتبع الہدےٰ۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ، ۱۹ صفر ۲۹ھ

Marfat.com

بنام الشیخ محمد طیّب مکی قدس سرہٗ

①

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

الی الفاضل الکامل الشیخ محمد طیب المکی سددہ اللہ بقلب ملکی اما بعد فانی احمد اللہ الیک سلام علیک۔ وصل الکتاب وحصل الخطاب غب ما طال امد ونزال ابد و ظن الوداد ان قد نفذ او کان قد وسما یسرّ ان التخاطب فی امر دینی والسوال عن فرض یقینی فاحببت الجواب رجاء للثواب و اظہارا للصواب وقضاء لحق اخوۃ الاحباب ولوانک یا اخی رجعت فی ھٰذا الکلام السیین لاغناک عن مراجعۃ مکثی من المقلدین کما بہ تغنیت فیما تمنیت من الائمۃ المجتہدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین الم ترٰی ان ربک کیف یقول وقولہ الحق۔

فما کان المؤمنون لینفروا

فاضلِ کامل شیخ محمد طیب مکی! میں آپ سے حمدِ الٰہی بیان کرتا ہوں۔ سلام علیک! خط آیا مخاطبہ لایا بعد اس کے کہ ایک زمانہ گزرا اور مدتِ دراز نے انقضا پایا اور دوستی نے گمان کر لیا تھا کہ جا چکی یا اب گئی اور ایک خوشی کی بات یہ ہے کہ گفتگو ایک امرِ دینی میں ہے اور سوال ایک فرض یقینی سے تو جواب دینا چاہا بامیدِ ثواب و اظہارِ صواب و ادائے حق، محبتِ احباب۔

برادرم! اگر آپ اس معاملہ میں قرآنِ عظیم کی طرف رجوع کرتے تو مجھ جیسے مقلد کی جانب رجوع کی حاجت نہ ہوتی جیسا کہ آپ اپنے خیال میں قرآن فہمی کے باعث حضرات ائمہ مجتہدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بے نیاز ہو گئے ہیں۔ آپ نے نہ دیکھا کہ آپ کا رب کیا فرما رہا ہے اور اسی کا قول سچا ہے۔

اور مسلمان سب کے سب تو باہر جانے

Marfat.com

کافۃ فلولا نفر من کل فرقۃ طائفۃ لیتفقھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون۔

فقد فرض التفقہ فی الدین واعنی سنہ عامۃ المؤمنین ولم یترک احدا منھم سدی فانما ارشد للتقلید من اھتدی الم تعلم ان للہ علی خلقہ فرائض لا تترک ومحارم لا تنتھک وحدود من تعداھا فقد ظلم و ھلک ولکلھا او جلھا شرائط وتفاصیل لا یھتدی الیھا الا قلیل و ما یعقلھا الا العلمون فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۔

بل لو رجعت الی نفسک لا لفیت غدک ھذا کمثل امسک وانا اجیرھا باللہ

سے رہے تو کیوں نہ ہوا کہ ہر گروہ سے ایک ٹکڑا نکلتا کہ دین میں فقہ سیکھے اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائے اس امید پر کہ وہ خلافِ حکم کرنے سے بچیں۔

تو اللہ تعالیٰ نے فقہ سیکھنا فرض فرمایا اور عام مسلمانوں کو اس سے معاف فرمایا اور مہمل اور آزاد کسی کو نہیں رکھا ہے تو ضرور اہلِ ہدایت کو تقلید ہی کا ارشاد ہوا ہے۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ اللہ عزوجل کے لئے اپنی مخلوق پر کچھ فرض ہیں کہ چھوڑنے کے نہیں اور کچھ حرام ہیں کہ حرمت توڑنے کے نہیں، کچھ حدیں ہیں کہ جو ان سے آگے بڑھے، ظالم ہوا اور ہلاک میں پڑا، اور ان سب یا اکثر کے لئے شرطیں اور تفصیلیں ہیں جنہیں گنتی ہی کے لوگ جانتے ہیں، اور ان کی سمجھ نہیں مگر عالموں کو تو اہلِ ذکر سے مسئلہ پوچھو اگر تمہیں علم نہ ہو۔

بلکہ آپ اپنی عقل ہی کی طرف رجوع لاتے تو اپنی آئندہ کل کو گذشتہ کل کی طرح پاتے اور میں آپ کی عقل کو خدا کی پناہ میں

Marfat.com

سبحٰنہ وتعالیٰ علی العباد
ان تبہت او تکابر او تتعامیٰ
عن البدر وھو ظاھر سلھا ھل
للہ تعالیٰ ما لا یدرک علمہ
اول ما یدرک الا بنص او
اجتہاد فان ابت فسنکرا
انت وان سلمت سلمت و
اسلمت فسلھا اترین الناس
کلھم عالمین بھا لھم و
علیھم من امور الدین لاحاطتھم
جمیعا بمعانی النصوص
و اقتدارھم طرا علی
استنباط المسکوت عن
المنصوص فان عمت
فقد عمیت وان اجنحت
فقد ھدیت فسلھا عن
الذین لا یعلمون ولا یبصرون
ولا علی الاجتہاد یقتدرون
اولئک متروکون سدی
فان انعمت فقد ضلت
الھدی وان ابصرت فانکرت

دیتا ہوں اس سے کہ ان ہونی، جوڑ سے یا
ڈھٹائی یا چمکتے چاند ماہ تمام سے اندھی بنے
اپنی عقل ہی سے پوچھئے کیا اللہ تعالےٰ
کے لئے بندوں پر کچھ ایسے احکام ہیں
یا نہیں کہ ابتدائی ان کا علم بے غیر تصریح
شارع یا اجتہادِ مجتہد کے حاصل نہیں،
اگر وہ انکار کرے تو واجب الانکار شناعت
لائی، اگر مانے تو سلامت رہی اور اطاعت
لائی تو اس سے پوچھئے کیا تیرے خیال
میں تمام آدمی حلال و حرام و جائز و واجب
دین کے جتنے احکام ان پر ہیں سب کے
عالم ہیں، نصوصِ شریعت کے معانی کا سب
کو احاطہ ہے، منصوص سے مسکوت کا حکم
پیدا کرنے پر سب کو قدرت ہے پس اگر
وہ تعمیم کرے تو یقیناً اندھی ہے اور اس
سے باز رہے تو ضرور مہتدی ہے
اب اس سے ان کا حکم پوچھئے جنہیں نہ
علم ہے نہ بصیرت نہ اجتہاد کی قدرت
کیا وہ شترِ بے مہار بنا کر چھوڑ دئے
گئے ہیں، اگر ہاں کہے تو قطعاً گمراہ ہوئی
اور اگر آنکھ کھولے اور بے مہاری سے

Marfat.com

فسلهما ما لهم من السبيل
الى ان يعلموا احكام الجميل
أان يروا بانفسهم وهم
لا يبصرون و يستنبطوا
وهم لا يقدرون او يرجعوا الى
العلماء المرشدين فيعتمدوا
عليهم لى امور الدين و يعملوا
بقولهم سنقادين فان بالاول
اجابت فقد بهتت و خابت
لا يكلف الله نفسا الا وسعها
وان ابت و ابت الى الاخر اصابت
وقد وجدت ضالة ضلت ربعها۔

ثم من العجب سؤلك عما
لا يسأل عنه مثلك و ان علم المكلف
بفرضية التقليد كيف يحصل
له أبا جتهاد او بتقليد فلقد
قصرت و لا قصر و ن عمت
الحصر حيث لا حصر اما علمت
ان الضروري في علمه عنهما جميعا
نغني اليس ان كل مسلم يعلم
ضرورة من الدين علما لا يخالطه

انکار کرے تو اب اس سے پوچھئے کہ ان
کے لئے احکامِ الٰہی جاننے کی کیا سبیل ہے
آیا یہ کہ خود دیکھیں حالانکہ وہ نگاہ نہیں رکھتے
کہ اجتہاد کریں حالانکہ وہ قدرت نہیں رکھتے
یا یہ کہ ہدایت و ارشاد والے علماء کی طرف
رجوع لائیں، امورِ دین میں ان پہ اعتماد
کریں جو وہ فرمائیں مطیع ہو کر اس پر
کاربند رہیں۔ اگر جواب میں پہلی بات
کہی تو یقیناً بہتان اٹھاتی ہے اور نامراد
رہی اور اگر اس سے انکار کر کے دوسری
طرف پلٹی تو راہِ صواب پہ آئی اور جس
گم شدہ کا مکان نہ جانتی تھی اسکی ملاقات پائی۔

پھر عجیب بات ہے کہ آپ کا
ایسے امر سے سوال جسے آپ جیسا دریافت
نہ کرتا کہ مکلف کو تقلید فرض ہونے کا علم
اجتہاد سے آئے یا تقلید سے آپ نے قصر
کیا اور قصر نہ تھا اور حصر سمجھے جہاں حصر نہ
تھا، کیا آپ کو خبر نہیں کہ بدیہی بات اپنے
جاننے میں ان دونوں سے یکسر بے نیاز
ہے۔ کیا ہر مسلمان بالبداہۃ ایسے یقین
سے جس میں کسی گمان و تخمین کی آمیزش

Marfat.com

ظن ولا تخمین ان للہ علیہ فرائض
وحرمات وحدودا وتکلیفات
ویعلم منہم من لا یعلم علما وجدانیا
ان لا یعلم وانہ لا یقدر ان یعلم
الا یعلم ان لا براءۃ ذمۃ الا بالعمل
ولا عمل الا بالعلم ولا علم الا
لمن تعلم فینقدح فی ذھنہ
بداھۃ ان علیہ سوالا من اذا
سئل ھدی وعلم وھذا سیدنا
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم قائلا وقولہ اصدق مقال
الا سالوا اذا لم یعلموا فانما شفاء
العی السوال وقد تواتر ذلک
من لدن الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ
عنہم وھلم جرا تواتر کتابۃ الصلوات
وسائر المکتوبات علانیۃ جھرا
بل ھو امر مجبول علیہ اجیال
الشر من امن منہم ومن کفر فتری
عوام کل فرقۃ تأتی علماءھا والبائھا
وتسال دواء داء جھلھا من تحسبھا
اطبائھا علما من لدیھم بانہ

نہیں اپنے دین کا یہ حکم نہیں جانتا کہ اللہ عزوجل کے لئے
اس پر کچھ فرض ہیں، کچھ حرام اور کچھ حدیں
ہیں، کچھ احکام اور ان میں جو جاہل ہے
وہ اپنے وجدان سے جانتا ہے کہ جاہل
ہے اور یہ کہ جب تک اسے بتایا نہ جائے
خود جان لینے سے عاجز ہے اور خوب
جانتا ہے کہ بے عمل کئے چھٹکارا نہیں اور
علم عمل کا یارا نہیں اور بے سیکھے علم نہ آئیگا
تو بداہۃً اس کے ذہن میں خود جائے گا کہ
اس پر ایسے سے پوچھنا لازم ہے جو مسئلہ
بتا کر فرماتے اور یہ ہیں ہمارے مولےٰ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہوئے اور
ان کا ارشاد ہر قول سے زیادہ سچ ہے
الا سألوا الحدیث یعنی کیوں نہ پوچھا جب خود
نہ جانتے تھے کہ عجزہ کا علاج تو سوال ہی
ہے اور بے شک وہ زمانۂ صحابہ کرام
رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے آج تک برابر
فرضیتِ نماز و دیگر فرائض کی طرح علانیہ و
ظاہر متواتر ہے بلکہ وہ ہر انسان کی جبلی بات
ہے خواہ وہ مومن ہے خواہ کافر ہے لہٰذا
ہر گروہ کے عوام کو دیکھو گے کہ اپنے یہاں کے

Marfat.com

القاضی ما علیهم فاسئلهم
ابتقلید کان ام باجتهاد فسیأتیك
بالاخبار من لم تزود بالانزواد
او انت بنفسك انبئتنی
عن قولك لی ارغب
ان تعلمنی و انا
عائذ بالله ان یکون
سؤلك سول متعنت عنید
بل سؤل طالب للحق
مستفید فباجتهاد اتتینی
ام بتقلید فان الامر دینی
وابعث فیه من صنیع المفسدین
فلیس عن اعتقاد حکم محید
ولا اعتقاد الا عن منشأ سدید
وقد انحصر فی الاجتهاد
والتقلید۔

اہلِ علم و دانش کے پاس آتے اور جنہیں
اپنا طبیب سمجھے ان سے مرض جہل کی دوا
پوچھتے ہیں اس لئے کہ وہ یقیناً اپنے
دل سے جان رہے ہیں کہ ہم اسی طور پر
اپنے فرض سے ادا ہوں گے، اب ان
سے پوچھئے، یہ تقلید سے تھا یا اجتہاد
سے عن قریب تمہیں وہ خبر یں لاکر دے گا
جسے تم نے توشہ نہ بندھوا دیا تھا یا آپ خود
ہی اپنے اس قول کا حال بولے جو آپ نے
مجھے لکھا کہ میں آپ کی طرف آرزو لاتا ہوں
کہ مجھے تعلیم فرمائیے"، اور میں اللہ عزوجل کی
پناہ لیتا ہوں: اس سے کہ آپ کا سوال کسی
باطل کوش سرکش کا سوال ہو بلکہ حق طلب
فائدہ خواہ کا سوال ہے تو اب آپ میرے
پاس اجتہاد سے آئے یا تقلید سے کہ یہ
معاملہ دین کا ہے اور دین میں لہو مفسدوں
کا کام ہے تو کسی حکم کے اعتقاد سے چارہ
نہیں اور اعتقاد حاصل نہ ہوگا مگر منشأ درست
سے اور وہ اجتہاد و تقلید میں منحصر ہو چکا۔

ثم اذ لم تهتد وانت تخدم
الطلبة منذ ثلاثین عاما الدلیل

پھر جب کہ آپ نے اس تیس
برس کی خدمتِ طلبہ میں دلیل استحبابِ تقلید

Marfat.com

یدلك علی استحباب التقلید
فضلاعن وجوب فضلا عن
افتراضہ قطعا وابراما فسواء
علیك یکون عندك حکم
فی القضیۃ من تحریم او
کراھۃ او اباحۃ شرعیۃ
او انت شاك فیما ھنالك او شاك
وشاك فی انك بشاك ایا ما کان
فلا سحید لك من تجویز ترك التقلید
وتلقی الاحکام من الکتاب المجید
لکل عامی جھول بلید لا یعرف الغث
من السمین ولا الشمال من الیمین
ولا الظلمت ولا النور ولا الظل ولا
الحرور اذ لولاہ لما اعترالك شك شائك
فی وجوب التقلید علی اولئك فضلاعن
الاستحباب فضلاعن الزام الاجتناب
فضلاعن الیقین الکذاب بخصوص
نوع من اضداد الایجاب ولا وربك
لن یستقیم لك ذلك الا باحد
مسلکین من اشنع المسالك موقعین
اسمالك فی اسود المھالك زعم

کی طرف ہدایت نہ پائی چہ جائے وجوب!
چہ جائے فرضیتِ قطعیہ یقینیہ، تو اب
آپ پر یکساں ہے خواہ آپ کو تقلید کا کوئی
حکم معلوم ہو کہ وہ شرعاً حرام یا مکروہ یا مباح
ہے یا آپ کو شک ہو یا حکم میں شک ہو
اور اس میں بھی شک ہو کہ آپ کو شک ہے
بہرحال اس سے مفر نہیں کہ آپ تقلید چھوڑنا
اور قرآنِ مجید سے احکام نکالنا ہر ایسے
عامی جاہل احمق کے لئے جائز جانیں جسے
نہ لاغر و فربہ میں تمیز ہو نہ دہنے بائیں میں،
نہ اندھیری پہچاننے نہ روشنی نہ سایہ نہ دھوپ
کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو ان لوگوں پر تقلید خود
واجب ہونے میں کوئی خلش ڈالتا ہو شک
آپ کو پیش نہ آتا نہ کہ استحباب نہ کہ تقلید
سے بچنے کا ایجاب نہ کہ وجوبِ تقلید کی
کسی خاص صنف پر جھوٹا یقین اور تمہارے
رب کی قسم یہ تمہیں راست نہ آئے گا مگر
دو راہوں میں ایک سے جو سخت بری
راہوں سے ہیں اور اپنے چلنے والے کو نہایت
بد مہلکے میں ڈالنے والی ہیں یا تو گمان اس کا
کہ تمام لوگ ہر مسئلے میں جس کی انہیں حاجت ہو

Marfat.com

ان الناس عن اخرهم من اهل الاجتہاد فی حل ما یحتاجون الیہ فلہم یدان باستنباط الاحکام او ابتداع سبیل اخر الی تعرفہا غیر التقلید والاجتہاد فیعلمون من دون علم ولا استعلام۔

اہلِ اجتہاد سے ہیں، انہیں احکام نکالنے پر دسترس ہے یا یہ کہ تقلید و اجتہاد کے سوا ان تمام احکام پہچاننے کا اور کوئی طریقہ گڑھیے کہ یہ جہال، بے علم، بے سیکھے، احکام جان لیں۔

وانا اعیذک برب المشرقین ان تقول بشیئ من ہذین الظلمین وان وجدت احدا من رباع الجاہلین یتفوہ بمثل الباطل المہین فللہ خذ بیدہ والی استعلاج الدماغ رشدہ واہدہ فقد اخذہ جنون و والجنون فنون والدین نصح والنصح یثیب والطبیب اللبیب الحاذق الارہب الاجمل[1] الاکمل منک قریب۔ دع عنک العوام نبئنی عن نفسک فی تلک الاعوام کیف عبدت اللہ

اور میں آپ کو پروردگارِ مشرقین کی پناہ دیتا ہوں کہ آپ ان دونوں ظلموں میں سے کسی کے قائل ہوں اور آپ اگر کسی کمینے جاہل کو پائیں کہ ایسی صریح باطل بکتا ہے تو للہ! خدا کو مان کر اس کا ہاتھ پکڑ لیجیے اور علاج دماغ کی طرف اسے ہدایت کیجیے کہ اسے جنون نے آلیا اور جنون طرح طرح کا ہوتا ہے اور دین خیر خواہی ہے اور خیر خواہی پہ ثواب ملتا ہے اور طبیب حاذق عاقل زیرک اجمل[1] اکمل آپ کے پاس موجود ہیں عوام سے درگزر کیجیے خود اپنے حال سے خبر دیجیے آپ نے ان برسوں میں اللہ کو کیونکر پوجا

---

[1] حاذق الملک حکیم محمد اجمل خاں مرحوم دہلوی کی ذاتِ گرامی مراد ہے جن کے بزرگ باپ دادا سے اعلیٰحضرت قدس سرہ کے خصوصی مراسم تھے، مکتوب الیہ ایک مدت تک حکیم صاحب مرحوم کے وظیفہ خوار رہے، اعلیٰحضرت امام اہل سنت نے اسی کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

Marfat.com

وعاملت العبید اباحتہا دام بتقلید
وعلیٰ کل فالانسان علیٰ نفسہ بصیرۃ
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، شب برات قریب ہے اس رات تمام بندوں کے اعمال حضرت عزت میں پیش ہوتے ہیں مولی عزوجل بطفیل حضور پر نور شافع یوم النشور علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام مسلمانوں کے ذنوب معاف فرماتا ہے۔ مگر چند اون میں وہ دو مسلمان جو باہم دنیوی وجہ سے رنجش رکھتے ہیں فرماتا ہے ان کو رہنے دو جب تک آپس میں صلح نہ کرلیں لہٰذا اہلسنت کو چاہیئے کہ حتی الوسع قبل غروب آفتاب ۱۴ شعبان باہم ایک دوسرے سے صفائی کرلیں ایک دوسرے کے حقوق ادا کردیں یا معاف کرالیں کہ باذنہ تعالیٰ حقوق العباد سے صحائف اعمال خالی ہوکر بارگاہ عزت میں پیش ہوں حقوق مولیٰ تعالیٰ کے لئے توبہ صادقہ کافی ہے التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ ایسی حالت میں باذنہ تعالیٰ ضرور اس شب میں امید مغفرت تامہ ہے بشرط صحت عقیدہ وھو الغفور الرحیم یہ سب مصالحت اخوان ومعافی حقوق بحمدہ تعالیٰ یہاں سالہائے دراز سے جاری ہے امید کہ آپ بھی وہاں مسلمانوں میں اس کا اجرا کرکے من سنّ فی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا واجر من عمل بھا الیٰ یوم القیٰمۃ لا ینقص من اجورھم شیئ کے مصداق ہوں یعنی جو اسلام میں اچھی راہ نکالے اوس کے لیے اوس کا ثواب ہے اور قیامت تک جو اس پر عمل کریں اون سب کا ثواب ہمیشہ اوس کے لیے اوس کا ثواب ہے اور قیامت تک جو اس پر عمل کریں اون سب کا ثواب ہمیشہ اوس کے نامہ اعمال میں لکھا جائے بغیر اس کے کہ اون کے ثوابوں میں کچھ کمی آئے اور اس فقیر ناکارہ کے لیے عفو عافیت دارین کی دعا فرمائیں فقیر آپ کے لیے دعا کرے گا اور کرتا ہے سب مسلمانوں کو سمجھا دیا جائے کہ وہاں نہ خالی زبان دیکھی جاتی ہے۔ نہ نفاق پسند ہے صلح ومعافی سب سچے دل سے ہو۔

فقیر [illegible] عفی عنہ از بریلی مطبع اہلسنت وجماعت بریلی میں چھپا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا المکرم جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ فتح مبارک ہو پہلے ہی معلوم تھا مگر ہمارے حاجی صاحب کا استعجاب جس کا حاصل یہ ہوا کہ آپ یہاں سے چلے گئے دیوبندیوں کے پیچھے نماز درست نہ ہونے کا یہ اشتہار جس میں مولوی برکات احمد صاحب کی تحریر ہے۔ غنیمت ہے امید کی جاتی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ آملین واقعی ایسی حالت میں بھڑکانا نہیں چاہئے مگر وہ حاشیہ جو حاجی صاحب کی کتاب میں اون کے خط پر چھپا ہے ایک صاحب کی زبانی روایت ہے جو اون کی طبع شدہ تحریر کے مقابل مقبول نہ ہوگی پھر اوس میں عذر بھی نہایت پاور ہے جیسے کوئی اپنے آپ کو زید بن عمرو لکھکر بکر بن خالد بتلائے اور عذر کرے کہ میں اپنا اور اپنے باپ کا نام بھول گیا تھا نہیں بلکہ ایسا کہ زید اپنے کو گمراہ بددین لکھے پھر عذر کرے کہ مجھے یاد نہ رہا تھا کہ میں سنی ہوں یہاں بعینہ یہی صورت ہے بدگویان مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بدگو جان کر سنی بتانا خود اپنے کو گمراہ بددین بتانا ہے بھول کا عذر وہی ہوگا۔ کہ مجھے یاد نہیں رہا تھا کہ میں سنی ہوں یہاں بعینہ یہی صورت ہے بدگویان مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بدگو جان کر سنی بتانا خود اپنے کو گمراہ بددین بتانا ہے بھول کا عذر وہی ہوگا۔ کہ مجھے یاد نہیں رہا تھا کہ میں سنی ہوں بہر حال۔ چون باز آمدی ماجرا طے کنم اس اشتہار کا مع اون کی مہر کے کتاب میں طبع ہونا ضرور ہے کاغذ کے نمونے آگئے۔ واقعی بہت گران ہیں حاجی عیسیٰ صاحب گئے۔ مولوی امجد علی صاحب کے آنے پر رائے معلوم ہوگی کلکتہ میں بھی ایک عالم سنی کی بہت ضرورت ہے حاجی صاحب کو اللہ تعالےٰ برکات دے تنہا اپنی ذات سے وہ کیا کیا کریں سنیوں کی عام حالت یہی ہو رہی ہے کہ جن کے پاس مال ہے اونہیں دین کا کم خیال ہے اور جنھیں دین سے غرض ہے افلاس کا

Marfat.com

مرض ہے ورنہ کلکتہ میں حمایت دین کے لیئے دو ہزار روپے ماہوار بھی کوئی چیز تھے ادھر یہ مدرسہ شمس الہدی جس کی نسبت میں نے سنا کہ سولہ ہزار روپے سالانہ کی جائداد اوس کے لئے وقف ہے اوس کا بھی ہاتھ میں رکھنا ضرور ہے مبادا کہ کوئی دیوبندی قابض ہو جائے والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ افسوس کہ ادھر نہ مدرس نہ واعظ نہ ہمت والے مالدار ایک ظفر الدین کدھر کدھر جائیں اور ایک لعل خاں کیا کیا بنائیں وحسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم حاجی صاحب نے چٹائیوں کی نسبت پھر کچھ نہ لکھا اگر یہ اس وجہ سے ہے۔ کہ انھوں نے بطور خود یہ کام بہ نیت لوجہ اللہ کیا لہذا اوسکا معاوضہ نہیں تو بیشک نہیں۔ وجزاہ اللہ تعالیٰ خیرا اور اگر میرے لکھنے کی بنا پر میری وجہ سے ہے تو حاشا نہ یہ میرا مقصود تھا نہ اب منظور۔ لہذا بات صاف ہونا ضرور کتاب کے دس ورق حافظ یقین الدین صاحب کے پاس رہ گئے تھے کہ وہ ان سے چھوٹی کتاب میں بنا رہے تھے۔ اب لے کر بھیجتا ہوں بات وہی ہے جو آپ کی سمجھ میں آئی واقعی ص۷۳ ہا م لا اور ۳۶۰۰ ی سے شروع ہوگا رقم یمین کہ سواد سے ہے آخر کتاب تک مستمر رہیگی رقم اخیر آم ہا ہوگی اور رقم یسار کہ محرب سے ہے ۳۶۰۰ پر ختم ہو جائے گی رقم اخیر ی ہا ہوگی اس کا ضابطہ یہ ہے کہ ہر سطر میں جو عدد لکھا ہے جس کے مقابل لا و لب ہے (نہ ان جداول کے اعداد جو صفحات کاملہ خواہ انصاف صفحات پر ہیں اور ان میں محض اعداد بغیر لا و ک و لب ہیں کہ وہ خارج جداول ہیں اعداد جدول کے تفاضلات اور اون کے عشر کی نو تک تضاعیف ہیں) اوسے ۶۰ پر تقسیم کریں جو مرفوع ہو دقیقہ اور اوس کے بعد بھی ۶۰ پر منقسم ہو سکے تو درجہ اور جو بچے ثوانی ہیں یہ رقم یمین ہے نیز اوسی عدد کو ۱۰ میں ضرب دیں وہ روابع ہیں اون کے رفع سے ثوانی و ثوالث حاصل ہوں گے جو بچے رابعہ ہے والسلام بحاجی صاحب حامی سنت وسائر احباب اہلسنت سلمہم اللہ تعالیٰ سلام مسنون

عفی عنہ ۲۶ ماہ مبارک یوم الجمعہ ۳۴ھ

Marfat.com

(۲۸۶) ولدی الاعز! کریمک المولی تکرم و تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ دبیر کاتہ، مولوی رحم الٰہی صاحب علیل ہیں دوسرے آدمی کی فکر میں ہوں لمعۃ الضحیٰ کے لیے مولوی امجد علی صاحب سے کہوں گا وہ جن جو کچھ اوس عورت کو دے جاتا ہے اوس کا لینا حرام ہے کہ وہ زنا کی رشوت ہے درمختار میں ہے۔ ما یدفعہ المتعاشقان رشوۃ اگر وہ لینے پر مجبور کرے لیکر فقراء پر تصدق کر دیا جائے۔ اپنے صرف میں لانا حرام ہے آپ اور مولانا حامی سنت حامی بدعت حاجی محمد لعل خانصاحب سلمکما جو کچھ خدمات دین کر رہے ہیں۔ مولیٰ عزوجل برحمتہ قبول فرمائے اور دونوں جہاں میں اوس پر اجر جزیل دے اور ہمیشہ اعداء دین پر مظفر و منصور رکھے آمین۔ یہاں سے بھی دو تار گئے ایک از جانب دارالافتا ایک از جانب مدرسہ اہلسنت وجماعت، و مدرسین دارالعلوم اور دو بعونہ تعالیٰ اور دیے جائیں گے۔ ایک از جانب فقیر اور ایک کے لیے آج جلسہ کیا گیا مجلس اہلسنت کی طرف سے جائے گا۔ پچاس خط متفرق بلاد کو بھیجے گئے کہ اپنے یہاں کی انجمنوں مدرسوں یا جلسہ کر کے اون مجلسوں کی طرف سے تار دیں۔ تکبیر کی نسبت سے کل کاغذات کہ اس کے متعلق تھے خود نکال کر مصطفےٰ رضا کو دے دیئے کہ آج ہی بصیغہ رجسٹری آپ کو بھیجدیں وہ ۲۳ پرچے اور ۵ رسالے ہیں ایک مطبوعہ اور ایک دہی ۱۵۲ مراسلات اور تین اوران کاغذات میں جو مسودہ یا مبیضہ یا منتشر ہے مجتمع ہونے کے قابل ہوں یہ محنت گوارا فرمائیے اور مع اوس پہلی کتاب کے کہ آپ کے پاس ہے بصیغہ رجسٹری بھیجے کہ اس کی بھی یہاں نقل لے لی جائے۔ بملاحظہ حاجی صاحب حامی سنت سلام سنت والسلام جو خط آپ نے میاں جان خاں مرادآبادی کے نام بھیجا وہ اب تک امانت رکھا ہے۔ اس وقت تک وہ تشریف نہ لائے یہاں چہارشنبہ کی عید ہوئی بعض مجہول شہادتیں رویت کی گزری تھیں وہ شرعاً قابل اعتماد نہ تھیں وہاں رویت ہوئی یا ثبوت شرعی ہوا یا کیا والسلام

فقیر [illegible] ۲۹ شوال روز سہ شنبہ سنہ ۳۴ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جان پدر بلکہ از جاں بہتر دلدی الاعز مولانا ظفر جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

قریب تین مہینے ہوئے کہ مکان سے جدا ہوں ہفتوں میں ڈاک جمع ہو کر مجھے ملتی ہے آپ کے تین خط ایک ساتھ پائے رسالہ فوز الفرقان بین جند الاله وحزب الشیطان صاف شدہ تھا۔ مصطفےٰ رضا نے دو دن تلاش کیا نہ ملا ناچار اوس کا اور اعتقاد الاحباب فی الجہیل والمصطفےٰ والال والاصحاب کا مسودہ بھیجتا ہوں بعد فراغ باحتیاط بھیجئے۔ رجسٹری کا وقت بہت کم رہا اس لیے اسی قدر پر اقتصار اور دعاء برکات دارین لبسیار ازلبسیار والسلام

فقیر احمد رضا عفی عنہ ۱۴ صفر المظفر روز جمال افروز دوشنبہ سنہ ۳۵ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مولانا المکرم ذی المجد والکرم ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وہابیہ خذلہم اللہ تعالیٰ نے تین جگہ شور مچا رکھا تھا۔ بھاگلپور۔ فیروزآباد راندیر۔ بھاگلپور کا نتیجہ تو یہ ہوا کہ آپ کو اس اشتہار اور مولانا مولوی نعیم الدین صاحب کے خط سے واضح ہو گا یہ خط اصل سے بعد ملاحظہ واپس ہو فیروزآباد میں ایک صاحب مورچہ لیے ہوئے ہیں۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ وہاں حاجت نہ ہو گی راندیر میں ابھی کوئی آدمی کام کا نہ گیا وہاں ضرورت پڑتی معلوم ہوتی ہے میں نے فاتحان بھاگلپور کو آج ہی لکھ دیا ہے کہ طیار رہیں مگر انہوں نے وہاں سے کلکتہ جانے کو لکھا تھا اور شائد ابھی انہیں اطراف میں ادن کا قیام مناسب ہو لہذا آپ راندیر جانے کے لیے طیار رہیں میرے تار کا انتظار کریں والسلام مع الاکرام

فقیر محمد سلامت اللہ عفی عنہ ۸ رجب المرجب سنہ ۳۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علے رسولہ الکریم

ولدی الاعز جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین المتین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - مولوی عبداللہ صاحب کا کوئی تختہ اوقات مدراس یہاں نہیں آیا صرف ایک چھوٹے رسالے تحفۃ المصلی کے کہ سمت قبلہ میں ہے دو نسخے ایک پلندے میں آئے تھے وقت کا قاعدہ یقیناً وہی ہے۔ کہ جب عرض و میل متفق الجہتہ ہوں تفاضل لیا جائے گا۔ یعنی اون میں جو اصغر ہو اکبر سے تفریق کیا جائے گا۔ عرض ہو خواہ میل تو مدراس جس کا عرض ۱۳ ہے اوس میں راس السرطان کا بعد اقل..... جس کا میل کلی ۱۳ ہے ی ہے ہوا نیز وہ شہر جس کا عرض شمالی ۱۳ ہو اس میں بھی راس السرطان کا بعد اقل وہی ی ہے ہوگا غایت یہ کہ مدراس میں یہ بعد سمت الراس سے شمالی ہوگا اور اس شہر میں جنوبی دونوں نصف اور اونکی جیبیں اور قاطع میل سب بدستور رہیں گے اور فرق وقت بوجہ قاطع عرض ہوگا مثلاً صبح و عشاء راس السرطان یہ مدراس کا حساب بھیجتا ہوں یہاں مجموعہ اربعہ ۹٫۸۵۹۲۷۸۶ ہوا اور وقت عشا ۴ً - ۴۶َ - ۷ت آیا اور اس شہر میں مجموعہ ۹٫۹۲۸۴۶۱۹ ہوا اور وقت عشا ۳۱ً - ۵۶َ - ۸ت آیا ایک گھنٹے دس منٹ سے زیادہ فرق ہوگیا طلوع و غروب کہ آپ نے نکالے یہی صحیح ہیں جن کی صحت اس پرچہ موامرہ مرسلہ سے ظاہر یہ حقیقی وقت ہیں اور راس السرطان کی تعدیل الایام مزید ۳۴ ر ۳۴ً ۱َ اور وسط ہند سے فصل غربی مدراس ۹َ تو مجموعہ ۳۴ ر ۲۴ً ۱۰َ بڑھانے سے مدراس کا وقت ریلوے حاصل ہوگا غروب ۲۱ ر ۵۴ ۲۶ ۶ طلوع ۷۹ ر ۵ ۳۳ ۵

+ ۱-۳۴ ر ۳۴ ۲ ۱۰ ۳۴ ر ۲۴

۵ ۴۳ ۴۰ ر ۱۳ ۶ ۳۷ ۲۸ ر ۵۵

یہ وقت غروب وہی ہے جو آپ نے نکالا تین سکنڈ کا تفاوت اون فرقوں سے ہوا

Marfat.com

آپ نے میل الح الو نح لیا جو ۲۳ جون سنہ حال کو گرینچ کے نصف النہار کا تھا اور میں نے الح ہر جو باسقاط خفیف ثوانی میل کی ہے۔ پھر آپ نے بعد سمتی افقی مطلق حسب دستور سابق کہ میرے یہاں معمول تھا صہ لب نالیا ہوگا اور اب میں صہ لد مہ رکھتا ہوں البتہ طلوع میں ۳۹ سکنڈ کا تفاوت آنا اس پر دال ہے کہ آپ نے تعدیل الایام ۵۲° ۱' لی جو ۲۳ جون کی تعدیل مرصدی ہے۔ اور ۹' منٹ فصل طول مل کر ۵۲° ۱۰' دونوں وقت حقیقی غروب و طلوع پر زائد کیے دلیل یہ کہ آپ کے یہاں معدل بتعدیل ریلوے وقت غروب ۲۵° ۳۷' ۶ت اس کا تمام ۳۵° ۲۲' ۵ت اور طلوع ۱۹° ۴۴' ۵ت ۔ تمام غروب ۳۵° ۲۲' ۵ت = ۲۴° ۲۱' نصفہ ۵۲° ۱۰' وہی منٹ وہی سکنڈ آ گئے جو تعدیل مرصدی ۲۳ جون میں تھے اس سے ثابت ہوا کہ آپ کے یہاں وقت حقیقی غروب ۲۳° ۲۶' ۶ت آیا اور طلوع ۲۷° ۳۳' ۵ت تو آپ کے یہاں اور یہاں کے محسوب میں ۲۱ سکنڈ کا تفاوت ہے خیر ایسا کثیر نہیں۔ مدراسی صاحب کا حساب یقیناً وجہ صحت نہیں رکھتا کہ غروب ساڑھے تین منٹ کم ہے اور طلوع سوا چار منٹ زیادہ۔ اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے طلوع و غروب نکالنے کا قاعدہ ہی استعمال نہ کیا بلکہ معمول عوام بے علم کی طرح طلوع و غروب نجومی لے کر اون میں تعدیل ریلوے ملا دی ظل میل راس السرطان ۴۶ ۲۶ ۳۷ ۶ ۹ اس جیب کی قوس تقریباً + ظل عرض مدراس $\frac{۹٫۳۶۵۶۶۴۱}{۹٫۰۰۲۹۲۸۷}$ ھ میں ہے جس کا وقت الح ح :. غروب نجومی و الح ح اور دقائق تعدیل بھی اونہوں نے ظاہر طلوع نجومی ہ لو سے وہی عانب لیے ہیں۔

:. و الح ح = و لب ح + $\frac{\text{ی تک}}{\text{ہ مہ مد}}$ یہ اون کا منشا غلط ہے۔ رہا وقت عشا وہ انھوں نے صحیح دیا ہے پرچہ حساب ملاحظہ ہو وقت حقیقی ۴° ۴۶' ۶ت

:. ہوا سکنڈوں میں فرق ہے دلبس میں نے آپ نے دوالمعکو کے تعدیل ریلوے $\frac{۳۴ \quad ۱۰}{۳۸ \quad ۵۷}$ دریافت کرنے کو کہا تھا جن کا ذکر مسئلہ جناب شاہ بدر الدین صاحب میں تھا اس کا جواب آپ نے کچھ نہ دیا اب ان مولوی عبداللہ صاحب احقر کے رسالہ تحفۃ المصلی میں انڈیا سروے رپورٹ کا حوالہ اور اوس سے انھوں نے بلاد سید آباد دکن و دیگر بلاد حاطہ بمبئی کا طول عرض لیا ہے ان بلاد کی کتاب کی مجھے بھی ضرورت ہے جو آج تک نہ ملی اون صاحب

Marfat.com

سے آپ کی ملاقات ہے اس انڈیا سروے رپورٹ کا حال دریافت کیجئے اس میں کیا کیا ہے اور کہاں سے ملتی ہے جلد اول ابھی قدرے باقی ہے بعد ماہ مبارک شاید پوری طبع ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ والسلام

۹ ماہ مبارک ۳۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مولانا المکرم اکرمکم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ کاشف الاستار شریف کی نسبت خیال تھا کہ رضا حسین کے پاس ہے وہ گاؤں میں رہے بدایوں رہے پریشانیاں رہیں اب اون سے پوچھا کہا میرے پاس نہیں اب مکان میں دیکھی گئی تو نکلی اس کے تین نسخے مجرب ارشاد ہوئے ہیں ایک جس میں زعفران سنبل خار اور پوٹاسجی ہے یہ نسخہ مع ترکیب اوس چھوٹی بیاض میں بھی ہے۔ جو آپ یہاں سے نقل کے لیے لے گئے تھے ضرور آپ کے پاس ہوگا فرق اتنا ہے کہ اوس میں ہر دو ماشہ ہے اور کاشف الاستار شریف میں زعفران اسی قدر ہے اور باقی دونوں دوائیں تین تین ماشہ دوسرا جس میں اجوائن تخم میتھی تخم کنواڑ کلونجی ہے یہ بھی اوس بیاض میں ہے اوس میں خوراک تین فلوس لکھی ہے۔ اور کاشف شریف میں ۹ ماشہ پھر ارشاد فرمایا ہے محب یقینی دوست محمد خاں را ایں مرض در ہر دو دست رسیدہ بود و در بدن نیز جابجا نمایاں شدہ بود ایں ہر چہار ادویہ مسلم آنچہ در چہار انگشت وقت برداشتن می گنجید میخوردید درین عرصہ عزیزے گفت کہ دریں ادویہ بابچی واجمود نیز داخل بکنند ہمچناں شد داغہا برطرف شدند پرہیز از شیر و ماہی بود" تیسرا نسخہ یہ ارشاد فرمایا جو اوس بیاض میں نہیں اور فرمایا ہے بامتحان رسیدہ صندل سفید ۱۰ ماشہ سم الفار سنکھیا ۱ ماشہ ہر دو را خوب سحق کردہ قدرے بر داغ سفید خوب بمالند تا آنکہ آب ازاں داغ برآمد ہر دو وقت بمالند جوشش خواہد کرد روغن بر آتش داشتہ ٹکیہ برگ نیم در آں اندازد وقتیکہ سوختہ شود

Marfat.com

بر دارد روغن صاف کردہ بر جراحت رساند بہ خواہد شد و بدن برنگ اصلی میرسد لسپر خدا بخش
مرحوم ازیں ادویہ صحت یافتہ بتجربہ رسیدہ ست" امید ہے کہ بہ برکت انفاس کریمہ
یہ نسخے ضرور نفع دیں گے مولی عزوجل شفا عطا فرمائے لڑکی کا تاریخی نام ولیدہ خاتون
سمجھ میں آیا ہے۔ یہ تاریخ زبر و بینات میں ہے نقشہ ماہ مبارک پہنچا جزاکم اللہ تعالیٰ

د	۱۳	خیر اکثیرا اس بار وقت عصر بھی نکالا اور بہت صحت کے ساتھ نکالا مگر یہاں
ل	۷	دونوں سید صاحب مدت سے کام کر رہے تھے اور آپ کے یہاں سے
ی	۱۱	نقشہ آنے کے پہلے کاپی ہو چکی تھی بے پردا ہوں نے چھاپا بہت برا جس
ے	۶	کے سبب دوبارہ کاپی کرانی ہوئی جس کا پروف اس وقت سامنے رکھا
خ	۶۰۱	ہے آج یا کل انشاء اللہ تعالیٰ بھیجوں گا۔ طبیعت اچھی نہیں رہتی ہے ایک
ا	۱۱۱	ہفتہ میں بخار کے تین دورے ہو چکے ہیں دعا کا طالب ہوں اب کی بار ختم
ت	۱۰۴	سحری و افطار میں ایک ایک منٹ احتیاطی کمی کھانا اور عصر کا وقت کہ ہر روز
د	۱۳	سوا عمر سے نکالا ہے کم دبیش پورا واقعی سکنڈ دل تک رکھا ہے بلکہ ہر وقت
ن	۱۰۶	ثوانی تک لیا ہے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علے رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا المکرم جعلہ اللہ تعالیٰ کاسمہ ظفر الدین آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، حسب وعدہ کل روز یکشنبہ باوصف درد سر رسالہ لکھدیا مع نقل فتویٰ ہلال مرسل ہے مجھے دربارہ خضاب ان چند کتابوں کی پوری عبارات درکار ہیں آپ کے پاس ہوں تو فبہا ورنہ ایک دن کے لئے پٹنہ جاکر لائیے۔ تاتارخانیہ۔ زاد المعاد ابن القیم عقد الفرید لابن عبدربہ نزہۃ المجالس ان کے سوا اگر اور کتب سے کہ میرے پاس نہیں عبارات مستوعبہ ہو تو احسن کتم اور وسمہ کی تفسیر رماوراء صراح وقاموس وتاج العروس وخالق زمخشری ومغرب مطرزی ومصباح المنیر ومختار الصحاح ونہایہ ابن اثیر ومجمع البحار وتحفہ ومخزن الادویہ وتذکرہ انطاکی وجامع ابن بیطار وانوار الاسرار بغدادی ومرقات واشعۃ اللمعات وفتح الباری وعمدۃ القاری وارشاد الساری وشرح مسلم للنووی وشرح شمائل ترمذی للقاری وشرح شرعۃ الاسلام معلی زادہ وشرح مشارق الانوار لابن الملک وتیسیر وسراج المنیر شروح جامع صغیر) اور کتابوں سے جو کچھ ملے تو اور عنایت ہو پہلے آپ نے بہت کتابوں کی عبارتیں اس بارے میں کہ اذان جمعہ زمانہ اقدس میں دروازہ پر ہوتی تھی اون تفاسیر سے کہ میرے پاس نہیں نقل کرکے بھیجی تھیں وہ پرچہ باحتیاط رکھدیا تھا اب تلاش کیا نملا بچیوں کو دعا۔

فقیر صدر الشریعہ ۱۵ شوال المکرم روز جان افروز دوشنبہ ۳۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دلدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب سلمہٗ

السلام علیکم ورحمتہ وبرکاتہٗ

آج ۳ر شوال روز شنبہ وقت دوپہر آپ کا خط بطلب فتوائے تار کا یا خط میں تاریخ تحریر ۲۹ ماہ مبارک لکھی ہے کہ ۹ جولائی تھی۔ اور ڈاک کی مہر روانگی میں ۱۱ر جولائی اور مہر وصول میں ۱۳ر جولائی ہے نیز آپ خط ۲۹ر رمضان میں لکھ رہے ہیں کہ رسالہ بھیجے ہوئے ۴-۵ روز ہوئے حالانکہ رسالہ ۲۰ر رمضان کو یہاں آیا تو ۲۸ کو وہاں سے چلا دوسرے دن روز پنجشنبہ یہاں عید تیسرا دن جمعہ مبارکہ کی عید جمعہ کے دن مجھ سے کام نہیں ہوتا ہر سال روز عید یا ایک روز بعد تک درد سر رہتا ہے اس سال آج ۳ عید تک ہے کل روز یکشنبہ انشاء اللہ تعالیٰ دیکھوں گا۔ فتوائے تار کا کوئی نسخہ نہ رہا۔ مصطفےٰ میاں سلمہ سے اسی وقت اوس کی نقل کو کہدیا ہے۔ کل یکشنبہ ہے ایک ہی وقت ڈاک جاتی ہے اگر ڈاک کے وقت تک نقل ہوگیا۔ تو بعونہ تعالیٰ کل روانہ ہو جائے گا۔ درد ہی کی حالت میں رسالہ کچھ دیکھا بعونہٖ تعالیٰ بہت اچھا لکھا ہے۔ جزاکم خیرا کثیرا فی الدنیا والآخرہ کاش یہ قوت دفع نجاثات جہنمی زیور میں صرف ہو۔ والسلام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ولدی الاعز مولانا مولوی محمد ظفر الدین صاحب جعل کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عبارات تینوں بار کی آئیں جزاکم المولیٰ سبحنہ وتو
خیراً کثیراً شاید وہ کتابیں جن کو میں دیکھ چکا اور اون کی فہرست میں نے لکھدی تھی او
میں فتح الباری وجامع ابن بیطار کا نام لکھنا میں بھول گیا کہ آپ کو ان کی نقل کرنی ہوئی شا
عقد فرید لابن عبدربہ وہاں نہ ملی کہ اوس کی عبارت نہ آئی تاتارخانیہ سے ایک عبار
علامہ طحطاوی نے حاشیہ درر میں بالواسطہ نقل فرمائی ہے کہ انبیا علیہم الصلاۃ والسلام
نام پاک کے ساتھ علیہ السلام کا اختصار ع م لکھنا کفر ہے کہ تخفیف شان نبوت ہے ا
کبھی بانکی پور جانا ہو تو اس عبارت کو ضرور تلاش کیجئے۔ اگر ملے تو بحوالہ کتاب وباب وفصل
مع نقل عبارت اطلاع دیجئے میں اس وقت اس کا تذکرہ بھول گیا
نیز عبارات خضاب میں مضمرات شرح قدوری کا
لکھنا بھول گیا۔ اس کی زیادہ ضرورت تھی والسلام

عفی عنہ

---

۷۸۶ مولانا المکرم اکرمکم السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ

خط آیا اس کا جواب تو بعد کو ہو پہلے یہ گزارش کہ ۲۸ ذیقعدہ روز جمعہ کو آپ کا خط مژدہ ولاد
صاحبزادہ وطلب نام تاریخی میں آیا میں نے اوسی دن تہنیت کا تار دیا اور اس میں تاریخی نام
مختار الدین ۱۳۴۶ لکھا اس کی کوئی رسید نہ آئی میں نے سمجھا کہ غیر ضروری جان کر آپ نے نہ لکھی اب کہ خط
آیا اس میں بھی اس کا کوئی تذکرہ نہیں تو ظن ہوتا ہے کہ تار پہنچا ہی نہیں جسنے بھیجے ہوئے آ
۱۶ دن ہوئے اگر ایسا ہے اطلاع دیجئے کہ تار گھر سے مطالبہ ہو۔ فقیر قادری غفرلہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱) [illegible] اب تک آپ کو نہ پہنچی کیا عجب جبکہ مجھے بعد تقاضائے بسیار ملی اب میں نے
ہ دیا ہے کہ ہدیۃً بھیجیں قیمت مجھ سے لیں۔
(۲) تحقیق میں تقصیر سے الزام ہوا اگر بے تحقیق محض افواہ پہ عید و قربانی صحیح نہ ہوئی اگرچہ
قع میں وہم تھی کہ جس طرح صحت نماز کے لیے دخول وقت شرط ہے یوہیں اعتقاد دخول بھی
سے شک ہے کہ ثبوت نہیں اور جزافا نماز پڑھلی فاسد ہوئی اگرچہ وقت حقیقۃً ہوگیا ہو
ہیں نماز عید بھی کہ مفسد خمس مفسد عیدین بھی ہے امداد الفتاح و مراقی الفلاح و در المختار
ں ہے بشرط اعتقاد دخولہ لتکون عبادتہ بنیۃ جازمۃ لان الشاک لیس بجازم
حتی لو صلی و عندہ ان الوقت لم یدخل فظہر انہ کان قد دخل لا تجزئہ
در المختار میں امداد کے لفظ یہ ہیں وکذا یشترط اعتقاد دخولہ فلو شک لم تصح صلاتہ
بیان ظہر انہ قد دخل بدائع امام ملک العلما میں ہے کل ما یفسد سائر الصلوٰت
ما یفسد الجمعۃ یفسد صلاۃ العیدین اور جب نماز نہ ہوئی قربانی بھی نہ ہوئی کہ
نہر میں تقدم صلاۃ شرط صحت اضحیہ ہے والا فہو لحم قدمہ لاہلہ کما
ص علیہ حدیثا و فقہا۔ (۳) یہ گواہی کہ فلاں شہر والوں نے چاند دیکھا مقبول نہیں
گرچہ شاہد ایک جماعت ہو کہ یہ نہ شہادت علی الرویۃ ہے نہ شہادت علی الشہادت فتح القدیر
عالمگیریہ و بحر الرائق وغیرہا میں ہے لو شہد جماعۃ ان بلدۃ کذا رأوا ہلال
رمضان قبلکم بیوم فصاموا وہذا الیوم ثلثون بحسابہم ولم یر ہولاء الہلال
لا یباح فطر غدا ولا ترک التراویح فی ہذہ اللیلۃ لانہم لم یشہدوا بالرویۃ
بل علی شہادۃ غیرہم وانما حکموا برویۃ غیرہم استفاضۃ کہ بعد تحقیق معتبر ہے۔
خاص اوس شہر کا جہاں حاکم شرعی ہو کہ اب یہ شہادت علی الحکم ہوگی تنبیہ الغافل والوسنان
میں ہے لما کانت الاستفاضۃ بمنزلۃ الخبر المتواتر وقد ثبت بہا ان اہل

Marfat.com

تلک البلدۃ صاموا لزم العمل بہا لان المراد بہا بلدۃ فیہا حاکم شرعی ردالمحتار میں ہے فکانت تلک الاستفاضۃ بمعنی نقل الحکم المذکور حاکم شرعی سلطان اسلام یا قاضی مولی من قبلہ یا امور دینیہ میں فقیہ بصیر افقہ اہل بلد نہ آج کل کے عام مولوی یہی جواب سوال رہا ہے

درسی کتابیں پڑھنے پڑھانے سے آدمی فقہ کے دروازہ میں بھی داخل نہیں ہوتا نہ کہ واعظ جسے سوائے طلاقت لسانی کوئی لیاقت جناں درکار نہیں خصوصاً جبکہ خاص مسائل رویت ہلال میں جمیع ائمہ سے تضرر ہو والمسئلۃ فی الحدیقۃ الندیۃ عن فتاوی الامام العتابی۔

(۵) یہ مولیٰ علی سے نفرمایا بلکہ مولیٰ علی نے فرمایا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ یہ اثر کسی کتاب حدیث سے نظر میں نہیں فقہا نے ذکر کیا اور ساتھ ہی فرمایا یہ اوسی عام کو تھا نہ عام کو فتاوی کبری و خزانۃ المفتین میں ہے ما یروی ان یوم نحرکم یوم صومکم کان وقع ذلک العام لعینہ دون الابد وجیز امام کردری میں ہے ما ینقل عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان اول الصوم یوم النحر لیس بتشریع کلی بل اخبار عن اتفاقی فی ہذہ السنۃ واللہ اعلم۔

(۶) یہاں کاتب کوئی نہیں نقل کی دقت ہے آپ نے جہاں تک نقل کر لیا تھا اس کا آخر لکھ بھیجے کہ اوس کے بعد کا بقیہ لکھنا کل کے اعتبار سے کچھ تو آسان ہوگا۔ میں نے کل عصر کے بعد مولوی امجد علی صاحب کو قیمت فتاویٰ کے روپے دے دیے اور تاکید کر دی کہ صبح ہی آپ کو پلندہ بھیجدیں اونھوں نے ایک روپیہ پھیر دیا کہ اس قدر کے اجزا ان کو پہلے بھیج چکا ہوں اور کل اتوار ہے میں نے کہا کہ کل ۹ بجے تک آپ بھیج سکتے ہیں اونہوں نے وعدہ تو کیا ہے نعمت تازہ کی خیریت سے اطلاع دیجیے اور یہ کہ تہنیت کا تار مع تاریخی نام مختار الدین ۱۳۳۶ کہ آپ کے نام سے ملتا ہوا بھی ہے جو میں نے ۲۸ ذی القعدہ ۳۶ھ روز جمعہ کو بھیجا کیا آپ کو ملا والسلام فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ ۱۵ ذی الحجۃ الحرام یوم الاحد ۳۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا المکرم اکرمکم

السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ۔ آپ نے فرمایا تھا وہ شنبہ کے دن بانکی پور سے عبارت دنام مصنف بھیجدیں گے جسے آج ۱۲ دن ہوئے ظاہرا اونہوں نے توجہ نہ کی جلد فتاویٰ کو بھیجے ہوئے مدت ہوئی اوس کی رسید بھی نہ آئی مولوی عبدالباری کو تین رجسٹریاں رسید طلب گئیں ڈاک کی رسیدیں آگئیں مگر ادھر شہر خموشاں ہے اور کیوں نہ ہو کہ کفر کو اسلام اسلام کو کفر بنا لیا اور اخباروں نے کہ کفر چھاپنے ہی کے لئے ہیں چھاپ دیا اسلام کا قول کون چھاپے گا۔ اور اگر کوئی رسالہ چھپا تو کون دیکھے گا لہذا کفری دنیا میں اپنی ہی بات بالا رہتی سمجھ لی دس ع ل م ا ل ذ ی ن ظ ل م و ا الایہ الحق حدیث حق ہے جب آیت اوتری کہ تم دیکھو گے لوگوں کو کہ دین میں فوج فوج داخل ہوتے ہیں۔ فرمایا دسینجرجون منھا افواجا کما دخلوا فواجا وہی وقت ہے ایک ملعون کفر بکتا ہے ہزار اوس کے پیچھے اسلام چھوڑ کر مرتد ہو جاتے ہیں والعیاذ باللہ تعالیٰ نعمت تازہ اور بچوں کو دعا والسلام ۳ محرم الحرام ۱۳۳۷ھ

ہاں ایک جواب مولوی سلامت اللہ فرنگی محلی کے نام سے بھجوایا ہے کہ ہم نے خوب تحقیق کرلیا۔ ہم فضول باتوں میں وقت ضائع نہیں کرتے ہم نے خود عبدالماجد سے دریافت کر لیا اس نے کہا کہ میں نے کوئی کفر نہ کیا بس ختم شد اور ایک دھمکی یہ دی کہ ہم سلطنت کفر ہٹانے کی فکر میں ہیں تم اس میں ساتھ نہیں دیتے جو جواب تم اس کا دوگے وہی ہم عدم تکفیر مرتد کا دے لیں گے اور چالاکی یہ کی کہ خط سلامت اللہ کی طرف سے اور اس کا کاتب بھی کوئی اور منجانب سلامت اللہ۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ولدی الاعز مولانا المکرم مولوی ظفر الدین صاحب جعلہ اللہ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مبارک۔ مبارک۔ مبارک۔ مولانا مولوی عبا الباری صاحب نے اون ایک سو ایک اور ان کے امثال سے توبہ چھاپ دی ملاحظہ ہو ہمدم ۱۱ رمضان المبارک روز جمعہ ۲۰ مئی سنہ ۲۰ء صفحہ ۳ ک ۴۔

"میں نے بہت گناہ دانستہ کیے اور بہت سے نادانستہ سب کی توبہ کرتا ہوں اے اللہ میں نے امور قولاً وفعلاً وتقریراً وتحریراً بھی کیے ہیں جن کو میں گناہ نہیں سمجھتا تھا مولوی احمد رضا خانصاحب نے اون کو کفر یا ضلال یا معصیت ٹھہرایا اون سب سے اور اون کے مانند امور سے جن میں میرے مرشدین اور مشائخ سے میرے لیے کوئی قدوہ نہیں ہے محض مولوی صاحب موصوف پر اعتماد کرکے توبہ کرتا ہوں اے اللہ میری توبہ قبول کر فقیر محمد عبد الباری عفی عنہ"

فقیر کی رائے میں فوراً ایک جلسہ تہنیت توبہ مولانا مولوی عبد الباری صاحب لکھنوی چھاپ کر اوس کی تہنیت کا جلسہ وہاں بھی کیا جائے اور اوس میں وہ تحریر جو میں نے اونھیں توبہ کے لیے بھیجی تھی پڑھکر سنائی جائے اوس کی نقل انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب حاضر کرتا ہوں پھر اون کے یہ الفاظ توبہ پڑھکر سنائے جائیں اور جلسہ کی طرف سے اوسکی مبارکباد کا تار مولوی عبد الباری صاحب کو دیا جائے اور مسلمانوں کو سمجھایا جائے کہ اوس طرف عالم کہلانے کے مستحق ایک یہی تھے مولیٰ تعالےٰ نے اون کو ہدایت فرمائی کہ مشرکوں سے اتحاد اور وہابیہ وغیرہم بے دینوں کے میل سے توبہ فرماکر خالص سنی ہوگئے ہمارے سنی بھائی جو غلطی میں پڑے ہوئے تھے اونھیں فوراً واپس آنا چاہیے ہنود و وہابیہ وجدید بدمذہبان سے قطع کرکے خالص سنی جماعت انصار الاسلام میں کہ حمایت سلطنت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

لا تیأسوا من روح اللہ

ولدی الاعز مولانا المکرم جعل اللہ کاسمہ ظفر الدین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ آپ کا خط ملا نام کے لیے کارڈ پہلے بھیج چکا ہوں مولوی عبد الباری صاحب نے میرا خط رجسٹری واپس کر دیا اون کی جو رجسٹری آئی تھی اوس کے لفافہ پہ لکھا تھا مظفر علی محرر میں نے اس کے لفافہ پر لکھوا دیا عشرت علی لکھنوی محرر دار الافتاوہ کل واپس آیا میں نے اسی وقت دوسرے لفافہ میں اوسے رجسٹری کرا دیا اور لفافہ پہ مصطفٰے رضا کا نام لکھوا دیا۔ شاید اسے بھی وہ واپس کریں کہ آج اون کا خط آیا۔ گرامی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کر چکا ہوں غالباً اوسی کا جواب ہوگا۔ جو نام سے دوسرے شخص کے رجسٹری شدہ کل میرے پاس پہنچا اس وقت گزشتہ واقعات اور اشتہارات کا خیال کر کے مجھے مناسب معلوم ہوا کہ میں اسے واپس کر دوں اور نہایت ادب سے عرض کر دوں کہ مجھے جناب کے نام سے جو اعتماد ہوگا وہ زید و عمرو کے نام سے نہیں ہو سکتا ہے اس کا افسوس ہے کہ جواب والا کو تاخیر سے حاصل کروں گا۔ مگر اوس کا منتظر ہوں" اب اگر وہ اسے واپس کریں گے تو سہ بارہ میں اپنے نام سے رجسٹری کر دوں گا۔ وہ اس خط پہ پھر کچھ چھپکے ہیں۔ عبارت مذکور کے بعد فرماتے ہیں فقیر یہ چاہتا ہے کہ جناب نے جو امور تحریر فرمائے ہیں جہاں تک تفصیلاً اون سے توبہ کر سکے توبہ کرلے" آگے اسلام برائے نام پر جو شبہ ہوا ہے کہ میری مراد کمال ایمان کی ندرت تھی اوس سے اس طرح توبہ کر سکتا ہوں کہ عبارت اپنی لکھوں اور اسکے بعد لکھوں اس کا مطلب

Marfat.com

اگر یہ ہے جو مولوی احمد رضا خاں صاحب نے تحریر فرمایا ہے تو اس سے بصدق دل توبہ کرتا ہوں ..

حالانکہ اون کی عبارت کا قطعاً یہی مطلب ہے۔ صادق العباد مسلم کہاں ہیں جن میں سے کافروں کا امتیاز کیا جائے گیا جو مسلمان کامل الایمان نہیں ہوتے کافروں سے امتیاز نہیں رکھتے کافروں سے ممتاز وہی نہ ہوگا جو سرے سے اسلام ہی نہیں رکھتا اس کے بعد فرماتے ہیں "مولانا آپ اس کا احساس نہیں کرسکتے کہ میری اس جسارت توبہ پر کس قدر مجھ پر ہر چہار طرف سے یورش ہے میں اس کو علامت قبولیت توبہ سمجھتا ہوں اللہ تعالیٰ ثابت قدم رکھے میں نے اسی وجہ سے ایک تحریر ہمدم میں اس تحریر کے واپس کرنے پر بھی لکھدی ہے اس قدر التماس ہے کہ ہمارے اکابر نے اعیان علمائے دیوبند کی تکفیر نہیں کی ہے جو حقوق اسلام کے ہیں اون سے اون کو کبھی محروم نہیں رکھا ہے مرزا محمد تقی بترائی نہ تھے ہمارے اکابر مجتہدین لکھنو سے جو تعلق رکھتے تھے اس کو ہم نے دیکھا ہے اور برتاؤ ہے اون کی عیادت دعوت تعزیت میں برابر ہم لوگ شرکت کرتے رہے ہیں، معالات نصاری سے جس قدر تحرز تھا اس قدر ہنود کے ساتھ تحرز ہم نے نہیں دیکھا ہے اس واسطے نفس مدارات ہنود کو ہم ممنوع نہیں قرار دے سکتے ہیں مگر غلو و تعظیم سے تو بہ کرسکتے ہیں علاوہ اس کے جو تحریک اس وقت مقابل انگریزوں کے جاری ہے ہم اس میں اعتدال کے ساتھ ہنود کو اپنے ساتھ سے علیحدہ کرنا نہیں چاہتے ہیں۔ یہ خلاصہ ہے ہمارے مقاصد کا اس کے اندر رہ کر ہم آپ کی ہر تعمیل ارشاد کو حاضر ہیں ہم چاہتے ہیں کہ جلد کسی عمدہ نتیجہ پر پہنچ جائیں ورنہ سخت کوشش باہم رنجش ڈالنے کی ہوگی" اس خط کے بعد جلسہ تہنیت موقوف کرنے کی ضرورت میری سمجھ میں نہیں آتی اگرچہ یہ اون کا چوتھا رنگ ہے اور معلوم نہیں کہ کل پانچواں کیا ہو والسلام

محمد حامد عفی عنہ شب ۲۵ رمضان مبارک ۳۹ھ

بنارس سے ایک خط میرے نام آیا ہے جو بعینہ مرسل ہے وہ دو روز کے لیے آپ کو بلاتے ہیں آپ ہی اوس کا جواب اونھیں لکھیں والسلام از والی ضلع نینی تال پیش ڈاکی نہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ولدی الاعز جعل کاسمہ غفر الدین ۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آپ کے خط متعلق بانکی پور کا جواب دے چکا ہوں آپ کا یہ خط آج ۶ بجے شام کو آیا اور یہاں پانچ بجے شام سے تار نہیں لیا جاتا لہذا پرسوں خط لکھ دیتا ہوں کہ وہ بھی غالباً کل آئندہ کے تار کے برابر پہنچے ہماری طرف مدرسین دو واعظین کم بلکہ معدوم ہیں منتظر اسلام ہیں خود مدرس کی کمی ہے ۔ مگر میں آپ کے خط کی دونوں صورتیں لکھ بھیجتا ہوں وہاں کے لوگ جیسا مناسب سمجھیں گے عمل کریں گے مولی تعالیٰ وہ کرے جس میں خیر ہو۔ ایک ضروری بات آپ سے بہت دنوں سے پوچھنے کو ہوں ۔ جب آپ شملہ میں تھے اور وہاں کا نقشہ رمضان شریف یہاں سے بھیجا گیا اور آپ نے شائد ۲۷ اگست کی نسبت مجھے لکھا تھا کہ چار منٹ احتیاطی بڑھانے سے بہت فائدہ ہوا یہاں آج غروب آفتاب اصل وقت سے چار منٹ بعد یعنی وقت نقشہ کے مطابق ہوا اس میں یہ باتیں دریافت طلب ہیں (۱) وہ گھڑی جس سے آپ نے دیکھا تھا صحیح تھی اور اسی دن تار سے ملائی گئی تھی یا کیا (۲) وہ جگہ جہاں غروب دیکھا وہاں زمین نظر آتی تھی یا پہاڑ کے پیچھے چھپا اگر پہاڑ کے پیچھے چھپا تو اس کی بلندی کتنی تھی۔ (۳) آپ نے جس جگہ دیکھا وہ شملہ کا غایت ارتفاع تھا یا اوس کی چوٹی وہاں سے کس قدر بلند تھی۔ (۴) بعض انگریزی کتب غالباً سروے کی کتابوں میں پہاڑوں کے ارتفاعی فٹ لکھے ہوئے ہیں سید سلطان احمد صاحب نے شیخی تال بھوالی مسوری وغیرہا دس بارہ پہاڑوں کی بلندیاں مجھ لکھ کر دی تھیں اوان میں شملہ نہ تھا سلگر کہیں سے شملہ کے ارتفاعی فٹ معلوم ہو سکیں تو ضرور اطلاع دیجئے (۵) کیا ممکن ہے کہ آپ اگست کی اوسی تاریخ یا جس تاریخ غروب افق زمین سے دکھائی دے سکے شملہ جانے کی تکلیف فرمائیں اور اسی بعد کی ملائی ہوئی صحیح گھڑی سے غروب دیکھیں اور مصارف مجھ سے لیں یا اوس جگہ کا صحیح پتہ بتائیں کہ دوسرے کو بھیجکر یہ کام لوں والسلام بچوں کو دعا

عمر [illegible]

Marfat.com

رہے دنیا سجن مومن ہے سجن میں جتنا آرام مل رہا ہے کیا محض فضل نہیں دنیا فاحشہ ہے اپنے طالب سے بھاگتی اور ہارب کے پیچھے دوڑتی ہے دنیا میں مومن کا قوت کفاف بس ہے

فقیر ظفر الدین عفی عنہ ۱۳ - ۱۱ - ۳۹

جامع حالات فقیر ظفر الدین قادری رضوی عفرلہ عرض کرتا ہے کہ یہ ۵۴ مکتوبات ہیں جن میں ۴۳ خاص فقیر کے نام سے ہیں اور ایک جناب خلیفہ تاج الدین صاحب دبیر انجمن نعمانیہ منہد لامور اور ایک بنام حامی دین وملت ماحی شرد بدعت جناب حاجی منشی محمد لعل خانصاحب قادری رضوی مدراسی رحمتہ اللہ علیہما ہے لیکن ان دونوں خطوں میں بھی میرا تذکرہ ہے ان دونوں خطوں کو بھی مجھ سے تعلق ہے اس لیے میں نے اپنے نام کے خطوط میں ان کو بھی درج کیا اب چند مکاتیب بنام مولوی عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری ہیں ان کو درج کرنا مناسب جانتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

برادر دینی ویقینی سنی مستقل مستقیم باذن المولی الکریم مولوی عرفان علی صاحب رضوی سلمہ بعد سلام مسنون سید ضمیر الحسن صاحب سلمہ کی زبانی حال پر ملال انتقال برخوردار معلوم ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون ۵ اللہ کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں عمر مقرر ہے اس سے کمی بیشی ناممکن ہے بے صبری سے گئی چیز واپس نہیں آسکتی ہاں اللہ کا ثواب جاتا ہے جو ہر چیز سے

Marfat.com

اعزو اعلیٰ ہے اور محروم تو وہی ہے جو ثواب سے محروم رہا۔ صحیح حدیث میں ہے جب فرشتے مسلمان کے بچے کی روح قبض کر کے حاضر بارگاہ ہوتے ہیں مولیٰ عزوجل فرماتا ہے اور وہ خوب جانتا ہے کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کر لی عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے فرماتا ہے کیا تم نے دل کا پھل توڑ لیا عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے فرماتا ہے پھر اس نے کیا کہا عرض کرتے ہیں تیری حمد بجا لایا اور الحمد للہ کہا فرماتا ہے گواہ رہو میں نے اسے بخشدیا اور جنت میں اس کے لیے مکان تیار کرو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے تین بچے نابالغی میں مرجائیں گے آتش دوزخ سے اوس کے لئے حجاب ہو جائیں گے کسی نے عرض کی اگر دو مرے ہوں فرمایا دو بھی ام المومنین صدیقہ نے عرض کی اگر کسی کا ایک ہی مرا ہو فرمایا ایک بھی اے نیک سوالوں کی توفیق دی گئی۔ اس حکم میں ماں باپ دونوں شامل ہیں آپ اور آپ کے گھر میں دونوں صاحب یہ دعا پڑھیں انشاء اللہ العزیز اللہ عزوجل نعم البدل عطا فرمائے گا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝ الحمد للہ عسیٰ ربنا ان یبدلنا خیرا منھا انا الی ربنا راغبون ۝ اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منھا صحیح حدیث میں ہے جب حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اون کی زوجہ مقدسہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ دعا تعلیم فرمائی اور ارشاد ہوا کہ جو چیز فوت ہوتی ہے۔ اوس سے بہتر ملتی ہے۔ حضرت ام سلمہ نے دعا پڑھی مگر اپنے دل میں کہتی تھیں ابو سلمہ سے بہتر کون ملے گا۔ عدت کے دن گزرنے تھے کہ خود رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اون سے نکاح فرمایا اپنے والد ماجد اور سب اعزہ کو فقیر کا سلام پہنچا کر یہ خط سنا دیجئے اور سب یہ دعا پڑھیں والسلام

فقیر احمد رضا عفی عنہ لبستم ذی القعدۃ الحرام ۳۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادر دینی و یقینی مولوی عرفان علی سلمہٗ

بعد ہدیہ سنت مولی عزوجل مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور مدارج عالیہ بخشے اور آپ سب صاحبان کو صبر واجر عطا کرے اور مدارج عالیہ بخشے ..... اسی کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں ایک عمر مقرر ہے جس میں کمی بیشی نامقدور ہے اور محروم تو وہ ہے جو ثواب سے محروم رہا بے صبری سے جانے والی چیز واپس آئے گی ہرگز نہیں مگر مولیٰ تبارک وتعالیٰ کا ثواب جائے گا۔ وہ ثواب کہ لاکھوں جانوں کی قیمت سے اعلیٰ ہے تو کیا مقتضائے عقل ہے کہ کھوئی ہوئی چیز ملے بھی نہیں اور ایسی عظیم ملتی ہوئی دولت خود ہاتھ سے کھوئی جائے صابروں کو اجر حساب سے نہ دیا جائے گا۔ بلکہ بے حساب یہاں تک کہ جنھوں نے صبر نہ کیا تھا روز قیامت تمنا کریں گے۔ کاش ان کے گوشت قینچیوں سے کترے جاتے اور یہ ثواب پاتے۔ دوسرے کے جانے کی فکر اس وقت چاہیئے کہ خود جانا نہ ہو اور جب اپنے سر پہ بھی جانا رکھا ہے تو فکر اس کی چاہیئے کہ جانا اچھی طرح ہو کہ وہاں مسلمان عزیزوں سے نعمت کے گھر میں ایسا ملنا ہو کہ پھر کبھی جدائی نہیں لاحول شریف کی کثرت کیجئے اور ساٹھ بار پڑھکر پانی پر دم کرکے پی لیا کیجئے آپ بفضلہ تعالیٰ عاقل ہیں۔ اوروں کو ہدایت صبر کیجئے سب کو دعا و سلام

فقیر محمد نعیمی عفی عنہ ۱۰ شعبان المعظم ۱۳۳۷ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

نور دیدہ وراحت رواں من مولوی عرفان علی صاحب سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، آدمی کو اس قدر گھبرانا نہ چاہیے اللہ عزوجل پر توکل چاہیے۔ بدمعاش لوگ ایسی دھمکیاں دیا کرتے ہیں وہ محض بے اصل باذن اللہ تعالیٰ ہوتی ہیں۔

(۱) صبح وعصر کے فرضوں کے بعد قبل کلام کرنے اور قبل پاؤں بدلنے کی اسی ہیأت التحیات پر بیٹھے ہوئے دس بار پڑھیئے لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد بیدہ الخیر یحیی ویمیت وھو علی کل شئ قدیر۔ صبح کو پڑھیئے شام تک ہر بلا سے محفوظ رہیے اور شام کو پڑھیے تو صبح تک عصر کے بعد نہ ہو سکے تو مغرب کے فرضوں کے بعد پڑھیے۔

(۲) صبح یعنی آدھی رات ڈھلے سے سورج نکلنے تک اور شام یعنی دوپہر ڈھلے سے سورج ڈوبنے تک اس بیچ میں کسی وقت دس دس بار حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت ج وھو رب العرش العظیم ۝ صبح کا پڑھنا شام تک ہر بلا سے امان ہے اور شام کا صبح تک۔

(۳) تین تین بار تینوں قل صبح وشام یہی فائدے رکھتے ہیں۔

(۴) صبح وشام تین تین بار بسم اللہ ما شاء اللہ لا یسوق الخیر الا اللہ ما شاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ ما شاء اللہ ما کان من نعمۃ فمن اللہ ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا کیجیے صبح کا پڑھا شام تک چلتے ڈوبتے چوری سانپ بچھو شیطان قہر حاکم سے امان ہے اور شام

Marfat.com

کا صبح تک یہ تعویذ بھیجتا ہوں بازو پر رکھیے۔ اور اللہ تعالےٰ پر توکل کیجیے۔

فقیر احمد شاہ عفی عنہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۳۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادرم سلمہٗ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

مولےٰ تعالیٰ آپ کے ایمان۔ آبرو۔ جان۔ مال کی حفاظت فرمائے بعد نماز عشا ایک سو گیارہ بار "طفیل حضرت دستگیر دشمن ہوئے زیر" پڑھ لیا کیجئے اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور آپ کے والد ماجد صاحب کو مولیٰ تعالےٰ سلامت باکرامت رکھے اُن سے فقیر کا سلام کہیے یہی عمل وہ بھی پڑھیں نیز آپ دونوں صاحب ہر نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور علاوہ نمازوں کے ایک ایک بار صبح شام سوتے وقت بعونہٖ تعالیٰ ہر بلا سے حفاظت رہے گی دوپہر ڈھلے سے سورج ڈوبنے تک شام ہے اور آدھی رات ڈھلے سے سورج چمکنے تک صبح اس بیچ میں ایک ایک بار علاوہ نمازوں کے ہو جایا کرے اور ایک بار سوتے وقت۔ آپ کے والد ماجد صاحب کو سلام۔

فقیر احمد شاہ عفی عنہ بھوالی بازار شب ۲۵ ذی الحجہ ۳۹ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادرم دینی و یقینی مولوی عرفان علی سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مولیٰ تعالیٰ مرض دفع فرمائے اور ہر جگہ اہلسنت کی حفاظت کرے شیخ عبداللطیف صاحب مرحوم بہت خوب آدمی اور فقیر کے خالص مخلص تھے مولیٰ تعالیٰ مغفرت فرمائے ان کی تعزیت کسے اور کس پتہ پر لکھوں ہر مکان میں بعد مغرب سات سات بار اذان بآواز بلند ہوا کرے سورہ تغابن شریف روز پانی پر دم کرکے سب اپنے اپنے گھر سب کو پلایا کریں۔ یہ نقش بھیجتا ہوں اس کی نقلیں کرکے بازو پر باندھیں ھ اور م کے چشمے بند نہوں اس صورت کے لکھے جائیں

۷۸۶ ھ ھ ھ ھ ھ // ✻ ء ء ء ء ء ء ء ء ھ و ص م

ہر گھر سے یہ تصدق ہو خوش حال دس سیر گیہوں اور پانچ آنے پیسے متوسط الحال پانچ سیر گیہوں اور ڈھائی آنے پیسے کم استطاعت والے سیر بھر گیہوں اور دو پیسے مسکین سنی مسلمان کو دیں میرا یہ خط مولوی عبدالحق صاحب و مولوی عبدالحی صاحب اور مولوی عبدالاحد صاحب آگئے ہوں تو انہیں اور مولوی حکیم حبیب الرحمٰن خانصاحب اور سب احباب کو دکھا دیجئے۔ ناول حصہ دوم پہنچا اس رسالہ میں میرا کیا ہے یہ تو بفضلہ تعالیٰ آپ کے ایمان کی قوت ہے کہ بعونہ تعالیٰ آپ کی زبان و قلم سے ظاہر ہوتی ہے ولہ الحمد مولےٰ تعالیٰ برکات زیادہ فرمائے دیوار پر کوئی تعویذ چسپاں کرنے کی اجازت نہیں۔

جبکہ یہ بیمہ صرف گورنمنٹ کرتی ہے اور اس میں اپنے نقصان کی کوئی صورت نہیں تو جائز ہے۔ حرج نہیں مگر شرط یہ ہے کہ اوس کے سبب اوس کے ذمہ کسی خلاف شرع احتیاط کی پابندی نہ عائد ہوتی ہو جیسے روزوں یا حج کی ممانعت۔

Marfat.com

برادرم شیخ جمال الدین صاحب کو بھی بعد سلام تمام کارڈ کا مضمون واحد ہے ٹھہریں سب کو دعا دسلام رویت کب کی ہوئی اب طبیعت بحمدہ تعالیٰ پہلے سے اچھی ہے دعا فرمائیں۔

فقیر محمد جعفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

راحت جانم سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مضمون دیکھکر اغلاط بنا کر بھیجد یا حدیث شریف صحیح کا ارشاد ہے۔ ان اللہ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا امور دینھا بے شک اللہ ہر صدی کے ختم پر اس امت کے لیے ایک مجدد بھیجے گا کہ امت کے لیے دین کا ترجمہ تازہ کرے پہلی صدی کے مجدد حضرت عمر بن عبد العزیز تھے دوسری صدی کے مجدد امام شافعی دامام محمد دامام علی رضا دعلی ہذا القیاس یہ خیال کہ صرف مجدد الف ثانی مجدد ہوئے اور یہ کہ مجدد ہزار برس کے بعد ہوتا ہے سب جاہلانہ خیال ہیں میں کل سے بہت پریشان ہوں دعا فرمائیے۔

۵ رجب ۱۳۳۲ھ

فقیر محمد جعفر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادر دینی و یقینی سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

بھوالی شہر در کنار کوئی گاؤں بھی نہیں پہاڑ کی تلی میں چند دکانیں اور مسافروں کے ٹھہرنے کے معدود مکان اس میں جمعہ و عیدین نہیں ہو سکتے نینی تال شہر ہے۔ اس میں صرف دو مسجدیں ہیں ایک چھوٹے بازار اور دوسری بڑے بازار جہاں میرے احباب اہلسنت رہتے ہیں اوس مسجد کا امام ایک دیوبندی ہے سنیوں نے مدتوں سے اس کے پیچھے نماز چھوڑ دی ہے۔ صوفی عنایت حسین صاحب کی دکان میں جمعہ و عید پڑھتے ہیں۔ مجھے انہیں احباب نے نماز پڑھنے کو بلایا تھا۔ اسی دکان میں جہاں مدت سے جمعہ ہوتا ہے۔ میں نے اس رمضان شریف میں ایک جمعہ ادا کیا اس کے بعد بھوالی چلا آیا اور اب جا کر نماز عید پڑھائی عید تو عید جمعہ کے لئے بھی مسجد شرط نہیں مکان دکان شہر کے میدان سب میں ہو سکتا ہے سب احباب کو سلام والسلام

فقیر عفی عنہ شب ۱۵ شوال مکرم ۱۳۳۳ھ از بھوالی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

راحت جان برادر دینی مولوی عرفان علی سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ نفی العار کی کاپیاں ہو ہی ہیں سلامتہ اللہ لاہل السنۃ غالباً آج چھپ گیا ہوگا۔ ماہ مبارک میں مطبع والے بھی بہت سست کام کرتے ہیں قاضی عطا علی صاحب کا مضمون اب شاید لعد رمضان دیکھا جائے آپ کی شادی کب ہے۔ میرا ارادہ ضرور ہے کہ ؎

یہ سر ہو اور وہ سنگ در وہ سنگ در ہو اور یہ سر
رضاؔ وہ بھی اگر چاہیں تو اب دل میں یہ ٹھانی ہے

وقت مرگ قریب ہے اور میرا دل ہند تو ہند مکہ معظمہ میں بھی مرنے کو نہیں چاہتا ہے اپنی خواہش یہی ہے کہ مدینہ طیبہ میں ایمان کے ساتھ موت اور بقیع مبارک میں خیر کے ساتھ دفن نصیب ہو اور وہ قادر ہے بہر حال اپنا خیال ہے مگر جائداد کی جدائی یہ لوگ کسی طرح نہ کرنے دیں گے۔ خریدار کو مجھ تک پہنچنے بھی نہ دیں گے۔ کوئی منقول شی نہیں کہ بازار بھیج کر نیلام کر دی جائے۔ اور خالی ہاتھ بھیک پر گزر کرنے کے لیے جانا نہ شرعاً جائز نہ دل کو گوارا دعا کیجیے کہ ہر بات کا انجام بخیر ہو والسلام

۱۰ ماہ مبارک ۱۳۳۲ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادر دینی دلقینی مولوی عرفان علی سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ فرنگی محلی نے مسلمانوں پر یہ افترا اڑایا کہ انہیں گائے کی قربانی سے خلافت کمیٹی کے کاروبار میں رکاوٹ اور نصاریٰ کی خوشنودی مطلوب ہے حالانکہ ہر مسلمان جانتا ہے کہ مسلمانوں کی قربانی اپنے رب عزوجل کے لیے ہے۔ اور یہ واجب مذہبی ادا کرنے کے واسطے اسی بنا پر اپنے رسالہ قربانی گاؤ مطبوعہ شمس المطابع لکھنو صفحہ ۱۲ پر کہا تم پر گائے کا گوشت حرام ہے اس میں بھی میں حق بجانب ہوں فقہ کی کتب کا مطالعہ کرنے والے واقف ہیں کہ قدوم امیر کی غرض سے جو قربانی ہو اس کا کیا حکم ہے وہ قربانی مردار ہے اور قربانی کرنے والا گنہگار ہے۔ شیخ سدو کے بکرے کے متعلق علماء کے فتوے موجود ہیں تو ظاہر ہے کہ جس قربانی گاؤ میں خوشنودی حکام کی مضمر ہو اس کے حرام ہونے میں اور اس کے گوشت کے مردار ہونے میں کیا وجہ تامل کی ہے اور اسی صفحہ پر اوس سے دو سطر اوپر لکھا "ان کو توبہ کرنا چاہیئے ورنہ اصرار معصیت کبیرہ پر دیہ کفر تک پہنچا دیتا ہے"، فرنگی محلی کے ان اقوال پر شرعی فتویٰ لگایا جا چکا ہے جسے ۱۵ جمادی الاخریٰ ۱۳۳۹ھ کو علماء کے ہاتھ فرنگی محلی کے پاس پہنچا دیا گیا۔ اور فرنگی محل سے آج تک جواب نہ ہو سکا۔ پھر چہ ہمدم ۱۱ رمضان المبارک میں جن امور سے بو دی توبہ شائع کی تھی اوان میں یہ اقوال متعلقہ قربانی بھی داخل ہیں۔ پھر اوس توبہ کو بھی توڑ دیا اور اب پورا عناد و استکبار ہے وہ نقل صدقہ کہ میں نے لکھا تھا مساکین سادات کرام کی بھی نذر کر سکتے ہیں والسلام

فقیر قادری غفرلہ شب ۱۹ ذی الحجہ ۳۹ھ از بھوالی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخدوم دینی و یقینی مولوی عرفان علی بیسلپوری سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ یہ اعلیٰ درجہ کا مقوی روح مقوی قلب نسخہ بھیجتا ہوں میں نے بنایا تھا۔ تیس روپے میں قریب آٹھ سو گولیوں کے بنی تھیں۔ جن میں شائد آٹھ دس میرے کھانے میں آئی ہوں باقی تقسیم ہوگئیں جس نے کھائیں بہت مدح کی یہاں ایک بڑے حکیم صاحب ایک روپیہ فی گولی بیچتے ہیں اور وہ اس کے فائدہ کے نصف درجہ تک نہیں پہنچتیں ان میں حضرات مشائخ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی برکت شامل ہے

حب جواہر

یاقوت رمانی	عقیق یمنی	لیشب سفید	زہر مہرہ اصیل	ورق طلا
۳ مثقال	ایک مثقال	یک دہیم مثقال	۱ مثقال	یک مثقال

در گلاب سرمہ سا سائیدہ حب برابر نخود بندند خوراک یک تا سہ حب۔

آپ کا کارڈ آیا اوس کے جواب میں یہ نسخہ حاضر ہے ایک مثقال ساڑھے چار رتی ہوتا ہے۔ دوسرا نسخہ قہوہ کا لکھتا ہوں۔

قہوہ مقوی معدہ و جگر و دماغ و مشتہی

بہدینہ خشک	دارچینی	قرنفل	الائچی سفید جوکوب		انیسوں
۵ ماشہ	۱½ ماشہ	۵ عدد	۲ ماشہ		۳ ماشہ
گاؤزبان گیلانی	بادرنجبویہ	مویز منقی	عود غرقی	بنات سفید	مشک
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱۰ دانہ	۳ سرخ	۲ تولہ	۲ برنج

گلاب عمدہ تین تولہ مجموعہ ایک خوراک ہے چائے کی طرح جوش دے کر روزانہ پیئیں حسب مزاج ان دواؤں میں کمی بیشی کر سکتے ہیں والسلام

۲۵ شعبان المعظم روز جمعہ مبارکہ ۳۳ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادر دینی و یقینی سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اتنا پریشان و مایوس ہو جانا ہرگز نہ چاہیئے درہائے رحمت کھلے ہوئے ہیں استغاثہ و استعانت حضور سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم و حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے برابر جاری رہے حضور کا توشہ مان لیجئے بلکہ نصف توشہ پہلے کر دیجئے اور پورا بعد کے لیے مان لیجئے توشہ کی اشیاء حسب ذیل ہیں۔

میدہ	گندم	شکر	روغن زرد	مغز بادام	پستہ	کشمش
۵ مار	۵ مار	۵ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار

ناریل	قرنفل	الائچی سفید	دار چینی
۱ مار	½ چھٹانک	½ چھٹانک	½ چھٹانک

والسلام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادر دینی و یقینی راحت جانم مولوی عرفان علی صاحب سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

بعد سلام و دعا مدعا آپ کے مسئلے گم ہو گئے تھے۔ ہجوم کاغذات میں ملے جواب حاضر کرتا ہوں دونوں نسخے نسخہ لبوب میں بعض دوائیں کمیاب ہیں مایہ شتر اعرابی، یوہیں دوسرے نسخہ میں مومیائے معدنی و روغن بلساں وغیرہ اور بعض نجس جیسے مرارۂ گاؤ پیہ شیر ایام استعمال کی نمازیں اعادہ کرنے کا حکم ہے اور بعض کا استعمال قطعی حرام ہے جیسے موئے آدمی مقرض اس سے توبہ و استغفار لازم ہے میں اپنے مجموعہ میں دوائیں کم کر کے لکھنا چاہتا ہوں دریافت فرما لیجئے کہ بغیر ان کے نسخہ خراب تو نہ ہو جائے سب احباب کو سلام و دعا والسلام

۲۲ ربیع الاول شریف ۱۳۳۶ھ

الحمد للہ والصلاۃ علی رسول اللہ وآلہ وصحبہ ومن والاہ کہ

حیات الحضرت ملقب بہ مظہر المناقب کا پہلا حصہ

مبیضہ ہوا الحمد للہ علی ذلک

فقیر قادری ظفر الدین رضوی غفرلہ

۲۱ شعبان المعظم

۱۳۶۹ھ

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com